اظہار الصدف

شرح ارشاد الصرف

از افادات

حضرت مولانا مفتی عبدالسمیع شہید (رحمہ اللہ تعالیٰ)

استاذ المنقول و المعقول جامعة العلوم الاسلامية

(علامہ بنوری ٹاؤن کراچی)

مُرَتّبہ

مولانا محمد وسیم

(تلمیذ حضرت مولانا عبدالسمیع رحمہ اللہ تعالیٰ)

اظهار الصدف

شرح ارشاد الصرف

از افادات

حضرت مولانا مفتی عبدالسمیع شہید (رحمہ اللہ تعالی)
استاذ المنقول والمعقول جامعہ العلوم الاسلامیہ
(علامہ بنوری ٹاؤن کراچی)

مُرَتّبہ

مولانا محمد وسیم
(تلمیذ حضرت مولانا مفتی عبدالسمیع شہید رحمہ اللہ تعالی)

ترتیب وکتابت کے جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

کتاب کا نام ------------- اظہار الصدف شرح ارشاد الصرف

مرتب ---------------- مولانا محمد وسیم

اشاعت ------------- طبع اول محرم ۱۴۲۱ھ / مئی ۲۰۰۰ء

سرورق وکمپوزنگ --------- نقاش گرافکس

قیمت ---------------

ناشر

مولانا مسعود اللہ

578 شبیر ولیج گلشن اقبال بلاک 10-A

عقب مدرسہ تعلیم القرآن

ملنے کا پتہ

اسلامی کتب خانہ

علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

فہرست مضامین

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
صرف کی تعریف	۱۳	خماسی مزید	۲۱
غرض	۱۳	ہفت اقسام	۲۱
موضوع	۱۳	تعریفات	۲۱
واضع	۱۳	دوازدہ اقسام	۲۵
تدوین	۱۳	تعریفات افعال	۲۶
مقدمۃ الصرف	۱۴	تعریفات اسماء	۲۷
سہ اقسام	۱۴	مقدمہ	۲۹
کلمہ کی تعریف	۱۴	چند اہم اصطلاحات	۳۱
اسم کی تعریف	۱۴	دو اہم فائدے	۳۲
فعل کی تعریف	۱۵	**ابواب ثلاثی مجرد صحیح**	۳۳
حرف کی تعریف	۱۵	باب اول ضرب صرف صغیر	۳۳
علامات اسم	۱۵	صرف کبیر فعل ماضی معروف	۳۴
علامات فعل	۱۷	صرف کبیر فعل ماضی مجہول	۳۵
علامت حرف	۱۸	صرف کبیر فعل مضارع معروف	۳۶
شش اقسام	۱۸	صرف کبیر فعل مضارع مجہول	۳۷
ثلاثی مجرد	۲۰	صرف کبیر اسم فاعل	۳۸
ثلاثی مزید	۲۰	صرف کبیر اسم مفعول	۳۹
رباعی مجرد	۲۰	صرف کبیر فعل جحد معروف	۳۹
رباعی مزید	۲۰	صرف کبیر فعل جحد مجہول	۴۰
خماسی مجرد	۲۱	صرف کبیر فعل نفی معروف	۴۱

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
صرف کبیر فعل نفی مجہول	۴۱	قانون ۵	۶۹
گردان فعل نفی مؤکد بلن معروف	۴۳	قانون ۶	۶۹
گردان فعل نفی مؤکد بلن مجہول	۴۴	**نقشہ تقسیم مضارع**	۷۱
صرف کبیر فعل مستقبل	۴۵	قانون ۷	۷۲
معروف بلام تاکید ونون تاکید		قانون ۸	۷۳
صرف کبیر فعل مستقبل	۴۵	قانون ۹	۷۸
مجہول بلام تاکید ونون تاکید		قانون ۱۰	۸۰
صرف کبیر فعل امر حاضر معروف	۴۷	قانون ۱۱	۸۱
صرف کبیر فعل امر حاضر مجہول	۴۸	قانون ۱۲	۸۲
صرف کبیر فعل نہی حاضر معروف	۵۳	قانون ۱۳	۸۳
صرف کبیر فعل نہی حاضر مجہول	۵۴	قانون ۱۴	۸۴
صرف کبیر اسم ظرف	۵۸	قانون ۱۵	۸۶
صرف کبیر اسم آلہ	۵۸	قانون ۱۶	۸۹
صرف کبیر اسم تفضیل	۵۹	قانون ۱۷	۹۲
صرف کبیر فعل تعجب	۶۰	قانون ۱۸	۹۵
نقشہ تقسیم ماضی	۶۱	مضاریب کا قانون	۱۰۰
ماضی بنانے کا طریقہ مع قانون	۶۲	الف ممدودہ ومقصورہ کا قانون	۱۰۳
قانون ۱	۶۳	باب دوم نصر	۱۰۷
قانون ۲	۶۴	باب سوم علم	۱۰۷
قانون ۳	۶۵	شہد شہد شہد کا قانون	۱۰۸
قانون ۴	۶۸	تعلم تتصرف تکتسب کا قانون	۱۰۹

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
باب چہارم منع	۱۱۰	افتعال کا چھٹا قانون	۱۲۷
باب پنجم حسب	۱۱۰	حروف شمشی و قمری کا قانون	۱۳۰
باب ششم شرف	۱۱۱	باب ہفتم انفعال	۱۳۱
الف مفاعل کا قانون	۱۱۵	باب ہشتم استفعال	۱۳۱
ابواب ثلاثی مزید فیہ	۱۱۶	باب نہم افعلال	۱۳۱
باب اول افعال	۱۱۶	باب دہم افعیلال	۱۳۳
ہمزہ وصلی قطعی کا قانون	۱۱۸	باب یازدہم افعوال	۱۳۴
مضارع معروف کا پہلا قانون	۱۱۹	باب دوازدہم افعیعال	۱۳۴
باب دوم تفعیل	۱۲۰	باب سیزدہم افعل	۱۳۵
باب سوم مفاعلہ	۱۲۰	باب چہاردہم افاعل	۱۳۵
باب چہارم تفعل	۱۲۱	ابواب رباعی مجرد	۱۳۶
ماضی معلوم کا قانون	۱۲۱	باب فعللۃ	۱۳۶
مضارع معروف کا دوسرا قانون	۱۲۱	**ابواب رباعی مزید**	۱۳۶
مضارع معروف کا تیسرا قانون	۱۲۲	باب اول تفعلل	۱۳۶
باب پنجم تفاعل	۱۲۲	باب دوم افعنلال	۱۳۷
باب ششم افتعال	۱۲۳	باب سوم افعلال	۱۳۷
افتعال کے قوانین	۱۲۳	**ابواب و قوانین مثال**	
اتعد کا قانون	۱۲۴	باب اول وعد	۱۳۹
اسمع کا قانون	۱۲۴	عدۃ کا پہلا قانون	۱۴۰
اضرب کا قانون	۱۲۵	عدۃ کا دوسرا قانون	۱۴۱
ادغم کا قانون	۱۲۶	میعاد کا قانون	۱۴۲
افتعال کا پانچواں قانون	۱۲۷	وعدت کا قانون	۱۴۳

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
اعداشاح کا کا قانون	۱۴۳	باب دوم ینع	۱۵۴
یعد یعج کا قانون	۱۴۵	باب سوم یتم	۱۵۴
اواعدا کا قانون	۱۴۶	باب چہارم ییس	۱۵۵
یاجل ییجل کا قانون	۱۴۶	باب پنجم یسر	۱۵۵
باب دوم وجل		**ابواب ثلاثی مزید**	۱۵۵
باب سوم وضع	۱۴۷	باب اول ایسر	۱۵۵
باب چہارم ورم	۱۴۷	باب دوم یسر	۱۵۶
باب پنجم وسم	۱۴۸	باب سوم یاسر	۱۲
ابواب ثلاثی مزید فیه	۱۴۸	باب چہارم تیسر	۱۲
باب اول	۱۴۸	باب پنجم تیامن	۱۵۶
باب دوم وحد	۱۴۹	باب ششم اتسر	۱۵۶
باب سوم واطب	۱۴۹	باب ہفتم استیسر	۱۵۷
باب چہارم توحد	۱۴۹	**قوانین اجوف**	
باب پنجم تقاعل	۱۵۰	قال باع کا قانون	۱۵۸
باب ششم اتقد	۱۵۰	التقائے ساکنین کا قانون	۱۶۱
باب ہفتم استوجب	۱۵۰	قلن کا قانون	۱۶۲
باب ہشتم انوقد	۱۵۱	بعن کا قانون	۱۶۵
ابواب مثال یائی	۱۵۱	قیل بیع کا قانون	۱۶۷
باب اول یسر	۱۵۱	یقال یباع کا قانون	۱۷۰
یوسر کا قانون	۱۵۳	قائل بائع کا قانون	۱۷۲

عنوان	صفحہ
قیل کا قانون	۱۷۳
قیال کا قانون	۱۷۳
قویل قویلۃ کا قانون	۱۷۴
قولن کا قانون	۱۷۶
ابواب ثلاثی مجرد اجوف واوی	۱۷۶
باب اول قال	۱۷۶
باب دوم طاح	۱۸۹
باب سوم خاف	۱۸۹
باب چہارم طال	۱۸۹
ابواب ثلاثی مزید فیہ اجوف واوی	۱۹۰
باب اول اقام	۱۹۰
باب دوم حول	۱۹۰
باب سوم قاوم	۱۹۰
باب چہارم تحول	۱۹۱
باب پنجم تناول	۱۹۱
باب ششم اجتلب	۱۹۱
باب ہفتم انقاد	۱۹۱
باب ہشتم استقام	۱۹۲
باب نہم اسود	۱۹۲
باب دہم اسواد	۱۹۳
ابواب ثلاثی مجرد اجوف یائی	۱۹۳

عنوان	صفحہ
باب اول باع	۱۹۳
باب دوم غاط	۱۹۴
باب سوم طاب	۱۹۴
ابواب ثلاثی مزید فیہ	۱۹۴
باب اول اطار	۱۹۴
باب دوم طیب	۱۹۵
باب سوم بایع	۱۹۵
باب چہارم تحیر	۱۹۵
باب پنجم تزاید	۱۹۶
باب ششم اختار	۱۹۶
باب ہفتم انقاس	۱۹۶
باب ہشتم استفاد	۱۹۷
باب نہم ابیض	۱۹۷
باب دہم ابیاض	۱۹۸
قوانین ناقص	۱۹۸
دعا کا قانون	۱۹۸
دعی کا قانون	۱۹۹
دعا کا قانون	۱۹۹
یدعی کا قانون	۲۰۱
دعی کا پہلا قانون	۲۰۲
دعی کا دوسرا قانون	۲۰۳
لم یدع کا قانون	۲۰۴

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
لتدعون کا قانون	۲۰۵	باب دہم اعروری	۲۳۰
فعلی اسمی کا قانون	۲۰۶	**ابواب** ثلاثی مجرد ناقص یائی	۲۳۰
رخایا کا قانون	۲۰۶	باب اول رمی	۲۳۰
رخی کا قانون	۲۰۷	باب دوم خشی	۲۳۱
رموت کا قانون	۲۰۸	باب سوم کنی	۲۳۱
رموکا قانون	۲۰۹	باب چہارم سعی	۲۳۱
ابواب ثلاثی مجرد ناقص واوی	۲۰۹	باب پنجم	۲۳۲
باب اول دعا	۲۰۹	**ابواب** ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی	۲۳۲
باب دوم جثی	۲۲۳	باب اول اصدی	۲۳۲
باب سوم رضی	۲۲۴	باب دوم کی	۲۳۲
باب چہارم محی	۲۲۴	باب سوم رامی	۲۳۳
باب پنجم رخو	۲۲۴	باب چہارم تمنی	۲۳۳
ابواب ثلاثی مزید ناقص واوی	۲۲۷	باب پنجم ترامی	۲۳۳
باب اول اعلی	۲۲۷	باب ششم اختفی	۲۳۴
باب دوم نجی	۲۲۷	باب ہفتم انقضی	۲۳۴
باب سوم ناجی	۲۲۸	باب ہشتم استغنی	۲۳۴
باب چہارم تجنی	۲۲۸	**ابواب** لفیف مفروق	۲۳۵
باب پنجم تراضی	۲۲۸	**ابواب** لفیف مقرون	۲۳۸
باب ششم اعتدی	۲۲۹	**قوانین مہموز**	۲۴۲
باب ہفتم انجلی	۲۲۹	**ابواب مہموز الفاء**	۲۴۹
باب ہشتم استدعی	۲۲۹	**قوانین مضاعف**	۲۶۲
باب نہم ارعوی	۲۳۰	**ابواب مضاعف**	۲۶۶

عرض مرتب

﴿بسم اللہ الرحمن الرحیم﴾
نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

اما بعد: علم الصرف کی اہمیت کے پیش نظر ہر زمانہ میں اور مختلف زبانوں میں اسکی خدمت ہوئی ہے۔ فارسی زبان میں اس علم کی خوب خدمت ہوئی اور اس قدر معیاری ہوئی کہ آج تک مدارس میں علم الصرف کی فارسی کتب نصاب میں شامل ہیں۔ انہیں میں سے ایک ارشاد الصرف ہے جو اپنی شہرت کے باعث محتاج تعارف نہیں۔ اردو میں بھی اس علم کی خدمت ہوئی اور تاحال ہو رہی ہے، لیکن علم صرف میں اردو زبان میں کوئی ایسی کتاب ابھی تک شائع نہیں ہوئی جو مدارس میں فارسی کتب کی جگہ لے سکے۔ نیز جب بدلتے ہوئے حالات نے طلباء میں فارسی زبان سے بے رغبتی پیدا کر دی خاص کر وہ طلباء جو عصری درس گاہوں سے مدارس کی طرف آتے ہیں اور درجہ اعدادیہ پڑھے بغیر درس نظامی کی کتب شروع کرتے ہیں وہ فارسی سے نابلد ہونے کی وجہ سے فارسی کتب سے وحشت محسوس کرتے ہیں اور آج کل عوام میں دینی رغبت کے باعث ایسے طلباء کی تعداد بڑھتی جارہی ہے۔ تو ضرورت اس بات کی تھی کہ اردو زبان میں بھی ایسی کتاب ہو جو طلباء کی تسکین کر سکے۔

استاد محترم حضرت مولانا عبد السمیع صاحب شہید رحمہ اللہ تعالیٰ جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کے ایک نہایت شفیق و مربی اساتذہ کرام میں سے تھے۔ جنہوں نے جامعہ میں علمی و عملی میدان میں نمایاں کارنامے انجام

دیئے۔ استاد محترم کو علوم معقولات و منقولات میں رسوخ حاصل تھا۔ خصوصاً علم الصرف میں حضرت استاد کو مہارت کے ساتھ ایک خاص ذوق بھی حاصل تھا۔ پڑھانے کا انداز سب سے جدا تھا۔ قوانین کا یاد کروانا، ان کا سننا آموختہ کا سننا قوانین کا صیغوں پر اجراء کروانا، طلباء کے شوق میں اضافہ کے لئے ان کا آپس میں مقابلہ کروانا اور اچھا سنانے پر انعام دینا، یہ استاد کا طرء امتیاز تھا۔ پھر اس پر ہی بس نہیں تھا بلکہ درسی اوقات کے علاوہ طلباء پر مستقل محنت تھی۔ اور وہ منظر مجھے بھلائے سے نہیں بھول سکتا جب حضرت شام کو مسجد میں طلباء کو لیکر بیٹھتے تھے اور ان پر جان توڑ محنت کرتے۔ لیکن ان کی اس مصروفیت نے کبھی بھی جامعہ سے متعلق عملی کاموں میں ان کو پیچھے نہیں رہنے دیا مساجد کے انتظامات بیشتر انہی سے متعلق تھے۔ بقر عید میں حضرت خود نفس نفیس مدارس و محلوں میں تشریف لے جاتے اور بلا مبالغہ پورا پورا دن جامعہ کے لئے کھالیں جمع کرنے کی ترتیب میں لگا دیتے۔

سب سے بنیادی چیز حضرت استاد کی طلباء کے ساتھ محبت و شفقت تھی جس کا اثر طلباء پر بھی پڑتا اور وہ انکا سبق شوق سے یاد کرتے۔ بندہ ناچیز کی بھی حضرت والا خوب حوصلہ افزائی فرماتے تھے جس کی وجہ سے بندہ کو بھی علم الصرف سے لگاؤ ہوا اور جب فارغ ہونے کے بعد صرف کے اسباق بندہ کے سپرد ہوئے تو بندہ حضرت کی خدمت میں مشورہ کے لئے حاضر ہوتا رہتا اور حضرت کے بتائے ہوئے انداز سے پڑھانے کی کوشش کرتا، اور جب اپنے شاگردوں کا امتحان حضرت سے دلوایا تو حضرت بہت خوش بھی ہوئے اور بڑی حوصلہ افزائی بھی فرمائی۔

اظہار الصدف شرح ارشاد الصرف دراصل حضرت استاد محترم کی وہ کاپی

ہے جو انہوں نے ابتداء میں طلباء کو ارشاد الصرف کے اسباق پڑھاتے وقت لکھوائی تھی۔ پھر بعد کے طلباء ان کاپیوں کی فوٹو کاپیاں استعمال کرتے رہے۔ حضرت استاد نے اس کاپی کو کتابی شکل میں لانے کے لئے نہ تو اسے کتابی صورت میں ترتیب دیا اور نہ ہی اس سلسلہ میں حضرت کا کوئی ارادہ معلوم تھا۔ الحمد للہ حضرت کے اخلاص کی برکت تھی کہ یہ کاپیاں اس قدر عام ہوئیں کہ بہت سے مدارس میں اساتذہ ان سے پڑھاتے ہیں۔ لیکن کاپیوں کی نقل در نقل کی وجہ سے اس میں کافی سقم آچکا تھا جو مبتدی طلباء کیلئے تشویش کا سبب بنتا تھا جس کا تجربہ دوران تدریس بندہ کو بھی خوب ہوا لہذا بندہ نے اپنے بعض طلباء سے اس کی ازسر نو کتابت کروائی تاکہ نقل میں آسانی ہو لیکن اللہ جزا خیر عطا فرمائے مولانا مسعود اللہ صاحب فاضل جامعہ علوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کا کہ انہوں نے اس کے چھپانے کا بندوبست فرمایا تاکہ طلباء واساتذہ کو سہولت وارزاں قیمت پر تیار کتابی صورت میں کاپی مل جائے جس کے لئے زر کثیر خرچ کر کے اور کافی مشقت اٹھا کر اس کی کمپوزنگ کرائی گئی۔

کتاب کا نام ایثار الصرف شرح ارشاد الصرف رکھنے کا تھا لیکن مولانا عبد الصمد سومرو صاحب نے مشورہ دیا کہ اسکا نام اظہار الصدف رکھا جائے جسے بندہ نے قبول کیا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ ان جملہ اشخاص پر خصوصی عنایت فرمائے جنہوں نے اس کتاب کی تیاری میں کسی قسم کا تعاون کیا، من جملہ انکے مولانا مسعود اللہ صاحب، مولانا عبد الصمد صاحب، محمد ثروت، کاشف اقبال، اسامہ عبد المجید، نیز قارئین سے بھی التجاء ہے کہ حضرت استاد محترم شہید کو اپنی مخلصانہ دعاؤں میں یاد فرمائیں اور ساتھ میں جملہ معاونین کو بھی۔

آخر میں اہل مدارس سے عموماً اور حضرت کے تلامذہ سے خصوصاً درخواست ہے کہ مدارس میں اس کتاب کو رائج فرما کر حضرت کی روح کو ایصال ثواب کا ذریعہ بنیں۔

محتاج دعا

محمد وسیم

۲۷ محرم ۱۴۲۱ھ

مطابق یکم مئی ۲۰۰۰ء

متعلق صفحہ ۱۵۶

باب سوم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ مثال یائی از باب مفاعلة چوں المیاسرة

يَاسَرَ يُيَاسِرُ مُيَاسَرَةً فهو مُيَاسِرٌ و يُوْسِرَ يُيَاسَرُ مُيَاسَرَةً فذاك مُيَاسَرٌ لَمْ يُيَاسِرْ لَمْ يُيَاسَرْ لايُيَاسِرُ لايُيَاسَرُ لَنْ يُيَاسِرَ لَنْ يُيَاسَرَ لَيُيَاسِرَنَّ لَيُيَاسَرَنَّ لَيُيَاسِرَنْ لَيُيَاسَرَنْ الامر منه يَاسِرْ لِتُيَاسَرْ لِيُيَاسِرْ لِيُيَاسَرْ والنهى عنه لاتُيَاسِرْ لاتُيَاسَرْ لايُيَاسِرْ لايُيَاسَرْ الظرف مُيَاسَرٌ مُيَاسَرَانِ مُيَاسَرَاتٌ.

باب چہارم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ مثال یائی از باب تفعل چوں التیسر

تَيَسَّرَ يَتَيَسَّرُ تَيَسُّرًا فهو مُتَيَسِّرٌ و تُيُسِّرَ يُتَيَسَّرُ تَيَسُّرًا فذاك مُتَيَسَّرٌ لَمْ يَتَيَسَّرْ لَمْ يُتَيَسَّرْ لايَتَيَسَّرُ لايُتَيَسَّرُ لَنْ يَتَيَسَّرَ لَنْ يُتَيَسَّرَ لَيَتَيَسَّرَنَّ لَيُتَيَسَّرَنَّ لَيَتَيَسَّرَنْ لَيُتَيَسَّرَنْ الامر منه تَيَسَّرْ لِتُتَيَسَّرْ لِيَتَيَسَّرْ لِيُتَيَسَّرْ والنهى عنه لاتَتَيَسَّرْ لاتُتَيَسَّرْ لايَتَيَسَّرْ لايُتَيَسَّرْ الظرف منه مُتَيَسَّرٌ مُتَيَسَّرَانِ مُتَيَسَّرَاتٌ.

{ بسم اللہ الرحمن الرحیم }

نوٹ: ہر علم کو شروع کرنے سے پہلے چند چیزوں کا جاننا ضروری ہے۔
(۱) تعریف (۲) موضوع (۳) غرض (۴) واضع (۵) تدوین

(۱) صرف کی تعریف

"صرف" کے لغوی معنی ہیں "پھیرنا' ہٹانا' دفع کرنا اور واپس کرنا"۔ اور علمائے صرف کی اصطلاح میں "صرف وہ علم ہے جس سے کلموں کے بنانے اور ادل بدل کے قواعد معلوم ہوں"۔

(۲) غرض

علم صرف کا فائدہ اور غرض یہ ہے کہ "اسکے ذریعے الفاظ اور کلمات کا صحیح تلفظ معلوم کرنا اور ادل بدل کے قواعد کا پہچاننا۔

(۳) موضوع

علم صرف کا موضوع کلمات ثلاثہ ہیں۔ کلمات ثلاثہ سے مراد اسم، فعل اور حرف ہیں۔

فائدہ:۔ موضوع سے مراد وہ چیز ہے جسکے حالات اس علم کے اندر بیان کئے جائیں۔

(۴) واضع

علم صرف کے واضع "معاذ بن مسلم الہروی" ہیں۔

(۵) تدوین

علم صرف کی مختصر تدوین یہ ہے کہ ابو الاسود الدؤلی کے شاگرد معاذ بن مسلم

الہروی (متوفی ۱۸۷ھ) نے اس کو وضع کیا پھر انکے شاگرد ابو الحسن علی کسائی (متوفی ۱۸۹ھ) نے اس علم کو ترقی دی۔ اسکے بعد انکے شاگرد ابو زکریا یحٰی بن زیاد الفراء دیلمی (متوفی ۲۰۷ھ) نے علم صرف کو باقاعدہ طور پر مدون کیا' ورنہ اس سے پہلے یہ علمِ نحو کی ایک شاخ سمجھی جاتی تھی۔

مقدمۃ الصرف

فائدہ :۔ یہاں پر چار چیزوں کا جاننا ضروری ہے :۔

(۱) سہ اقسام (۲) شش اقسام (۳) ہفت اقسام (۴) دوازدہ اقسام

سہ اقسام

کلمہ کی تعریف

"کلمہ" کے لغوی معنی ہیں "زخمی کرنا"۔ اصطلاح میں ایسے اکیلے لفظ کو کہتے ہیں جو ایک معنی پر دلالت کرے۔ جیسے رَجُلٌ ۔

کلمہ کی تین اقسام ہیں :۔

(۱) اسم (۲) فعل (۳) حرف۔ انکو "سہ اقسام" کہتے ہیں۔

اسم کی تعریف

اسم کے لغوی معنی ہیں "داغدار شدن (علامت)' بلند شدن (بلندی)۔ اور اصطلاح میں ایسے کلمے کو کہتے ہیں جو اپنے معنی پر خود بخود دلالت کرے کسی اور کلمہ کے ملائے بغیر اور اس میں تین زمانوں میں سے کوئی زمانہ نہ پایا جائے۔ جیسے غُلَامٌ . رَجُلٌ .

فائدہ :۔ زمانہ کی تین قسمیں ہیں : ماضی ، حال ، مستقبل

☆ماضی گزرے ہوئے زمانے کو کہتے ہیں۔

☆حال موجودہ زمانے کو کہتے ہیں۔
☆مستقبل آنے والے زمانے کو کہتے ہیں۔

فعل کی تعریف

فعل کے لغوی معنی ہیں "کام"۔ اصطلاح میں فعل ایسے کلمے کو کہتے ہیں جو بغیر کسی کلمے کے ملائے اپنے معنی پر خود بخود دلالت کرے اور اس میں تین زمانوں میں سے کوئی زمانہ بھی پایا جائے۔ جیسے ضَرَبَ . یَضرِبُ .

حرف کی تعریف

حرف کے لغوی معنی ہیں "طرف اور کنارہ"۔ اور اصطلاح میں ایسے کلمے کو کہتے ہیں جو بغیر کسی کلمے کے ملائے اپنے معنی پر خود بخود دلالت نہ کرے اور اس میں تین زمانوں میں سے کوئی زمانہ نہ پایا جائے۔ جیسے مِنْ . اِلیٰ .

علاماتِ اسم

اسم کی سترہ علامتیں ہیں

۱۔ کلمہ کے شروع میں الف لام کا آنا جیسے اَلرَّجُلُ . اَلحَمدُ .
۲۔ کلمہ کے شروع میں حرفِ جر کا داخل ہونا جیسے بِزَیْدٍ .

فائدہ : کُل حروفِ جر سترہ ہیں جو کہ مندرجہ ذیل شعر میں مذکور ہیں :

بَاؤ تَاؤ کَاف و لام واؤ مُنْذُ و مُذْخَلاَ
رُبَّ حَاشَا مِنْ عَدَا فِیْ عَنْ عَلٰی حَتّٰی اِلیٰ

۳۔ کلمہ کے آخر میں تنوین کا آنا : جیسے زَیْدٌ . زَیْدًا
۴۔ مضاف کا ہونا : مضاف وہ اسم ہے جسکا تعلق دوسری چیز سے بتایا جائے۔ اسکی پہچان یہ ہے کہ اردو ترجمہ کرتے وقت کا، کے اور کی کے معنی نکلیں

جیسے غُلَامُ زَیْدٍ (زید کا غلام)۔

۵۔ موصوف کا ہونا : موصوف ہر ایسے اسم کو کہتے ہیں جسکی اچھی یا بری حالت بیان کی جائے۔ اسکی پہچان یہ ہے کہ اردو ترجمہ کرتے وقت جو اور جیسا کے معنی نکلیں۔ جیسے رَجُلٌ عَالِمٌ (ایسا مرد جو عالم)۔

۶۔ حرفِ ندا کا داخل ہونا : جیسے یَا اللّٰہُ ۔ حروف ندا کل پانچ ہیں :
(۱)یَا (۲)اَیَا (۳)هَیَا (۴)اَيْ (۵) همزہ مفتوحہ۔

۷۔ تثنیہ کا داخل ہونا : اسکی پہچان یہ ہے کہ کلمہ کے آخر میں نون مکسور اور اس سے پہلے الف یا یاء ساکن ہو۔ اور کلمہ کے شروع میں حروفِ اتین میں سے کوئی حرف نہ ہو۔ جیسے رَجُلَانِ . رَجُلَیْنِ .

۸۔ جمع کا ہونا : اسکی پہچان یہ ہے کہ کلمہ کے آخر میں نونِ مفتوح اور اس سے پہلے واؤ یا یاء ساکن ہو۔ اور کلمہ کے شروع میں حروفِ اتین میں سے کوئی حرف نہ ہو۔ جیسے مُسْلِمُوْنَ . مُسْلِمِیْنَ ۔

۹۔ تصغیر کا ہونا : صرفیوں کی اصطلاح میں لفظ میں ایسی تبدیلی کو کہتے ہیں جو کسی کی قلت یا عظمت یا حقارت پر دلالت کرے۔ اسکی پہچان یہ ہے کہ حرفِ اول کو ضمہ، ثانی کو فتحہ اور تیسری جگہ یاء ساکن ہو۔
جیسے رُجَیْلٌ جو کہ رَجُلٌ کی تصغیر ہے۔

۱۰۔ منسوب کا ہونا : اسکی پہچان یہ ہے کہ آخر والا حرف مشدد ہو۔ جیسے مَکِّیٌّ . مَدَنِیٌّ ۔

۱۱۔ عَلَم کا ہونا : اسکی پہچان یہ ہے کہ کسی چیز یا شخص کا نام ہو۔ جیسے مسْجِدٌ . زَیْدٌ ۔

۱۲۔ حروفِ مشبہ بالفعل میں سے کسی حرف کا داخل ہونا : جیسے اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ ۔
حروفِ مشبہ بالفعل چھ ہیں : اِنَّ ، اَنَّ ، کَاَنَّ ، لٰکِنَّ ، لَیْتَ ، لَعَلَّ .

۱۳۔ الف مقصورہ کا ہونا : اسکی پہچان یہ ہے کہ کلمے کے آخر میں الف کے بعد همزہ نہ ہو۔ جیسے حُبْلٰی (حاملہ عورت)

۱۴۔ الف ممدودہ کا ہونا : اسکی پہچان یہ ہے کہ کلمے کے آخر میں الف کے بعد همزہ ہو۔ جیسے حَمْرَاءُ (سرخ عورت)

۱۵۔ کلمہ کے شروع میں میم زائدہ کا ہونا : جیسے مَضْرُوْبٌ . مَنْصُوْرٌ .

۱۶۔ کلمہ کے آخر میں تاء متحرکہ کا آنا : بشرطیکہ ماقبل بھی متحرک ہو۔ جیسے ضَارِبَةٌ ۔

۱۷۔ مسند الیہ کا ہونا : مسند الیہ اسے کہتے ہیں جسکے متعلق کوئی بات بتائی جائے۔ جیسے زَيْدٌ عَالِمٌ ۔

علامات فعل

علامات فعل پندرہ ہیں :۔

۱۔ کلمہ کے شروع میں حروف اتین میں سے کسی حرف کا آنا۔ جیسے اَضْرِبُ، نَضْرِبُ ۔

۲۔ کلمہ کے شروع میں قَدْ کا آنا۔ جیسے قَدْ ضَرَبَ ۔

۳۔ کلمہ کے شروع میں سین کا آنا۔ جیسے سَيَعْلَمُوْنَ ۔

۴۔ کلمہ کے شروع میں سَوْفَ کا آنا۔ جیسے سَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۔

۵۔ کلمہ کے آخر میں فتحہ (زبر اَ) کا بغیر عامل کے آنا۔ جیسے ضَرَبَ ۔

۶۔ کلمہ کے آخر میں الف علامتِ تثنیہ ضمیر فاعل کا آنا۔ جیسے ضَرَبَا ۔

۷۔ کلمہ کے آخر میں واؤ ساکن علامت جمع مذکر ضمیر فاعل کا آنا۔ جیسے ضَرَبُوْا ۔

۸۔ کلمہ کے آخر میں تائے ساکن علامت تانیث کا آنا۔ جیسے ضَرَبَتْ ۔

۹۔ کلمہ کے آخر میں نون مفتوح علامت جمع مؤنث ضمیر فاعل کا آنا۔ جیسے ضَرَبْنَ ۔

۱۰۔ کلمہ کے آخر میں تَ ، تِ ، تُ کا آنا۔ جیسے ضَرَبْتَ ،ضَرَبْتِ ،ضَرَبْتُ ۔

۱۱۔ کلمہ کے آخر میں تُمْ ، تُمَا ، تُنَّ اور نَا ضمیر کا آنا۔ جیسے ضَرَبْتُمْ ، ضَرَبْتُمَا ، ضَرَبْتُنَّ ، ضَرَبْنَا ۔

۱۲۔ کلمہ کے شروع میں اِنْ ، لَمْ ، لَمَّا ،لامِ امر ،لائے نہی (حروفِ جازم) کا داخل ہونا۔ جیسے اِنْ تضرِبْ.

۱۳۔ کلمہ کے شروع میں اَنْ ، لَنْ ،کَیْ ،اِذَنْ (حروفِ ناصبہ) کا داخل ہونا۔ جیسے لَنْ یَّضْرِبَ۔

۱۴۔ امر کا ہونا۔ جیسے اِضْرِبْ ۔

۱۵۔ کلمہ کے آخر میں نونِ ثقیلہ یا نونِ خفیفہ کا آنا۔ جیسے اِضْرِبَنَّ ، اِضْرِبَنْ ۔

علامت حرف

حرف کی علامت یہ ہے کہ اسم اور فعل کی علامتوں میں سے کوئی علامت نہ پائی جائے۔ جیسے مِنْ . اِلیٰ

شش اقسام

(۱) اسم کی تین قسمیں ہیں

(۱) ثلاثی　　(۲) رباعی　　(۳) خماسی

۱۔ ثلاثی : تین حرف والے اسم کو کہتے ہیں۔ جیسے زَیْدٌ.

۲۔ رباعی : چار حرف والے اسم کو کہتے ہیں۔ جیسے جَعْفَرٌ.

۳۔ خماسی : پانچ حرف والے اسم کو کہتے ہیں۔ جیسے جَحْمَرِشٌ .

(۲) فعل کی دو قسمیں ہیں

۱۔ ثلاثی : تین حرف والے فعل کو کہتے ہیں۔ جیسے ضَرَبَ .

۲۔رباعی: چار حرف والے فعل ہوتے ہیں۔ جیسے دَحْرَجَ .
۳۔ حرف نہ ثلاثی ہوتا ہے نہ رباعی نہ خماسی۔ حرف میں زیادہ سے زیادہ دو حرف ہوتے ہیں۔

حرف کی دو قسمیں ہیں: ا۔حرفِ اصلی ۲۔حرفِ زائد۔

ا۔حرفِ اصلی

حرفِ اصلی وہ ہے جو کہ فاء، عین اور لام کے مقابلے میں آجائے۔ جیسے رَجُلٌ بروزن فَعُلٌ ۔

۲۔ حرفِ زائد

حرفِ زائد وہ ہے جو کہ فاء ، عین اور لام کے مقابلے میں نہ آئے۔ جیسے یَضْرِبُ بروزن یَفْعِلُ۔

فائدہ : جس طرح کسی چیز کے وزن اور ناپ تول کیلئے ایک میزان اور ترازو ہوتا ہے جس سے اس چیز میں کمی بیشی کا پتہ چلتا ہے۔اسی طرح کلامِ عرب میں حرفِ اصلی اور حرفِ زائد کو پہچاننے کیلئے ایک میزان اور ترازو ہے اور وہ میزان اور ترازو فاء، عین اور لام ہے۔

جو حرف فاء، عین اور لام کے مقابلے میں ہو وہ حرفِ اصلی ہے اور جو حرف ان سے زائد ہو وہ حرفِ زائد کہلائیگا۔

فائدہ : ثلاثی چاہے مجرد ہو یا مزید اسکے وزن میں تین حرفِ اصلی ہوتے ہیں جو کہ فاء، عین اور ایک لام ہیں۔اگر صرف تین حرفِ اصلی ہوں تو مجرد ورنہ مزید کہلائیگا۔

اور رباعی چاہے مجرد ہو یا مزید اسکے وزن میں چار حرفِ اصلی ہونگے۔ چار

حرفِ اصلی اس طور پر کہ فاء، عین اور دو لام۔ یہ دونوں لام اصلی ہی کہلائینگے لام مکرر شمار نہیں ہونگے۔ جیسے دَحْرَجَ بروزن فَعْلَلَ۔

اور خماسی مجرد ہو یا مزید اسکے وزن میں پانچ حرفِ اصلی ہوتے ہیں۔ یعنی فاء، عین اور تین لام۔ اور تینوں لام اصلی ہونگے جیسے جَحْمَرِشٌ بروزن فَعْلَلِلٌ۔

۱۔ ثلاثی کی دو قسمیں ہیں :۔ ثلاثی مجرد اور ثلاثی مزید

۲۔ رباعی کی دو قسمیں ہیں :۔ رباعی مجرد اور رباعی مزید

۳۔ خماسی کی دو قسمیں ہیں :۔ خماسی مجرد اور خماسی مزید

ثلاثی مجرد :۔

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جس میں یا جسکے ماضی کے واحد مذکر غائب کے صیغہ میں تین حروفِ اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد نہ ہو جیسے ضَرَبَ بروزن فَعَلَ۔

ثلاثی مزید :۔

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جس میں یا جسکے ماضی کے واحد مذکر غائب کے صیغہ میں تین حروفِ اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد بھی ہو۔ جیسے اَکْرَمَ اِکْرَامًا بروزن اَفْعَلَ اِفْعَالاً۔

رباعی مجرد :۔

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جس میں یا جسکے ماضی کے واحد مذکر غائب کے صیغہ میں چار حروفِ اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد نہ ہو۔ جیسے دَحْرَجَ دِحْرَاجًا بروزن فَعْلَلَ فِعْلاَلاً۔

رباعی مزید :۔

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جس میں یا جسکے ماضی کے واحد مذکر غائب

کے صیغہ میں چار حرفِ اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد بھی ہو۔ جیسے تَدَحْرَجَ تَدَحْرُجًا بروزن تَفَعْلَلَ تَفَعْلُلاً۔

خماسی مجرد :۔

ہر ایسے اسم کو کہتے ہیں جس میں پانچ حروفِ اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد نہ ہو۔ جیسے حَجْمَرِشٌ فَعْلِلٌ۔

خماسی مزید :۔

ہر ایسے اسم کو کہتے ہیں جسمیں پانچ حروفِ اصلی کے علاوہ حرفِ زائد بھی ہو۔ جیسے خَنْدَرِيْسٌ فَعْلَلِيْلٌ۔

ہفت اقسام

نوٹ:۔ کلامِ عرب میں کوئی اسم اور فعل ان سات قسموں میں سے کسی قسم سے خالی نہیں ہوگا اور وہ سات قسمیں یہ ہیں :۔

صحیح ، مثال ، اجوف ، ناقص ، لفیف ، مہموز ، مضاعف۔ یہ سات اقسام مندرجہ ذیل شعر میں شاعر نے کچھ یوں بند کی ہیں :

صحیح است و مثال است و مضاعف
لفیف و ناقص و مهموز واجوف

تعریفات

ا۔ صحیح

"صحیح" کے لغوی معنی ہیں "تندرست"۔ اور اصطلاح میں ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے حروفِ اصلی میں حرفِ علت ، ہمزہ یا دو حرف ایک جنس

کے نہ ہوں۔ جیسے ضَرْبٌ ضرب فعْلٌ فعل ۔

حروفِ علت

حروفِ علت تین ہیں واوٗ الف اور یاء۔ انکو حروفِ علت اسلئے کہتے ہیں کہ عرب لوگ جب بیمار (علیل) ہوتے ہیں تو وائے وائے کہتے ہیں۔ اور علت کے معنی بھی بیماری کے ہیں اسلئے ان کو حروفِ علت کہتے ہیں۔ (اور ان حروف کے کلمے میں آنے سے کلمے میں نقص پیدا ہو جاتا ہے)۔

۲۔ مثال

"مثال" کے لغوی معنی ہیں "ایک جیسا"۔ اور اصطلاح میں ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے فاء کلمہ میں حرفِ علت ہو۔ مثال کی دو قسمیں ہیں : ا۔ مثالِ واوی ۲۔ مثالِ یائی۔

ا۔ مثالِ واوی

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے فاء کلمہ میں حرفِ علت واؤ ہو۔ جیسے وَعْدٌ بروزن فَعْلٌ ۔

۲۔ مثال یائی

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے فاء کلمہ میں حرفِ علت یاء ہو۔ جیسے یَسْرٌ بروزن فَعْلٌ ۔

۳۔ اجوف

"اجوف" کے لغوی معنی ہیں "پیٹ خالی"۔ اور اصطلاح میں ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے عین کلمہ میں حرفِ علت ہو۔ اجوف کی دو قسمیں ہیں :
ا۔ اجوف واوی ۲۔ اجوف یائی

ا۔ اجوفِ واوی

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے عین کلمہ میں حرفِ علت واؤ ہو۔ جیسے قَوْلٌ .قَالَ (جو اصل میں قَوَلَ تھا)۔بروزن فَعْلٌ فَعَلَ ۔

۲۔ اجوفِ یائی

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے عین کلمہ میں حرفِ علت یاء ہو۔ جیسے بَیْعٌ . بَاعَ (جو اصل میں بَیَعَ تھا)بروزن فَعْلٌ فَعَلَ ۔

۴۔ ناقص

"ناقص" کے لغوی معنی ہیں "دُم بریدہ (دُم کٹا)۔ اور اصطلاح میں ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے لام کلمہ میں حرفِ علت ہو۔

ناقص کی دو قسمیں ہیں : ا۔ناقص واوی ۲۔ ناقص یائی۔

ا۔ ناقص واوی

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے لام کلمہ میں حرفِ علت واؤ ہو۔ جیسے دَعْوَةٌ دَعَا (جو اصل میں دَعَوَ تھا)بروزن فَعْلٌ فَعَلَ ۔

۲۔ ناقص یائی

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے لام کلمہ میں حرفِ علت یاء ہو۔ جیسے رَمْیٌ رَمَا (جو اصل میں رَمَیَ تھا)بروزن فَعْلٌ فَعَلَ ۔

۵۔ لفیف

"لفیف" کے لغوی معنی ہیں "لپٹا ہوا"۔ اصطلاح میں ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے حروفِ اصلی میں دو حرفِ علت ہوں۔ لفیف کی دو قسمیں ہیں : ا۔ لفیف مقرون ۲۔ لفیف مفروق۔

۱۔ لفیف مقرون

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے عین اور لام کلمہ میں حرفِ علت ہو۔ جیسے طَيٌّ طَوٰی (جو اصل میں طَوَیَ تھا) بروزن فَعْلٌ فَعَلَ ۔

۲۔ لفیف مفروق

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے فاء اور لام کلمہ میں حرفِ علت ہو۔ جیسے وَشْيٌ وَشٰی (جو اصل میں وَشَیَ تھا) بروزن فَعْلٌ فَعَلَ ۔

وجہ تسمیہ: "لفیف مقرون" کو مقرون اسلئے کہتے ہیں کہ "مقرون" کے معنی ہیں "ملے ہوئے"۔ اس میں بھی دو حرف ملے ہوئے ہیں۔ "لفیف مفروق" کو مفروق اسلئے کہتے ہیں کہ مفروق کے معنی ہیں "جدا کیا ہوا"۔ اس میں بھی دو حرف جدا جدا ہوتے ہیں۔

۶۔ مہموز

"مہموز" کے لغوی معنی ہیں "کوز پشت (یعنی ٹیڑھی کمر والا)"۔ اور اصطلاح میں ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے حرفِ اصلی میں ہمزہ ہو۔ مہموز کی تین قسمیں ہیں: ۱۔ مہموز الفاء ۲۔ مہموز العین ۳۔ مہموز اللام

۱۔ مہموز الفاء

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے فاء کلمہ کی جگہ ھمزہ ہو۔ جیسے أَمْرٌ أَمَرَ فَعْلٌ فَعَلَ.

۲۔ مہموز العین

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے عین کلمہ میں ہمزہ ہو۔ جیسے سَئْلٌ سَئَلَ بروزن فَعْلٌ فَعَلَ۔

۳۔ مہموز اللام

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے لام کلمہ میں ہمزہ ہو۔ جیسے قِراءَۃٌ قَرَءَ بروزن فِعَالَۃٌ فَعَلَ۔

۷۔ مضاعف

"مضاعف" کے لغوی معنی ہیں "دو چند (دوگنا)"۔ اور اصطلاح میں ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے حروفِ اصلی میں دو حرف ایک جیسے ہوں۔ اور علت کے نہ ہوں۔

مضاعف کی دو قسمیں ہیں: ا۔ مضاعف ثلاثی ۲۔ مضاعف رباعی۔

ا۔ مضاعف ثلاثی

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے عین اور لام میں دو حرف ایک جیسے ہوں۔ جیسے مَدٌّ مَدَّ بروزن فَعْلٌ فَعَلَ۔

۲۔ مضاعفِ رباعی

ہر ایسے اسم اور فعل کو کہتے ہیں جسکے فاء اور لامِ اول اور عین اور لامِ دوم کے مقابلے میں دو حرف ایک جیسے ہوں۔ جیسے زَلْزَلَ زِلْزَالاً بروزن فَعْلَلَ فِعْلَالاً۔

دوازدہ اقسام

نوٹ: اسم کی تین قسمیں ہیں: ا۔ مصدر ۲۔ مشتق ۳۔ اسمِ جامد

ا۔ مصدر

وہ اسم ہے جس سے افعال اور اسمائے مشتقہ نکلیں۔ اور اسکے اردو ترجمہ کے آخر میں "نا" آئے۔ اور فارسی ترجمہ کے آخر میں دن یا تن آئے۔ جیسے الضرب "مارنا (زدن)"۔

۲۔ مشتق

مشتق وہ اسم ہے جو مصدر سے اس طور پر نکلا ہوا ہو کہ مصدر کے معنی اور اسکی اصلیت یعنی حروفِ اصلی باقی رہیں صرف اسکی نئی صورت پیدا ہو جائے۔ جیسے ضارب (مارنے والا)۔ اسمیں (ضَرْبٌ) مصدر کے معنی (مار) اور اسکے حروفِ اصلی (ض۔ ر۔ ب) باقی ہیں صرف نئی صورت پیدا ہوئی ہے۔

۳۔ جامد

وہ اسم ہے جس سے نہ کوئی صیغہ نکلے اور نہ وہ کسی صیغہ سے نکلا ہو۔ جیسے رجل ۔

مصدر سے بارہ چیزیں نکلتی ہیں :

چھ افعال : فعل ماضی، فعل مضارع، فعل جحد، فعل نفی، فعل امر، فعل نہی۔

چھ اسماء : اسم فاعل، اسم مفعول، صفتِ مشبہ، اسم ظرف، اسم الہ، اسم تفضیل۔

تعریفاتِ افعال

ا۔ فعل ماضی

وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا زمانۂ گزشتہ میں واقع ہونا سمجھا جائے۔ جیسے ضَرَبَ.

۲۔ فعل مضارع

وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا زمانہ حال یا استقبال میں واقع ہونا سمجھا جائے۔ جیسے یضرب ۔

۳۔ فعل جحد

وہ فعل ہے جس سے ماضی منفی کے معنی سمجھے جائیں۔ جیسے لَمْ یَضْرِبْ ۔

۴۔ فعل نفی (مؤکد بلَن)

وہ فعل ہے جس سے زمانہ استقبال میں فعل کے نفی کی تاکید سمجھی جائے۔ جیسے لَنْ یَضْرِبَ .

۵۔ فعل امر

وہ فعل ہے جس سے کسی کام کے کرنے کا حکم سمجھا جائے۔ جیسے اِضْرِبْ ۔

٦۔ فعلِ نہی

وہ فعل ہے جس سے کسی کام کے نہ کرنے کا حکم سمجھا جائے۔ جیسے لاتَضْرِبْ.

تعریفاتِ اسماء

ا۔اسم فاعل

وہ اسمِ مشتق ہے جو اس ذات کو بتائے جس سے فعل صادر ہویا جسکے ساتھ فعل قائم ہو۔ جیسے ضَارِبٌ ۔

۲۔اسمِ مفعول

وہ اسمِ مشتق ہے جو اس ذات کو بتائے جس پر فعل واقع ہو۔ جیسے مَضْرُوْبٌ (مارا ہوا)۔

۳۔صفتِ مشبہ

وہ اسمِ مشتق ہے جو فعل لازمی سے بنایا جائے اور اس ذات کو بتائے جس میں مصدری معنی بطور ثبوت (یعنی پائیداری) کے پائے جائیں۔ جیسے جَمِیْلٌ (خوبصورت)۔

فائدہ: اسمِ فاعل اور صفتِ مشبہ میں فرق یہ ہے کہ اسمِ فاعل میں صفت

عارضی ہوتی ہے اور صفتِ مشتبہ میں صفت دائمی ہوتی ہے۔ پس ضارب کوئی شخص اس وقت کہلائیگا جب ضَرْبٌ کی صفت اس سے صادر ہو اور جمیل وہ شخص ہے جس میں صفتِ جمال ہمیشہ پائی جائے۔

۴۔ اسم تفضیل

وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتلائے جس میں اوروں کی نسبت معنی مصدری کی زیادتی پائی جائے جیسے اَللّٰہُ اَکْبَرُ (اللہ سب سے بڑا ہے)، اَحْسَنُ (بہ نسبت دوسرے کے اچھا یا خوبصورت)۔

فائدہ :۔ جب فاعل میں مصدری معنیٰ کی زیادتی پائی جائیگی تو وہ اسمِ مبالغہ کہلائیگا۔ جیسے ضَرَّابٌ (بہت مارنے والا)

اسمِ مبالغہ اور تفضیل کا فرق

اسم مبالغہ میں زیادتی فی نفسہٖ ہوتی ہے جبکہ اسمِ تفضیل میں بمقابلہ دوسرے کے۔ جیسے ضراب بمعنی بہت مارنے والا۔ اس میں کسی دوسرے کا لحاظ نہیں اور اَضْرَبُ مِنْ زَیْدٍ (بہت مارنے والا بہ نسبت زید کے)۔

۵۔ اسم آلہ

وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتلائے جو کسی کام کے کرنے کا ذریعہ ہو۔ جیسے مِخْیَطٌ (سینے کا آلہ یعنی سوئی)۔

۶۔ اسمِ ظرف

وہ اسمِ مشتق ہے جو اس زمان یا مکان پر دلالت کرے جس میں کام واقع ہو۔ مشرق (آفتاب نکلنے کی جگہ)

فعل تعجب

وہ فعل ہے جسکے ذریعے کسی چیز پر تعجب کیا جائے۔ مَااَحْسَنَهُ (کتنا اچھا ہے وہ)۔

فائدہ : تعجب عجب سے لیا گیا ہے۔ عجب ایک ایسی عجیب چیز کے علم کو کہتے ہیں جسکے سبب کا پتہ نہ ہو۔

مقدمہ

فائدہ: اسم ثلاثی مجرد کے اوزان دس ہیں :

۱۔ فَعْلٌ جیسے فَلْسٌ بمعنی پیسہ

۲۔ فُعْلٌ جیسے قُفْلٌ بمعنی تالہ

۳۔ فِعْلٌ جیسے حِبْرٌ بمعنی سیاہی

۴۔ فَعَلٌ جیسے فَرَسٌ بمعنی گھوڑا

۵۔ فَعُلٌ جیسے عَضُدٌ بمعنی بازو

۶۔ فَعِلٌ جیسے کَتِفٌ بمعنی کندھا

۷۔ فِعَلٌ جیسے عِنَبٌ بمعنی انگور

۸۔ فِعِلٌ جیسے اِبِلٌ بمعنی اونٹ

۹۔ فُعَلٌ جیسے صُرَدٌ چڑیا بمعنی (لٹو پرندہ)

۱۰۔ فُعُلٌ جیسے عُنُقٌ بمعنی گردن

اسم رباعی مجرد کے اوزان پانچ ہیں

۱۔ فَعْلَلٌ جیسے جَعْفَرٌ بمعنی ندی۔ دودھ دینے والی اونٹنی

۲۔ فُعْلُلٌ جیسے بُرْثُنٌ بمعنی شکاری جانوروں کا پنجہ

۳۔ فِعْلِلٌ جیسے زِبْرِجٌ بمعنی سونا۔ سرخ بادل

۴۔ فِعْلَلٌ جیسے دِرْهَمٌ بمعنی ایک سکہ ہے (جیسے چونی)
۵۔ فِعَلْلٌ جیسے قِمَطْرٌ بمعنی چھوٹے قد کا موٹا آدمی

خماسی مجرد کے اوزان چار ہیں

فَعَلَّلٌ جیسے سَفَرْجَلٌ یعنی بہی دانہ
فَعْلَلِلٌ جیسے جَحْمَرِشٌ یعنی بوڑھی عورت
فُعَلِّلٌ جیسے قُذَعْمِلٌ یعنی موٹا اونٹ
فِعْلَلٌّ جیسے قِرْطَعْبٌ یعنی تھوڑی سے چیز

اسمِ خماسی مزید فیہ کے اوزان پانچ ہیں

۱۔ فَعْلَلُولٌ جیسے عَضْرَفُوطٌ بمعنی چلپاسہ۔ بامنی
۲۔ فِعْلَلُولٌ جیسے قِرْطَبُوسٌ بمعنی تیز رو اونٹنی
۳۔ فُعَلِّيلٌ جیسے خُزَعْبِيلٌ بمعنی ہنسانے والی باتیں
۴۔ فَعَلَّلَى جیسے قَبَعْثَرٰی بمعنی بڑا اونٹ
۵۔ فَعْلَلِيلٌ جیسے خَنْدَرِيسٌ بمعنی پرانی شراب

فائدہ: اسم ثلاثی مزید فیہ اور رباعی مزید فیہ کے اوزان بے شمار ہیں۔

فائدہ: افعال کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ افعالِ متصرفہ ۲۔ افعالِ غیر متصرفہ۔

۱۔ افعال متصرفہ

وہ افعال ہیں جنکی مصدر سے تمام گردانیں ماضی، مضارع، امر و نہی وغیرہ آئیں۔

۲۔ افعالِ غیر متصرفہ

وہ افعال ہیں جنکے مصدر ہی نہ ہوں یا مصدر ہوں لیکن ان سے تمام گردانیں نہ آئیں افعالِ غیر متصرفہ کی تین قسمیں ہیں: ۱) افعالِ مقاربہ ۲) افعالِ مدح وذم

۳) فعل تعجب۔

افعال متصرفہ کی بھی دو قسمیں ہیں: ۱) تامہ ۲) ناقصہ۔

پھر تامہ کی بھی دو قسمیں ہیں: ۱) لازمی ۲) متعدی۔

(۱) لازمی

وہ فعل ہے جو صرف فاعل سے مل کر پورا ہو جائے اور مفعول بہ کو نہ چاہے ۔جیسے ذَهَبَ زَيْدٌ (زید گیا)

(۲) متعدی

وہ فعل ہے جو صرف فاعل سے مل کر پورا نہ ہو بلکہ مفعول بہ کو بھی چاہے۔ جیسے شَرِبَ زَيْدٌ مَاءً (زید نے پانی پیا)۔

چند اہم اصطلاحات

فعل معروف

وہ فعل ہے جسکی نسبت اپنے فاعل کی طرف ہو یعنی جس کا کرنے والا معلوم ہو۔ضَرَبَ زَيْدٌ (زید نے مارا)۔

فعل مجہول

وہ فعل ہے جسکی نسبت مفعول بہ کی طرف ہو یعنی جسکا کرنے والا معلوم نہ ہو۔ ضُرِبَ زَيْدٌ (زید مارا گیا)۔

فعل نفی

اسکو کہتے ہیں جس سے کسی فعل کے نہ ہونے کے معنی سمجھے جائیں۔ مَاضَرَبَ (اس نے نہیں مارا)۔

فعل مثبت

اسکو کہتے ہیں جس سے فعل کے ہونے کے معنی سمجھے جائیں۔ ضَرَبَ (اس نے مارا)۔

نوٹ : ایک کو واحد، دو کو تثنیہ اور دو سے زیادہ کو جمع کہتے ہیں۔

غائب : وہ جو بات کرتے وقت موجود نہ ہو۔

حاضر : وہ جس سے بات کی جائے۔

متکلم : خود بات کرنے والے کو کہتے ہیں۔

دو اہم فائدے

فائدہ (۱) : فعل ماضی معروف ثلاثی مجرد تین وزن پر آتا ہے۔

فَعَلَ جیسے ضَرَبَ ' فَعِلَ جیسے سَمِعَ ' فَعُلَ جیسے کَرُمَ ۔ اور "فَعَلَ (ماضی)" کا مضارع تین وزن پر آتا ہے :۔

اول : فَعَلَ یَفْعِلُ جیسے ضَرَبَ یَضْرِبُ

دوم : فَعَلَ یَفْعُلُ جیسے نَصَرَ یَنْصُرُ

سوم : فَعَلَ یَفْعَلُ جیسے فَتَحَ یَفْتَحُ

اور فَعِلَ ماضی کا مضارع دو وزن پر آتا ہے :۔

اول : فَعِلَ یَفْعَلُ جیسے سَمِعَ یَسْمَعُ۔

دوم : فَعِلَ یَفْعِلُ جیسے حَسِبَ یَحْسِبُ۔

اور فَعُلَ ماضی کا مضارع ایک وزن پر آتا ہے۔

فَعُلَ یَفْعُلُ جیسے کَرُمَ یَکْرُمُ

فائدہ (۲) : ان چھ میں سے تین کو اصول ابواب اور تین کو فروع ابواب کہتے ہیں۔

اصول ابواب

اِصولِ ابواب وہ ہیں جنکے مضارع کے عین کلمہ کی حرکت ماضی کے عین کلمہ کی حرکت کے مخالف ہو۔ وہ تین ابواب یہ ہیں :

ضَرَبَ يَضْرِبُ ' نَصَرَ يَنْصُرُ ' سَمِعَ يَسْمَعُ

فروع ابواب

فروع ابواب وہ ہیں جنکے مضارع کے عین کلمہ کی حرکت ماضی کے عین کلمہ کی حرکت کے موافق ہو۔ وہ تین ابواب یہ ہیں :

فَتَحَ يَفْتَحُ ' حَسِبَ يَحْسِبُ ' كَرُمَ يَكْرُمُ

فائدہ : اصول ابواب کو اصولِ ابواب اس لئے کہتے ہیں کیونکہ ماضی کے معنی جس طرح مضارع کے معنی کے مخالف ہوتے ہیں تو اسی طرح اصل یہ ہے کہ ماضی کے عین کلمہ کی حرکت بھی مضارع کے عین کلمہ کی حرکت کے مخالف ہو اور چونکہ یہ ابواب اپنی اصل پر ہوتے ہیں اسلئے انکو اصولِ ابواب کہتے ہیں۔

اور فروعِ ابواب کو فروعِ ابواب اسلئے کہتے ہیں کہ یہ ابواب ایسے ہیں کہ ان میں ماضی اور مضارع کی عین کلمہ کی حرکت ایک ہوتی ہے اور یہ اصل کے خلاف ہے۔ تو گویا اس طرح پر یہ تین ابواب اپنی اصل پر نہیں اسلئے انکو فروعِ ابواب کہتے ہیں۔

باب اول

صرفِ صغیر ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعَلَ يَفْعِلُ الضَّرْبُ (مارنا)

ضَرَبَ يَضْرِبُ ضَرْباً فَهُوَ ضَارِبٌ وَضُرِبَ يُضْرَبُ ضَرْباً فَذَاكَ مَضْرُوْبٌ لَمْ يَضْرِبْ لَمْ يُضْرَبْ لَايَضْرِبُ لَايُضْرَبُ لَنْ يَضْرِبَ لَنْ

يُضْرب لِيضْرِبَنَّ لِيُضْرِبَنَّ لِيضْرِبنْ لِيُضْرِبنْ الامر منه اِضْرِبْ لِتضْرِبْ لِيَضْرِبْ لِيُضْرَبْ والنهي عنه لاتضْرِبْ لاتُضْرَبْ لايَضْرِبْ لايُضْرَبْ الظرف منه مضْرِبٌ والآلة منه مِضْرَبٌ ومِضْرَبةٌ ومِضْرابٌ وافعل التفضيل المذكر منه اضْرَبُ والمؤنث منه ضُرْبى وفعل التعجب منه ما اضْرَبهُ واضْرِبْ به وضَرُبَ.

بروزن

فَعَلَ يفْعِلُ فعْلاً فهُوَ فاعلٌ وفُعِلَ يُفْعَلُ فعْلاً فذاك مَفْعُوْلٌ لَمْ يفْعِلْ لَمْ يُفْعَلْ لايفْعِلُ لايُفْعَلُ لَنْ يفْعِلَ لَنْ يُفْعَلَ لَيفْعِلَنَّ لَيُفْعَلَنَّ لَيفْعِلَنْ لَيُفْعَلَنْ الامر منه افْعِلْ لِتَفْعِلْ لِيَفْعِلْ لِيُفْعَلْ والنهي عنه لاتفْعِلْ لاتُفْعَلْ لايفْعِلْ لايُفْعَلْ الظرف منه مفْعِلٌ والآلة منه مفْعلٌ ومفْعلةٌ ومفْعالٌ وافْعلُ التفضيل المذكر منه افْعلُ والمؤنث منه فُعْلى وفعل التعجب منه ما افْعلهُ وافْعلْ به وفعُلَ

بابِ اول صرفِ کبیر فعل ماضی معروف ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعَلَ يَفْعِلُ

ضَرَبَ مارا اس ایک آدمی نے صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد۔
ضَرَبَا مارا ان دو آدمیوں نے صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد۔
ضَرَبُوْا مارا ان سب آدمیوں نے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد۔
ضَرَبَتْ مارا اس ایک عورت نے صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد۔
ضَرَبَتَا مارا ان دو عورتوں نے صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد۔
ضَرَبْنَ مارا ان سب عورتوں نے صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد۔

ضَرَبْتَ مارا تو ایک مرد نے صیغہ واحد مذکر حاضر فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد۔
ضَرَبْتُمَا مارا تم دو مردوں نے صیغہ تثنیہ مذکر حاضر فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد۔
ضَرَبْتُمْ مارا تم سب مردوں نے صیغہ جمع مذکر حاضر فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد۔
ضَرَبْتِ مارا تو ایک عورت نے صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد۔
ضَرَبْتُنَّ مارا تم سب عورتوں نے صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد۔
ضَرَبْتُ مارا میں ایک مرد یا عورت نے صیغہ واحد متکلم مشترک فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد۔
ضَرَبْنَا مارا ہم دو مرد یا دو عورتوں یا سب مرد یا سب عورتوں نے صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

ضُرِبَ مارا گیا وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد۔
ضُرِبَا مارے گئے وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد۔
ضُرِبُوا مارے گئے وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد۔
ضُرِبَتْ ماری گئی وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد۔
ضُرِبَتَا ماری گئی وہ دو عورت صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد۔
ضُرِبْنَ ماری گئی وہ سب عورت صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد۔
ضُرِبْتَ مارا گیا تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد۔
ضُرِبْتُمَا مارے گئے تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد۔
ضُرِبْتُمْ مارے گئے تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد۔

ضُرِبْتِ مار ی گئی تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد۔
ضُرِبْتُمَا ماری گئیں تم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد۔
ضُرِبْتُنَّ ماری گئیں تم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد۔
ضُرِبْتُ مارا گیا میں ایک مرد یا ایک عورت صیغہ واحد متکلم مشترک فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد۔
ضُرِبْنَا مارے گئے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں صیغہ جمع متکلم مشترک الخ۔

باب اول صرفِ کبیر فعل مضارع معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

یَضْرِبُ مارتا ہے یا مار یگا وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب ثلاثی مجرد صحیح از باب فعل یفعل۔

یَضْرِبَانِ مارتے ہیں یا مار ینگے وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب ثلاثی مجرد صحیح از باب فعل یفعل۔

یَضْرِبُوْنَ مارتے ہیں یا مار ینگے وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب ثلاثی مجرد صحیح از باب فعل یفعل۔

تَضْرِبُ مارتی ہے یا مار یگی وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب ثلاثی مجرد صحیح الخ۔
تَضْرِبَانِ مارتی ہیں یا ماریگی وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب ثلاثی مجرد صحیح الخ۔
یَضْرِبْنَ مارتی ہیں یا ماریگی وہ سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب ثلاثی مجرد صحیح الخ۔
تَضْرِبُ مارتا ہے یا مار یگا تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر ثلاثی مجرد صحیح الخ۔
تَضْرِبَانِ مارتے ہو یا مارو گے تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر ثلاثی مجرد صحیح الخ۔

تَضْرِبُوْنَ مارتے ہیں یامارو گے تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر ثلاثی مجرد صحیح الخ۔
تَضْرِبِیْنَ مارتی ہے یامار یگی تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر صحیح ثلاثی مجرد الخ۔
تَضْرِبَانِ مارتی ہو یامارو گی تم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر صحیح ثلاثی مجرد الخ۔
تَضْرِبْنَ مارتی ہو یامارو گی تم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر صحیح ثلاثی مجرد الخ۔
اَضْرِبُ مارتا ہوں یامارونگا میں ایک مرد یا ایک عورت صیغہ واحد متکلم مشترک مع الغیر الخ۔
نَضْرِبُ مارتے ہیں یامارینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں صیغہ جمع متکلم مشترک الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل مضارع مجہول صحیح ثلاثی مجرد ازباب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

یُضْرَبُ مارا جاتا ہے یامارا جائیگا وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ.
یُضْرَبَانِ مارے جاتے ہیں یامارے جائینگے وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب ثلاثی مجرد صحیح ازباب الخ۔
یُضْرَبُوْنَ مارے جاتے ہیں یامارے جائینگے وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب ثلاثی مجرد صحیح ازباب الخ۔
تُضْرَبُ ماری جاتی ہے یاماری جائیگی وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب صحیح الخ۔
تُضْرَبَانِ ماری جاتی ہیں یاماری جائینگی وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب صحیح الخ۔
یُضْرَبْنَ ماری جاتی ہیں یاماری جائینگی وہ سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب صحیح الخ۔
تُضْرَبُ مارا جاتا ہے یامارا جائیگا تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر ثلاثی مجرد الخ۔

تُضْرَبَانِ مارے جاتے ہو یا مارے جاؤ گے تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر ثلاثی مجرد الخ۔
تُضْرَبُوْنَ مارے جاتے ہو یا مارے جاؤ گے تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر ثلاثی مجرد الخ۔
تُضْرَبِیْنَ ماری جاتی ہے یا ماری جائیگی تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر صحیح الخ۔
تُضْرَبَانِ ماری جاتی ہو یا ماری جاؤ گی تم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر صحیح الخ۔
تُضْرَبْنَ ماری جاتی ہو یا ماری جاؤ گی تم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر صحیح الخ۔
اُضْرَبُ مارا جاتا ہوں یا مارا جاؤنگا میں ایک مرد یا ایک عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔
نُضْرَبُ مارے جاتے ہیں یا مارے جائینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

باب اول صرفِ کبیر اسمِ فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ.

ضَارِبٌ مارنے والا ایک مرد صیغہ واحد مذکر اسمِ فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ.
ضَارِبَانِ مارنے والے دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر اسمِ فاعل ثلاثی مجرد صحیح از الخ۔
ضَارِبُوْنَ مارنے والے سب مرد صیغہ جمع مذکر اسمِ فاعل ثلاثی مجرد صحیح از الخ۔
ضَرَبَةٌ، ضُرَّابٌ، ضُرَّبٌ، ضُرُبٌ، ضُرَبَاءُ، ضُرْبَانٌ، ضِرَابٌ، ضُرُوْبٌ، اَضْرَابٌ مارنے والے سب مرد صیغہ جمع مذکر مکسر اسمِ فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ.
ضَارِبَةٌ مارنے والی ایک عورت صیغہ واحد مؤنث اسمِ فاعل ثلاثی مجرد صحیح الخ۔
ضَارِبَتَانِ مارنے والی دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث اسمِ فاعل ثلاثی مجرد صحیح الخ۔
ضَارِبَاتٌ مارنے والی سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث سالم اسمِ فاعل ثلاثی مجرد صحیح الخ۔
ضَوَارِبُ مارنے والی سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث مکسر اسمِ فاعل ثلاثی مجرد صحیح الخ۔
ضُرَّبٌ مارنے والی سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث مکسر اسمِ فاعل ثلاثی مجرد صحیح الخ۔
ضُوَیْرِبٌ تھوڑا مارنے والا ایک مرد صیغہ واحد مذکر مصغر اسمِ فاعل الخ۔
ضُوَیْرِبَةٌ تھوڑا مارنے والی ایک عورت صیغہ واحد مؤنث مصغر اسمِ فاعل الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر اسمِ مفعول ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعَلَ یَفْعِلُ

مَضْرُوْبٌ مارا ہوا ایک مرد صیغہ واحد مذکر اسمِ مفعول ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعَلَ یَفْعِلُ۔
مَضْرُوْبَانِ مارے ہوئے دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر اسمِ مفعول ثلاثی مجرد صحیح از الخ۔
مَضْرُوْبُوْنَ مارے ہوئے سب مرد صیغہ جمع مذکر اسم مفعول ثلاثی مجرد صحیح از الخ۔
مَضْرُوْبَةٌ ماری ہوئی ایک عورت صیغہ واحد مؤنث اسم مفعول ثلاثی مجرد صحیح الخ۔
مَضْرُوْبَتَانِ ماری ہوئی دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث اسم مفعول ثلاثی مجرد صحیح الخ۔
مَضْرُوْبَاتٌ ماری ہوئی سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث اسمِ مفعول ثلاثی مجرد صحیح الخ۔
مَضَارِیْبُ مارے ہوئے سب مرد یا سب عورتیں صیغہ جمع مکسر مشترک اسمِ مفعول الخ۔
مُضَیْرِیْبٌ تھوڑا مارا ہوا ایک مرد صیغہ واحد مذکر مصغر اسمِ مفعول الخ۔
مُضَیْرِیْبَةٌ تھوڑا ماری ہوئی ایک عورت صیغہ واحد مؤنث مصغر اسمِ مفعول الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل جحد معروف ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لَمْ یَضْرِبْ نہیں مارا اس ایک مرد نے صیغہ واحد مذکر غائب فعل جحد معروف الخ۔
لَمْ یَضْرِبَا نہیں مارا ان دو مردوں نے صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل جحد معروف الخ۔
لَمْ یَضْرِبُوْا نہیں مارا ان سب مردوں نے صیغہ جمع مذکر غائب فعل جحد معروف الخ۔
لَمْ تَضْرِبْ نہیں مارا اس ایک عورت نے صیغہ واحد مؤنث غائب فعل جحد الخ۔
لَمْ تَضْرِبَا نہیں مارا ان دو عورتوں نے صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل جحد الخ۔
لَمْ یَضْرِبْنَ نہیں مارا ان سب عورتوں نے صیغہ جمع مؤنث غائب فعل جحد الخ۔
لَمْ تَضْرِبْ نہیں مارا تو ایک مرد نے صیغہ واحد مذکر حاضر فعل جحد معروف الخ۔
لَمْ تَضْرِبَا نہیں مارا تم دو مردوں نے صیغہ تثنیہ مذکر حاضر فعل جحد معروف الخ۔
لَمْ تَضْرِبُوْا نہیں مارا تم سب مردوں نے صیغہ جمع مذکر حاضر فعل جحد معروف الخ۔

لَمْ تضرِبی نہیں مارا تو ایک عورت نے صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل جحد معروف الخ۔
لَمْ تضرِبَا نہیں مارا تم دو عورتوں نے صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر فعل جحد معروف الخ۔
لَمْ تَضرِبْنَ نہیں مارا تم سب عورتوں نے صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر فعل جحد الخ۔
لَمْ اَضرِبْ نہیں مارا میں ایک مرد یا ایک عورت نے صیغہ واحد متکلم فعل جحد الخ۔
لَمْ نضرِبْ نہیں مارا ہم دو مرد یا دو عورتوں نے یا سب مرد یا سب عورتوں نے صیغہ جمع متکلم مع الغیر الخ۔

باب اول صرف کبیر فعل جحد مجہول ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفعِلُ۔

لَمْ یُضرَبْ نہیں مارا گیا وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب فعل جحد مجہول الخ۔
لَمْ یُضرَبَا نہیں مارے گئے وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل جحد مجہول الخ۔
لَمْ یُضرَبُوْا نہیں مارا گیا وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب فعل جحد مجہول الخ۔
لَمْ تُضرَبْ نہیں ماری گئی وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب فعل جحد الخ۔
لَمْ تُضرَبَا نہیں ماری گئیں وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل جحد الخ۔
لَمْ یُضرَبْنَ نہیں ماری گئیں وہ سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب فعل جحد مجہول الخ۔
لَمْ تُضرَبْ نہیں مارا گیا تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر فعل جحد مجہول الخ۔
لَمْ تُضرَبَا نہیں مارے گئے تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر فعل جحد مجہول الخ۔
لَمْ تُضرَبُوْا نہیں مارے گئے تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر فعل جحد مجہول الخ۔
لَمْ تُضرَبِی نہیں ماری گئی تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل جحد مجہول الخ۔
لَمْ تُضرَبَا نہیں ماری گئیں تم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر فعل جحد مجہول الخ۔
لَمْ تُضرَبْنَ نہیں ماری گئیں تم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل جحد مجہول الخ۔
لَمْ اُضرَبْ نہیں مارا میں ایک مرد یا ایک عورت نے صیغہ واحد متکلم فعل الخ۔

لَمْ نُضْرَبْ نہیں مارا ہم دو مرد یا دو عورتوں نے یا سب مرد یا سب عورتوں نے صیغہ جمع متکلم فعل جحد مجہول الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل نفی معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لاَ یَضْرِبُ نہیں مارتا ہے یا نہیں ماریگا وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔
لاَیَضْرِبَان نہیں مارتے ہیں یا نہیں مارینگے وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب الخ۔
لاَیَضْرِبُوْنَ نہیں مارتے ہیں یا نہیں مارینگے وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔
لاَتَضْرِبُ نہیں مارتی ہے یا نہیں ماریگی وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔
لاَتَضْرِبَان نہیں مارتی ہیں یا نہیں مارینگی وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب الخ۔
لاَیَضْرِبْنَ نہیں مارتی ہیں یا نہیں ماریں گی وہ سب عورتیں جمع مؤنث غائب الخ۔
لاَتَضْرِبُ نہیں مارتا ہے یا نہیں ماریگا تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔
لاَتَضْرِبَان نہیں مارتے ہو یا نہیں مارو گے تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر الخ۔
لاَتَضْرِبُوْنَ نہیں مارتے ہو یا نہیں مارو گے تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر الخ۔
لاَتَضْرِبِیْنَ نہیں مارتی ہے یا نہیں ماریگی تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر الخ۔
لاَتَضْرِبَان نہیں مارتی ہو یا نہیں مارو گی تم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر الخ۔
لاَتَضْرِبْنَ نہیں مارتی ہو یا نہیں مارو گی تم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر الخ۔
لاَاَضْرِبُ نہیں مارتا ہوں یا نہیں مارونگا میں ایک مرد یا ایک عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔

لاَنَضْرِبُ نہیں مارتے ہیں یا نہیں مارینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل نفی مجہول ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لاَیُضْرَبُ نہیں مارا جاتا ہے یا نہیں مارا جائیگا وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔

لَایُضْرَبَانِ نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائینگے وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب الخ۔
لَایُضْرَبُوْنَ نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائینگے وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔
لَاتُضْرَبُ نہیں ماری جاتی ہے یا نہیں ماری جائینگی وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔
لَاتُضْرَبَانِ نہیں ماری جاتی ہیں یا نہیں ماری جائینگی وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب الخ۔
لَایُضْرَبْنَ نہیں ماری جاتی ہیں یا نہیں ماری جائینگی وہ سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب الخ۔
لَاتُضْرَبُ نہیں مارا جاتا ہے یا نہیں مارا جائیگا تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبَانِ نہیں مارے جاتے ہو یا نہیں مارے جاؤ گے تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبُوْنَ نہیں مارے جاتے ہو یا نہیں مارے جاؤ گے تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبِیْنَ نہیں ماری جاتی ہے یا نہیں ماری جائیگی تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبَانِ نہیں ماری جاتی ہو یا نہیں ماری جاؤ گی تم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبْنَ نہیں ماری جاتی ہو یا نہیں ماری جاؤ گی تم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر الخ۔

لاَأُضْرَبُ نہیں مارا جاتا ہوں یا نہیں مارا جاؤنگا میں ایک مرد یا عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔

لاَنُضْرَبُ نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل نفی مؤکد بلن معلوم ثلاثی مجرد صحیح از بابفَعَلَ یَفْعِلُ۔

لَن یَّضْرِبَ ہرگز نہیں ماریگا وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔

لَن یَّضْرِبَا ہرگز نہیں مارینگے وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب الخ۔

لَن یَّضْرِبُوا ہرگز نہیں مارینگے وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔

لَنْ تَضْرِبْ ہرگز نہیں ماریگی وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔

لَنْ تَضْرِبَا ہرگز نہیں ماریں گی وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب الخ۔

لَنْ یَّضْرِبْنَ ہرگز نہیں ماریں گی وہ سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب الخ۔

لَنْ تَضْرِبَ ہرگز نہیں ماریگا تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔

لَنْ تَضْرِبَا ہرگز نہیں مارو گے تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر الخ۔

لَنْ تَّضْرِبُوْا ہرگز نہیں مارو گے تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر الخ۔

لَنْ تَضْرِبِيْ ہرگز نہیں ماریگی تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر الخ۔

لَنْ تَضْرِبَا ہرگز نہیں مارو گی تم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر الخ۔

لَنْ تَضْرِبْنَ ہرگز نہیں مارو گی تم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر الخ۔

لَنْ اَضْرِبَ ہرگز نہیں مارونگا میں ایک مرد یا ایک عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔

لَنْ نضْرِب　ہرگز نہیں ماریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں صیغہ جمع متکلم۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل نفی مؤکد بلن مجہول ثلاثی مجرد صحیح از بابِ فَعَلَ یَفْعِلُ

لَنْ یُضْرَبَ　ہرگز نہیں مارا جائیگا وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔
لَنْ یُضْرَبَا　ہرگز نہیں مارے جائینگے وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب الخ۔
لَنْ یُضْرَبُوْا　ہرگز نہیں مارے جائینگے وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔
لَنْ تُضْرَبَ　ہرگز نہیں ماری جائیگی وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔
لَنْ تُضْرَبَا　ہرگز نہیں ماری جائینگی وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب الخ۔
لَنْ یُضْرَبْنَ　ہرگز نہیں ماری جائینگی وہ سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب الخ۔
لَنْ تُضْرَبَ　ہرگز نہیں مارا جائیگا تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔
لَنْ تُضْرَبَا　ہرگز نہیں مارے جاؤ گے تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر الخ۔
لَنْ تُضْرَبُوْا　ہرگز نہیں مارے جاؤ گے تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر الخ۔
لَنْ تُضْرَبِیْ　ہرگز نہیں ماری جائیگی تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر الخ۔
لَنْ تُضْرَبَا　ہرگز نہیں ماری جاؤ گی تم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر الخ۔
لَنْ تُضْرَبْنَ　ہرگز نہیں ماری جاؤ گی تم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر الخ۔
لَنْ اُضْرَبَ　ہرگز نہیں مارا جاؤنگا میں ایک مرد یا ایک عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔
لَنْ نُضْرَبَ　ہرگز نہیں مارے جائینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل مستقبل معروف بالام تاکید ونون تاکید ثقیلہ ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لَیَضْرِبَنَّ　ضرور بضرور مار یگا وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔
لَیَضْرِبَانِّ　ضرور بضرور مار ینگے وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب الخ۔
لَیَضْرِبُنَّ　ضرور بضرور مار ینگے وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔
لَتَضْرِبَنَّ　ضرور بضرور مار یگی وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔
لَتَضْرِبَانِّ　ضرور بضرور مار ینگی وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب الخ۔
لَیَضْرِبْنَانِّ　ضرور بضرور مار ینگی وہ سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب الخ۔
لَتَضْرِبَنَّ　ضرور بضرور مار یگا تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔
لَتَضْرِبَانِّ　ضرور بضرور مارو گے تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر الخ۔
لَتَضْرِبُنَّ　ضرور بضرور مارو گے تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر الخ۔
لَتَضْرِبِنَّ　ضرور بضرور مار یگی تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر الخ۔
لَتَضْرِبْنَانِّ　ضرور بضرور مارو گی تم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر الخ۔
لَاَضْرِبَنَّ　ضرور بضرور ماروں گا میں ایک مرد یا ایک عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔
لَنَضْرِبَنَّ　ضرور بضرور مار ینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل مستقبل مجہول بلام تاکید ونون تاکید ثقیلہ ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لَیُضْرَبَنَّ ضرور بضرور مارا جائیگا وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔
لَیُضْرَبَانِّ ضرور بضرور مارے جائینگے وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب الخ۔

لَیُضْرَبُنَّ ضرور بضرور مارے جائینگے وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔
لَتُضْرَبَنَّ ضرور بضرور ماری جائیگی وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔
لَتُضْرَبَانِّ ضرور بضرور ماری جائینگی وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب الخ۔
لَیُضْرَبْنَانِّ ضرور بضرور ماری جائینگی وہ سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب الخ۔
لَتُضْرَبَنَّ ضرور بضرور مارا جائیگا تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔
لَتُضْرَبَانِّ ضرور بضرور مارے جاؤ گے تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر الخ۔
لَتُضْرَبُنَّ ضرور بضرور مارے جاؤ گے تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر الخ۔
لَتُضْرَبِنَّ ضرور بضرور ماری جائیگی تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر الخ۔
لَتُضْرَبَانِّ ضرور بضرور ماری جاؤ گی تم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر الخ۔
لَتُضْرَبْنَانِّ ضرور بضرور ماری جاؤ گی تم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر الخ۔
لَاُضْرَبَنَّ ضرور بضرور مارا جاؤنگا میں ایک مرد یا ایک عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔
لَنُضْرَبَنَّ ضرور بضرور مارے جائینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل مستقبل معروف بالام تاکید و نون تاکید خفیفہ ثلاثی مجرد صحیح الخ۔

لَیَضْرِبَنْ ضرور بضرور ماریگا وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔
لَیَضْرِبُنْ ضرور بضرور مارینگے وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔
لَتَضْرِبَنْ ضرور بضرور ماریگی وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔
لَتَضْرِبَنْ ضرور بضرور ماریگا تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔
لَتَضْرِبُنْ ضرور بضرور مارو گے تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر الخ۔

لَتَضْرِبِنْ ضرور بضرور مارے گی تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر الخ۔
لَاَضْرِبَنْ ضرور بضرور ماروں گا میں ایک مرد یا عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔
لَنَضْرِبَنْ ضرور بضرور ماریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل مستقبل مجہول بالام تاکید و نون تاکید خفیفہ ثلاثی مجرد الخ۔

لَيُضْرَبَنْ ضرور بضرور مارا جائیگا وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔
لَيُضْرَبُنْ ضرور بضرور مارے جائینگے وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔
لَتُضْرَبَنْ ضرور بضرور ماری جائیگی وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔
لَتُضْرَبَنْ ضرور بضرور مارا جائیگا تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔
لَتُضْرَبُنْ ضرور بضرور مارے جاؤ گے تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر الخ۔
لَتُضْرَبِنْ ضرور بضرور ماری جائیگی تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر الخ۔
لَاُضْرَبَنْ ضرور بضرور مارا جاؤنگا میں ایک مرد یا ایک عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔
لَنُضْرَبَنْ ضرور بضرور مارے جائینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل امر حاضر معروف ثلاثی مجرد صحیح از بابِ فَعَلَ يَفْعِلُ۔

اِضْرِبْ مار تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف الخ۔
اِضْرِبَا مارو تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف الخ۔
اِضْرِبُوْا مارو تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف الخ۔

اِضْرِبِیْ مار تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف الخ۔
اِضْرِبَا مارو تم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف الخ۔
اِضْرِبْنَ مارو تم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل امر حاضر معروف مؤکد بانون تاکید ثقیلہ الخ۔

اِضْرِبَنَّ ضرور مار تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف الخ۔
اِضْرِبَانِّ ضرور مارو تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف الخ۔
اِضْرِبُنَّ ضرور مارو تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف الخ۔
اِضْرِبِنَّ ضرور مار تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف الخ۔
اِضْرِبَانِّ ضرور مارو تم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف الخ۔
اِضْرِبْنَانِّ ضرور مارو تم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل امر حاضر معروف بانون تاکید خفیفہ صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

اِضْرِبَنْ ضرور مار تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف الخ۔
اِضْرِبُنْ ضرور مارو تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف الخ۔
اِضْرِبِنْ ضرور مار تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل امر حاضر مجہول ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لِتُضْرَبْ چاہیے کہ مارا جائے تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاصر فعل امر حاضر مجہول الخ۔

لِتُضْرَبَا چاہئیے کہ مارے جاؤتم دومرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر فعل امر حاضر مجہول الخ۔
لِتُضْرَبُوْا چاہئیے کہ مارے جاؤتم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر الخ۔
لِتُضْرَبِيْ چاہئیے کہ ماری جائے توایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر الخ۔
لِتُضْرَبَا چاہئیے کہ ماری جاؤتم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر فعل امر حاضر الخ۔
لِتُضْرَبْنَ چاہئیے کہ ماری جاؤتم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر مجہول الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل امر حاضر مجہول لام بانون تاکید ثقیلہ مجہول الخ۔

لِتُضْرَبَنَّ چاہئیے کہ ضرور مارا جائے توایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔
لِتُضْرَبَانِّ چاہئیے کہ ضرور مارے جاؤتم دو مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔
لِتُضْرَبُنَّ چاہئیے کہ ضرور مارے جاؤتم سب مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔
لِتُضْرَبِنَّ چاہئیے کہ ضروری ماری جائے توایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر الخ۔
لِتُضْرَبَانِّ چاہئیے کہ ضرور ماری جاؤتم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر الخ۔
لِتُضْرَبْنَانِّ چاہئیے کہ ضرور ماری جاؤتم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل امر حاضر مجہول بالام ون تاکید خفیفہ صحیح ازباب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لِتُضْرَبَنْ چاہئیے کہ ضرور مارا جائے توایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔
لِتُضْرَبُنْ چاہئیے کہ ضرور مارے جاؤتم دومرد صیغہ جمع مذکر حاضر الخ۔
لِتُضْرَبِنْ چاہئیے کہ ضرور ماری جائے توایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل امر غائب معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

لِیَضْرِبْ　چاہئیے کہ مارے وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔
لِیَضْرِبَا　چاہئیے کہ ماریں وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب الخ۔
لِیَضْرِبُوْا　چاہئیے کہ ماریں وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔
لِتَضْرِبْ　چاہئیے کہ مارے وہ ایک عورت صیغہ واحد مونث غائب الخ۔
لِتَضْرِبَا　چاہئیے کہ ماریں وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب الخ۔
لِیَضْرِبْنَ　چاہئیے کہ ماریں وہ سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب الخ۔
لِاَضْرِبْ　چاہئیے کہ ماروں میں ایک مرد یا ایک عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔
لِنَضْرِبْ　چاہئیے کہ ماریں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل امر غائب معروف مؤکد بانون تاکید ثقیلہ صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لِیَضْرِبَنَّ　چاہئیے کہ ضرور مارے وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔
لِیَضْرِبَانِّ　چاہئیے کہ ضرور ماریں وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب الخ۔
لِیَضْرِبُنَّ　چاہئیے کہ ضرور ماریں وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔
لِتَضْرِبَنَّ　چاہئیے کہ ضرور مارے وہ ایک عوت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔
لِتَضْرِبَانِّ　چاہئیے کہ ضرور ماریں وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب الخ۔
لِیَضْرِبْنَانِّ　چاہئیے کہ ضرور ماریں وہ سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب الخ۔
لِاَضْرِبَنَّ　چاہئیے کہ ماروں میں ایک مرد یا ایک عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔

لَنَضْرِبَنْ   چاہیے کہ ماریں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

باب اول صرفِ کبیر فعل امر غائب معروف مؤکد بانون تاکید خفیفہ صحیح ازباب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لَیَضْرِبَنْ   چاہیے کہ ضرور مارے وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔

لَیَضْرِبُنْ   چاہیے کہ ضرور ماریں وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔

لَتَضْرِبَنْ   چاہیے کہ ضرور مارے وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔

لَاَضْرِبَنْ   چاہیے کہ ضرور ماروں میں ایک مرد یا عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔

لَنَضْرِبَنْ   چاہیے کہ ضرور ماریں ہم دو مرد یا عورتیں یا سب مرد یا عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

باب اول صرف کبیر فعل امر غائب مجہول ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لِیُضْرَبْ   چاہئے کہ مارا جائے وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔

لِیُضْرَبَا   چاہیے کہ مارے جائیں وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب الخ۔

لِیُضْرَبُوْا   چاہیے کہ مارے جائیں وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔

لِتُضْرَبْ   چاہیے کہ ماری جائے وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔

لِتُضْرَبَا   چاہیے کہ ماری جائیں وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب الخ۔

لِیُضْرَبْنَ   چاہیے کہ ماری جائیں وہ سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب الخ۔

لِاُضْرَبْ   چاہیے کہ مارا جاؤں میں ایک مرد یا عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔

لِنُضْرَبْ   چاہیے کہ مارے جائیں ہم دو مرد یا عورتیں یا سب مرد یا عورتیں صیغہ

جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل امر غائب مجہول مؤکد بانون تاکید ثقیلہ صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لِیُضْرَبَنَّ چاہیے کہ ضرور مارا جائے وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔
لِیُضْرَبَانِّ چاہیے کہ ضرور مارے جائیں وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب الخ۔
لِیُضْرَبُنَّ چاہیے کہ ضرور مارے جائیں وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔
لِتُضْرَبَنَّ چاہیے کہ ضرور ماری جائے وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔
لِتُضْرَبَانِّ چاہیے کہ ضرور ماری جائیں وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب الخ۔
لِیُضْرَبْنَانِّ چاہیے کہ ضرور ماری جائیں وہ سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب الخ۔
لِاُضْرَبَنَّ چاہیے کہ ضرور مارا جاؤں میں ایک مرد یا عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔
لِنُضْرَبَنَّ چاہیے کہ ضرور مارے جائیں ہم دو مرد یا عورتیں یا سب مرد یا عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل امر غائب مجہول مؤکد بانون تاکید خفیفہ صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لِیُضْرَبَنْ چاہیے کہ ضرور مارا جائے وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔
لِیُضْرَبُنْ چاہیے کہ ضرور مارے جائیں وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔
لِتُضْرَبَنْ چاہیے کہ ضرور ماری جائیں وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔
لِاُضْرَبَنْ چاہیے کہ ضرور مارا جاؤں میں ایک مرد یا عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔
لِنُضْرَبَنْ چاہیے کہ ضرور مارے جائیں ہم دو مرد یا عورتیں یا سب مرد یا عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل نہی حاضر معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لَاتَضْرِبْ مت مار تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔
لَاتَضْرِبَا مت مارو تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر الخ۔
لَاتَضْرِبُوْا مت مارو تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر الخ۔
لاتَضْرِبِيْ مت مار تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر الخ۔
لَاتَضْرِبَا مت مارو تم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر الخ۔
لاتَضْرِبْنَ مت مارو تم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل نہی حاضر معروف مؤکد بانون تاکید ثقیلہ صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لاتَضْرِبَنَّ ہرگز نہ مار تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔
لاتَضْرِبَانِّ ہرگز نہ مارو تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر الخ۔
لاتَضْرِبُنَّ ہرگز نہ مار تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر الخ۔
لاتَضْرِبِنَّ ہرگز نہ مار تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر الخ۔
لاتَضْرِبَانِّ ہرگز نہ مارو تم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر الخ۔
لاتَضْرِبْنَانِّ ہرگز نہ مارو تم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل نہی حاضر معروف مؤکد بانون تاکید خفیفہ صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لاتَضْرِبَنْ ہرگز نہ مار تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔

لَاتَضْرِبُنْ ہرگز نہ مارو تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر الخ۔
لَاتَضْرِبِنْ ہرگز نہ مار تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل نہی حاضر مجہول ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لَاتُضْرَبْ نہ مارا جائے تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبَا نہ مارے جاؤ تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبُوْا نہ مارے جاؤ تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبِیْ نہ ماری جائے تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبَا نہ ماری جاؤ تم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبْنَ نہ ماری جاؤ تم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر الخ۔

بابِ اول صرف کبیر فعل نہی حاضر مجہول مؤکد بانون تاکید ثقیلہ صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لَاتُضْرَبَنَّ ہرگز نہ مارا جائے تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبَانِّ ہرگز نہ مارے جاؤ تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبُنَّ ہرگز نہ مارے جاؤ تم سب مرد صیغہ جمع مذکر حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبِنَّ ہرگز نہ ماری جائے تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبَانِّ ہرگز نہ ماری جاؤ تم دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبْنَانِّ ہرگز نہ ماری جاؤ تم سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث حاضر الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل نہی حاضر مجہول مؤکد بانون تاکید خفیفہ صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لَاتُضْرَبَنْ ہرگز نہ مارا جائے تو ایک مرد صیغہ واحد مذکر حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبُنْ ہرگز نہ مارے جاؤ تم دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر حاضر الخ۔
لَاتُضْرَبِنْ ہرگز نہ ماری جائے تو ایک عورت صیغہ واحد مؤنث حاضر الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل نہی غائب معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لَایَضْرِبْ نہ مارے وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔
لَایَضْرِبَا نہ ماریں وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب الخ۔
لَایَضْرِبُوْا نہ ماریں وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔
لَاتَضْرِبْ نہ مارے وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔
لَاتَضْرِبَا نہ ماریں وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب الخ۔
لَایَضْرِبْنَ نہ ماریں وہ سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب الخ۔
لَااَضْرِبْ نہ ماروں میں ایک مرد یا عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔
لَانَضْرِبْ نہ ماریں ہم دو مرد یا عورتیں یا سب مرد یا عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل نہی غائب معروف مؤکد بانون تاکید ثقیلہ صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لَایَضْرِبَنَّ ہرگز نہ مارے وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔
لَایَضْرِبَانِّ ہرگز نہ ماریں وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب الخ۔

لَایَضْرِبُنْ ہرگز نہ ماریں وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔
لَاتَضْرِبَنْ ہرگز نہ مارے وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔
لَاتَضْرِبَانِّ ہرگز نہ ماریں وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب الخ۔
لَایَضْرِبْنَانِّ ہرگز نہ ماریں وہ سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب الخ۔
لَااَضْرِبَنَّ ہرگز نہ ماروں میں ایک مرد یا عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔
لَانَضْرِبَنَّ ہرگز نہ ماریں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل نہی غائب معروف مؤکد بانون تاکید خفیفہ صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لَایَضْرِبَنْ ہرگز نہ مارے وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔
لَایَضْرِبُنْ ہرگز نہ ماریں وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔
لَاتَضْرِبَنْ ہرگز نہ مارتے وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔
لَااَضْرِبَنْ ہرگز نہ ماروں میں ایک مرد یا عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔
لَانَضْرِبَنْ ہرگز نہ ماریں ہم دو مرد یا عورتیں یا سب مرد یا عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل نہی غائب مجہول ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لَایُضْرَبْ نہ مارا جائے وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔
لَایُضْرَبَا نہ مارے جائیں وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب الخ۔
لَایُضْرَبُوْا نہ مارے جائیں وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔
لَاتُضْرَبْ نہ ماری جائے وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔

لَاتُضْرَبَا نہ ماری جائیں وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب الخ۔
لَایُضْرَبْنَ نہ ماری جائیں وہ سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب الخ۔
لَااُضْرَبْ نہ مارا جاؤں میں ایک مرد یا عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔
لَانُضْرَبْ نہ مارے جائیں ہم دو مرد یا عورتیں یا سب مرد یا عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل نہی غائب مجہول بانون تاکید ثقیلہ صحیح ازباب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لَایُضْرَبَنَّ ہرگز نہ مارا جائے وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔
لَایُضْرَبَانِّ ہرگز نہ مارے جائیں وہ دو مرد صیغہ تثنیہ مذکر غائب الخ۔
لَایُضْرَبُنَّ ہرگز نہ مارے جائیں وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔
لَاتُضْرَبَنَّ ہرگز نہ ماری جائے وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔
لَاتُضْرَبَانِّ ہرگز نہ ماری جائیں وہ دو عورتیں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب الخ۔
لَایُضْرَبْنَانِّ ہرگز نہ ماری جائیں وہ سب عورتیں صیغہ جمع مؤنث غائب الخ۔
لَااُضْرَبَنَّ ہرگز نہ مارا جاؤں میں ایک مرد یا عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔
لَانُضْرَبَنَّ ہرگز نہ مارے جائیں ہم دو مرد یا عورتیں یا سب مرد یا عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرف کبیر فعل نہی غائب مجہول مؤکد بانون تاکید خفیفہ صحیح ازباب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

لَایُضْرَبَنْ ہرگز نہ مارا جائے وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب الخ۔
لَایُضْرَبُنْ ہرگز نہ مارے جائیں وہ سب مرد صیغہ جمع مذکر غائب الخ۔

لَاتُضْرَبَنْ ہرگز نہ ماری جائے وہ ایک عورت صیغہ واحد مؤنث غائب الخ۔
لَااُضْرَبَنْ ہرگز نہ مارا جاؤں میں ایک مرد یا ایک عورت صیغہ واحد متکلم الخ۔
لَانُضْرَبَنْ ہرگز نہ مارے جائیں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں صیغہ جمع متکلم الخ۔

بابِ اول صرف کبیر اسمِ ظرف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

مَضْرِبٌ ایک جگہ یا ایک زمانہ مارنے کا صیغہ واحد اسمِ ظرف الخ۔
مَضْرِبَان دو جگہیں یا دو زمانے مارنے کے صیغہ تثنیہ اسمِ ظرف الخ۔
مَضَارِبُ سب جگہیں یا سب زمانے مارنے کے صیغہ جمع اسمِ ظرف الخ۔
مُضَیْرِبٌ سب جگہیں یا سب زمانے مارنے کے صیغہ جمع مکسر اسمِ ظرف الخ۔

بابِ اول صرف کبیر اسمِ آلہ صغریٰ ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

مِضْرَبٌ ایک چھوٹا آلہ مارنے کا صیغہ واحد اسمِ آلہ صغریٰ الخ۔
مِضْرَبَان دو چھوٹے آلے مارنے کے صیغہ تثنیہ اسمِ آلہ صغریٰ الخ۔
مَضَارِبُ سب چھوٹے آلے مارنے کے صیغہ جمع مکسر اسمِ آلہ صغریٰ الخ۔
مُضَیْرِبٌ ایک چھوٹا آلہ تھوڑا مارنے کا صیغہ واحد مصغر اسمِ آلہ صغریٰ الخ۔

باب اول صرف کبیر اسمِ الہ وسطیٰ صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

مِضْرَبَۃٌ ایک درمیانہ آلہ مارنے کا صیغہ واحد اسمِ آلہ وسطیٰ الخ۔
مِضْرَبَتَانِ دو درمیانے آلے مارنے کے صیغہ تثنیہ اسمِ آلہ وسطیٰ الخ۔

مَضَارِبُ سب درمیانے آلے مارنے کے صیغہ جمع مکسر اسمِ آلہ وسطیٰ الخ۔
مُضَيْرِبَةٌ ایک درمیانہ آلہ تھوڑا مارنے کا صیغہ واحد مصغر اسمِ آلہ وسطیٰ الخ۔

باب اول صرفِ کبیر اسمِ آلہ کبریٰ صحیح ازباب فَعَلَ يَفْعِلُ.

مِضْرَابٌ ایک بڑا آلہ مارنے کا صیغہ واحد اسمِ کبریٰ الخ۔
مِضْرَابَانِ دو بڑے آلے مارنے کے صیغہ تثنیہ اسمِ کبریٰ الخ۔
مَضَارِيْبُ سب بڑے آلے مارنے کے صیغہ جمع مکسر اسمِ کبریٰ الخ۔
مُضَيْرِيْبٌ ایک بڑا آلہ تھوڑا مارنے کا صیغہ واحد مصغر اسمِ کبریٰ الخ۔

باب اول صرفِ کبیر اسم تفضیل المذکر صحیح ازباب فَعَلَ يَفْعِلُ۔

اَضْرَبُ ایک مرد زیادہ مارنے والا صیغہ واحد اسمِ تفضیل المذکر الخ۔
اَضْرَبَانِ دو مرد زیادہ مارنے والے صیغہ تثنیہ اسمِ تفضیل المذکر الخ۔
اَضْرَبُوْنَ سب مرد زیادہ مارنے والے صیغہ جمع سالم اسمِ تفضیل المذکر الخ۔
اَضَارِبُ سب مرد زیادہ مارنے والے صیغہ جمع مکسر اسمِ تفضیل المذکر الخ۔
اُضَيْرِبٌ ایک مرد تھوڑا زیادہ مارنے والا صیغہ واحد مصغر اسمِ تفضیل المذکر الخ۔

باب اول صرفِ کبیر اسمِ تفضیل المؤنث ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعَلَ يَفْعِلُ۔

ضُرْبیٰ ایک عورت زیادہ مارنے والی صیغہ واحد اسمِ تفضیل المؤنث الخ۔
ضُرْبَيَانِ دو عورتیں زیادہ مارنے والی صیغہ تثنیہ اسمِ تفضیل المؤنث الخ۔
ضُرْبَيَاتٌ سب عورتیں زیادہ مارنے والی صیغہ جمع سالم اسمِ تفضیل المؤنث الخ۔
ضُرَبٌ سب عورتیں زیادہ مارنے والی صیغہ مکسر اسمِ تفضیل المؤنث الخ۔
ضُرَيْبیٰ ایک عورت تھوڑا زیادہ مارنے والی صیغہ واحد مصغر اسمِ تفضیل المؤنث الخ۔

بابِ اول صرفِ کبیر فعل التعجب ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

مَااَضْرَبَهٗ کتنا اچھا مارا اس ایک مرد نے صیغہ واحد مذکر غائب فعل التعجب الخ۔

وَاَضْرِبْ بِهٖ کتنا اچھا مارا اس ایک مرد نے صیغہ واحد مذکر غائب فعل التعجب الخ۔

وَضَرُبَ کتنا اچھا مارا اس ایک مرد نے صیغہ واحد مذکر غائب فعل التعجب الخ۔

ختم شد مقدمة الصرف و
صرف صغیر و کبیر باب اول

نقشۂ تقسیم ماضی

(یعنی ماضی کے کونسے صیغے کس سے بنتے ہیں)



ضرب لو ضَرْبٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول کو اپنے حال پر چھوڑ کر نی و ته ،یکر آخر سے تنوین تمکن علامتِ اسم کو حذف کر کے اسکو مبنی بر فتحہ بنگے تو ضَرْبٌ سے ضَرَبَ بن جائیگا۔

فائدہ: ماضی کے کل چودہ صیغے ہیں ان میں سے صیغہ واحد مذکر غائب مصدر سے بنتا ہے اور پھر (۱) صیغہ واحد مذکر غائب سے پانچ صیغے تثنیہ مذکر غائب (ضَرَبَا) ،جمع مذکر غائب (ضَرَبُوا) واحد مؤنث غائب (ضَرَبَتْ) ، واحد مذکر حاضر (ضَرَبْتَ) ،واحد متکلم (ضَرَبْتُ) بنتے ہیں۔

اور واحد مذکر حاضر سے تین صیغے تثنیہ مذکر حاضر (ضَرَبْتُمَا) جمع مذکر حاضر (ضَرَبْتُمْ) اور واحد مؤنث حاضر (ضَرَبْتِ) بنتے ہیں۔

اور واحد مؤنث غائب سے دو صیغے تثنیہ مؤنث غائب (ضَرَبَتَا) اور جمع

مؤنث غائب (ضَرَبْنَ) بنتے ہیں۔

اور واحد مؤنث حاضر سے دو صیغے تثنیہ مؤنث حاضر (ضَرَبْتُمَا) اور جمع مؤنث حاضر (ضربْتُنَّ) بنتے ہیں۔

اور واحد متکلم سے ایک صیغہ جمع متکلم مع الغیر مشترک (ضربنا) بنتا ہے۔

بنانے کا طریقہ مع قوانین

ماضی کے بنانے کا طریقہ مع قانون :

ضَرَبَ : ضَرَبَ کو ضَرْبٌ سے اسی طرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول کو اپنے حال پر چھوڑ کر ثانی کو فتحہ دیکر آخر سے تنوین تمکن علامتِ اسم کو حذف کر کے اسکو مبنی بر فتحہ کرینگے تو ضَرْبٌ سے ضَرَبَ بن جائیگا۔

ضَرَبَا : ضَرَبَا کو ضَرَبَ اسطرح بناتے ہیں کہ الف علامت تثنیہ مذکر اور ضمیر فاعل اسکے آخر میں لے آئینگے تو ضَرَبَ سے ضَرَبَا بن جائیگا۔

ضَرَبُوا : کو ضَرَبَ سے اس طرح بناتے ہیں کہ واؤ علامت جمع مذکر اور ضمیر فاعل ما قابل کے ضمہ کے ساتھ اسکے آخر میں لے آئینگے تو ضرب سے ضربوا بن جائیگا۔

ضَرَبَتْ : کو ضَرَبَ سے اس طرح بناتے ہیں کہ تاء ساکن علامت مؤنث کی اسکے آخر میں لے آئیں گے تو ضَرَبَ سے ضَرَبَتْ بن جائیگا۔

ضَرَبَتَا : کو ضَرَبَتْ سے اس طرح بناتے ہیں کہ الف علامتِ تثنیہ کی اور ضمیر فاعل ما قابل کے فتحہ کے ساتھ اسکے آخر میں لائینگے تو ضَرَبَتْ سے ضَرَبَتَا بن جائیگا۔

ضَرَبْنَ : کو ضَرَبَتْ سے اس طرح بناتے ہیں کہ نون مفتوح علامت جمع مؤنث کی اور ضمیر فاعل اسکے آخر میں لائینگے تو ضَرَبَتْنَ بن جائیگا پس دو علامتِ تانیث اکھٹی ہو جائینگی اس طرح کلام عرب میں دو علاماتِ تانیث کا اکھٹا ہونا ناپسندیدہ تھا اسلئے تاء علامت واحد مؤنث کو حذف کر کے اسکے ماقبل کو ساکن کر دیا تاکہ چار حرکتوں

کا پے در پے اکٹھا ہونا لازم نہ آئے تو اسطرح ضَرَبْتَنَ سے ضَرَبْنَ بن جائیگا۔

فائدہ : قانون کے لغوی معنی ہیں مِسْطَرُ الْكِتَابِ (سطریں نکالنے کا آلہ) اور اصطلاح میں قانون ایسے قاعدۂ کلیہ کو کہتے ہیں جو اپنی تمام جزوئیات پر مشتمل ہو۔

فائدہ : مؤنث کی علامتیں آٹھ ہیں جو اس شعر میں مذکور ہیں۔

شعر :

هشت علامات مؤنث رابدان　　تائے ساکن تائے متحرك رابخوان

الف مقصوره و ممدوده شمار　　بعدازان کسره بدان اے یارِ غار

تائے مقدره یائے ساکن رابگیر　　بعد ازان هم نون مفتوح را پذیر

ان آٹھ علاماتِ مؤنث کی مثالیں مندرجہ ذیل ہیں :

(۱) تائے ساکن کی مثال ضَرَبَتْ (۲) تائے متحرک کی مثال ضَارِبَةٌ (۳) الف مقصورہ کی مثال حُبْلٰی (۴) الف ممدودہ کی مثال حَمْرَاءُ (۵) کسرہ کی مثال ضَرَبْتِ (۶) تائے مقدرہ کی مثال ارضٌ (اَرْضٌ دراصل اَرْضَةٌ تھا۔)

(۷) یائے ساکن کی مثال تَضْرِبِيْنَ (۸) نونِ مفتوح کی مثال ضَرَبْنَ

فائدہ : ضَرَبْنَ کی بناء میں دو چیزیں ہیں :

(۱) تاء تانیث کا حذف کرنا۔ (۲) لام کلمہ۔ (ب) کا ساکن کرنا۔

اسلئے ضَرَبْنَ کے دو قانونوں کا ذکر کرنا ضروری ہے۔

قانون (۱)

اجتماع دو علامت تانیث در فعل مطلقاً ممنوع است و در اسم وقتیکه ازیك جنس باشد.

اس قانون کا نام ہے ضربن کا پہلا قانون :

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ دو علامتِ تانیث کا فعل میں جمع ہونا ہر حالت میں

ممنوع ہے۔

ہر حالت کا مطلب یہ ہے کہ دو علامت تانیث کی ایک جنس کی ہوں یا مختلف جنس کی ہوں۔ اور اسم میں دو علامت تانیث کا اکھٹا ہونا اس وقت منع ہے جبکہ ایک جنس سے ہوں۔ اور اگر مختلف جنس سے ہوں تو منع نہیں ہے۔

فعل میں ایک جنس کی مثال نایاب ہے۔ اور مختلف جنس کی مثال ضَربتْنَ ہے۔ اس میں دو علاماتِ تانیث تاء ساکن اور نون مفتوح ہیں پس اس قانون سے تاء کو حذف کر دیا تو ضربنَ بن جائیگا۔

اسم میں ایک جنس کی مثال ضَارِبَاتٌ ہے اور یہ اصل میں ضَارِبَتَاتٌ تھا اور اس میں دو علاماتِ تانیث دو تاء ہیں۔ پس اس قانون سے ایک تاء کو حذف کر دیا تو ضَارِبَاتٌ بن گیا۔

اسم میں مختلف جنس کی مثال ضُربَیَاتٌ ہے۔ اس مثال میں دو علاماتِ تانیث تاء اور یاء ہیں اور یہ مختلف جنس سے ہیں اسلئے یہاں قانون جاری نہیں ہوگا۔

قانون (۲)

اجتماع اربع حرکاتِ متوالیات دریك کلمه و حکم وے ممنوع است.

فائده: کلمہ کا ایک ہونا دو قسم پر ہے: (۱) کلمہ حقیقی (۲) کلمہ حکمی

۱۔ کلمہ حقیقی: وہ ہے جو حقیقت میں ایک ہی کلمہ ہو۔ جیسے دَحْرَجَ

۲۔ کلمہ حکمی: وہ ہے جو حقیقت میں دو کلمے ہوں لیکن شدتِ اتصال کی وجہ سے دو کلموں کو ایک کر دیا گیا ہو۔ یعنی پہلا کلمہ فعل اور دوسرا کلمہ ضمیر مرفوع متصل بارز ہو جیسے ضربْنَ سے لیکر ضربْنَا تک۔ اصل میں ضَرَبَ الگ ہے اور نون ضمیر

فاعل الگ ہے لیکن شدتِ اتصال کی وجہ سے انکوایک کر دیا گیا۔

اس قانون کا نام ہے ضَرَبْنَ کا دوسرا قانون :

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ حقیقی ایک کلمہ یا حکمی ایک کلمہ میں چار حرکتوں کا پے در پے اکھٹا ہونا ممنوع ہے۔ حقیقی ایک کلمہ کی مثال اسم میں جیسے جَعفَرٌ اور فعل میں جیسے دَحرَجَ۔

حکمی ایک کلمہ کی مثال ضَرَبَنَ سے لیکر ضَرَبَنَا تک تواس قانون سے ایک حرکت کو حذف کر کے جَعْفَرٌ ، دَحْرَجَ ، ضَرَبْنَ پڑھا جائیگا۔

ضَرَبْتَ : کو ضَرَبَ سے اس طرح بناتے ہیں کہ تاء مفتوح علامت واحد مذکر مخاطب اور ضمیر فاعل کو ما قبل کے سکون کے ساتھ اسکے آخر میں لے آتے ہیں تو ضرب سے ضربت بن جائیگا۔

ضَرَبْتُمَا : کو ضَرَبْتَ سے اس طرح بناتے ہیں کہ الف علامت تثنیہ کی اور ضمیر فاعل کو اسکے آخر میں لاکر میم مفتوح ما قبل کے ضمہ کے ساتھ تا اور الف کے درمیان لے آتے ہیں تو ضربت سے ضربتما بن جاتا ہے۔

ضَرَبْتُمْ : کو ضَرَبْتَ سے اسطرح بناتے ہیں کہ واؤ ساکن علامت جمع مذکر اور ضمیر فاعل اسکے آخر میں لاکر میم مضموم ما قبل کے ضمہ کے ساتھ تاء اور واؤ کے درمیان لائینگے تو ضَرَبْتُمُوْ بن جائیگا۔ اب واؤ واقع ہوا اسم مبنی کے آخر میں ما قبل اسکا مضموم تھا تو واؤ کو حذف کر دیا اور میم کو ساکن کیا تو ضربتموا سے ضربتم بن جائیگا۔

قانون (۳)

ہر واوے کہ واقع شود درآخر اسمِ غیر متمکن ما قبلش مضموم آں واؤ را حذف کنند وجوباً مگر واؤ ھو.

اس قانون کا نام ہے ضَرَبْتُمْ کا قانون :

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ ہر ایسا واؤ جو اسم مبنی کے آخر میں واقع ہو ما قبل اسکا مضموم ہو تو ایسے واؤ کا حذف کرنا واجب ہے۔ مگر واؤ "ھو" شاذ ہے یعنی اس میں یہ مندرجہ بالا قانون جاری نہیں ہوگا۔ اسلئے کہ کلمہ کی صائغ بناء تین حروف پر ہوتی ہے اور "ھو" میں تو پہلے سے ہی دو حرف ہوتے ہیں پس اگر واؤ کو بھی حذف کر دیا تو ایک حرف ہ (یعنی ھا) رہ جائیگا تو پتہ نہیں چلے گا کہ حروفِ ہجا میں سے ہے یا ضمیر ہے۔

جہاں یہ قانون جاری ہوا اسکی مثال ضَرَبْتُمُوْا ' اَنْتُمُوْا ' قُمُوْا اور هُمُوْا ہے۔ پس اس قانون سے واؤ کو حذف کر کے میم کو ساکن کرینگے تو ضَرَبْتُمْ ' اَنْتُمْ ' قُمْ اور هُمْ بن جائیگا۔

نوٹ : ایسے اسم مبنی کے آخر میں جب کوئی ضمیر منصوب ملیگی تو واؤ محذوفہ لوٹ کر آئیگا۔ جیسے سَئَلْتُمُوْنِيْهَا ' ضَرَبْتُمُوْهُ ۔

ضَرَبْتِ : کو ضَرَبْتَ سے اس طرح بناتے ہیں کہ فتحہ تاء کو کسرہ سے تبدیل کرینگے تو ضَرَبْتَ سے ضَرَبْتِ بن جائیگا۔

ضَرَبْتُمَا : کو ضَرَبْتِ سے اس طرح بناتے ہیں کہ الف علامتِ تثنیہ اور ضمیر فاعل اسکے آخر میں لاکر میم مفتوح کو ما قبل کے ضمہ کے ساتھ تاء اور الف کے درمیان لے آئینگے تو ضَرَبْتِ سے ضَرَبْتُمَا بن جائیگا۔

ضَرَبْتُنَّ : کو ضَرَبْتِ سے اس طرح بناتے ہیں کہ نون مفتوح علامت جمع مؤنث کی اور ضمیر فاعل اسکے آخر میں لاکر میم ساکن ما قبل کے ضمہ کے ساتھ تاء اور نون کے درمیان لے آئینگے تو ضَرَبْتِ سے ضَرَبْتُمْنَ بن جائیگا اب میم اور نون قریب المخرج تھے اسلئے میم کو نون کر کے نون کو نون میں ادغام کیا تو ضَرَبْتُمْنَ

سے ضَرَبْتُنَّ بن جائیگا۔

ضَرَبْتُ : کو ضَرَبَ سے اسطرح بناتے ہیں کہ تائے مضموم علامت واحد متکلم ضمیر فاعل کو ما قبل کے سکون کے ساتھ اسکے آخر میں لے آئینگے تو ضَرَبَ سے ضَرَبْتُ بن جائیگا۔

ضَرَبْنَا : کو ضَرَبْتُ سے اس طرح بناتے ہیں کہ نا ضمیر فاعل اور جمع متکلم کی علامت کو تُ علامت واحد متکلم ضمیر فاعل کے آخر میں لائینگے تو ضَرَبْتُ سے ضَرَبْنَا بن جائیگا۔

فائدہ : صحیح کے کل ابواب بائیس ہیں۔

ان میں سے چھ ثلاثی مجرد کے اور بارہ مزید فیہ کے ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں :

۱) باب اِفْعَالْ جیسے اَکْرَمَ یُکْرِمُ اِکْرَامًا فھو مُکْرِمٌ

۲) باب تَفعیل جیسے صَرَّفَ یُصَرِّفُ تَصْرِیْفاً فَھُوَ مُصَرِّفٌ

۳) باب مُفاعلہ جیسے ضَارَبَ یُضَارِبُ مُضَارَبَۃً فَھُوَ مُضَارِبٌ

۴) باب تَفَعُّل جیسے تَصَرَّفَ یَتَصَرَّفُ تَصَرُّفاً فَھُوَ مُتَصَرِّفٌ

۵) باب تَفَاعُل جیسے تَضَارَبَ یَتَضَارَبُ تَضَارُباً فَھُوَ مُتَضَارِبٌ

۶) باب اِفْتِعَال جیسے اِکْتَسَبَ یَکْتَسِبُ اِکْتِسَاباً فَھُوَ مُکْتَسِبٌ

۷) باب انْفِعَال جیسے اِنْصَرَفَ یَنْصَرِفُ اِنْصِرَافاً فَھُوَ مُنْصَرِفٌ

۸) باب اِسْتِفْعَال جیسے اِسْتَخْرَجَ یَسْتَخْرِجُ اِسْتِخْرَاجاً فَھُوَ مُسْتَخْرِجٌ

۹) باب اِفْعِلَال جیسے اِحْمَرَّ یَحْمَرُّ اِحْمِرَارًا فَھُوَ مُحْمَرٌّ

۱۰) باب اِفْعِیْلَال جیسے اِحْمَارَّ یَحْمَارُّ اِحْمِیْرَارًا فَھُوَ مُحْمَارٌّ

۱۱) باب اِفْعِوَّال جیسے اِجْلَوَّذَ یَجْلَوِّذُ اِجْلِوَّاذًا فَھُوَ مُجْلَوِّذٌ

۱۲) باب اِفْعِیْعَال جیسے اِحْدَوْدَبَ یَحْدَوْدِبُ اِحْدِیْدَابًا فَھُوَ مُحْدَوْدِبٌ

اور رباعی مجرد کا صرف ایک باب ہے :

۱)باب فَعْلَلَةٌ جیسے دَحْرَجَ یُدَحْرِجُ دَحْرَجَةً فَھُوَ مُدَحْرِجٌ

اور رباعی مزید کے تین ابواب ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں :

۱) باب تَفَعْلُلٌ تَدَحْرَجَ یَتَدَحْرَجُ تَدَحْرُجاً فَھُوَ مُتَدَحْرِجٌ

۲) باب افْعِنْلاَل اِحْرَنْجَمَ یَحْرَنْجِمُ اِحْرِنْجَاماً فَھُوَ مُحْرَنْجِمٌ

۳) باب اِفْعِلاَّل اِقْشَعَرَّ یَقْشَعِرُّ اِقْشِعْرَارًا فَھُوَ مُقْشَعِرٌّ

فائدہ :ان تمام ابواب کے ماضی مجہول کے لئے کل تین قوانین ہیں :

پہلا قانون دس ابواب کیلئے ہے اور وہ دس ابواب یہ ہیں چھ ابواب ثلاثی مجرد کے، تین ابواب ثلاثی مزید فیہ کے یعنی اِفْعَالٌ ' تَفْعِیْلٌ ' مُفَاعَلَةٌ اور ایک بار رباعی مجرد کا یعنی فَعْلَلَةٌ

اور ماضی مجہول کا دوسرا قانون تین ابواب کیلئے ہے اور وہ تین ابواب مندرجہ ذیل ہیں :

(۱) تَفَعُّل (۲) تَفَاعُل (۳) تَفَعْلُلٌ

ماضی مجہول کا تیسرا قانون بقیہ نو ابواب کیلئے ہے۔

قانون (۴)

در ہر ماضی مجہول ثلاثی مجرد و ثلاثی مزید فیہ افعال ' تفعیل ' مفاعلہ و رباعی مجرد فعللة حرف اول را ضمہ و ماقبل آخر کسرہ می دہند و جوباً بشرطیکہ قبل ازاں کسرہ نہ باشد و باقی صیغہائے مثل ماضی معلوم اند.

اس قانون کا نام ہے ماضی مجہول کا پہلا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ ان دس ابواب کے ماضی مجہول کو ماضی معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول کو ضمہ ماقبل آخر کو کسرہ دیتے ہیں

بشرطیکہ پہلے سے ماقبل آخر کو کسرہ نہ ہو جیسے ضَرَبَ سے ضُرِبَ۔ اور اگر پہلے سے ماقبل آخر پر کسرہ موجود ہو تو صرف حرفِ اول کو ضمہ دینگے۔ جیسے عَلِمَ سے عُلِمَ اور حَسِبَ سے حُسِبَ.

قانون (۵)

ھر باب کے در اول ماضی او تائے زائدہ مطردہ باشد در ماضی مجهول او حرفِ اول و ثانی را ضمہ او ماقبل آخر را کسرہ می دهند و جوباً.

اس قانون کا نام ہے ماضی مجہول کا دوسرا قانون

اسکا خلاصہ یہ ہے کہ ان تین ابواب یعنی تفعل، تفاعل اور تفعلل کے ماضی مجہول کو ماضی معروف سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول اور ثانی کو ضمہ اور ماقبل آخر کو کسرہ دیناواجب ہے جیسے تَصَرَّفَ سے تُصُرِّفَ ۔ تَضَارَبَ سے تُضُوْرِبَ۔ تَدَحْرَجَ سے تُدُحْرِجَ۔

قانون (٦)

ھر باب کے در اول ماضی او همزه و صلی باشد در ماضی مجهول او حرفِ اول و ثالث را ضمہ و ماقبل آخر را کسرہ می دهند و جوباً.

اس قانون کا نام ہے ماضی مجہول کا تیسرا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ ان باقی نو ابواب (یعنی جنکے شروع میں ہمزہ وصلی ہوتا ہے) کے ماضی مجہول کو ماضی معروف سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول اور ثالث کو ضمہ اور ماقبل آخر کو کسرہ دیناواجب ہے۔ جیسے اِکْتَسَبَ سے اُکْتُسِبَ ۔

فائدہ : ان بائیس ابواب کے ماضی مجہول کو ماضی معروف سے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ ما قبل آخر کو کسرہ دیکر اس سے پہلے والے ساکن حروف کو اپنے حال پر چھوڑ کر متحرک حروف کو ضمہ دینگے ماضی مجہول کے بنانے کے دو طریقے ہیں :

اول : یہ ہے کہ ضُرِبَ (الی آخرہ) کو ضَرَبَ (الی آخرہ) سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف اول کو ضمہ اور ما قبل آخر کو کسرہ دیتے ہیں یعنی واحد کو واحد سے۔ تثنیہ کو تثنیہ سے۔ جمع کو جمع سے۔ حاضر کو حاضر سے۔ غائب کو غائب سے۔ مذکر کو مذکر سے۔ مؤنث کو مؤنث سے۔ جیسے ضَرَبَ سے ضُرِبَ۔ ضَرَبَا سے ضُرِبَا۔

دوم : دوسرا طریقہ یہ ہے کہ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی مجہول ضُرِبَ کو ضَرَبَ سے بنائینگے اور باقی صیغے ضُرِبَ سے اسطرح بنائینگے جیسے ضَرَبَ سے بنائے تھے۔

مضارع کے بنانے کا طریقہ مع قانون

مضارع کے کل چودہ صیغے ہیں ان میں سے پانچ صیغے واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم اور جمع متکلم (یعنی یَضْرِبُ، تَضْرِبُ، تَضْرِبُ، اَضْرِبُ، نَضْرِبُ) کو ضَرَبَ سے بناتے ہیں۔

اور پھر واحد مذکر غائب فعل مضارع معروف سے دو صیغے بنتے ہیں، صیغہ تثنیہ مذکر غائب اور جمع مذکر غائب یعنی یَضْرِبُ سے یَضْرِبَانِ اور یَضْرِبُوْنَ بنتے ہیں۔

اور واحد مؤنث غائب سے دو صیغے بنتے ہیں، تثنیہ مؤنث غائب اور جمع مؤنث غائب یعنی تَضْرِبُ سے تَضْرِبَانِ اور یَضْرِبْنَ بنتے ہیں۔

اور واحد مذکر حاضر سے تین صیغے تثنیہ مذکر حاضر، جمع مذکر حاضر اور واحد مؤنث حاضر یعنی تَضْرِبُ سے تَضْرِبَانِ، تَضْرِبُوْنَ اور تَضْرِبِیْنَ بنتے ہیں۔

اور پھر واحد مؤنث حاضر سے تثنیہ مؤنث حاضر اور جمع مؤنث حاضر یعنی تَضْرِبِیْنَ سے تَضْرِبَانِ اور تَضْرِبْنَ بنتے ہیں۔

نقشہ تقسیم مضارع

(یعنی مضارع کے کون سے صیغے کس سے بنتے ہیں)



یَضْرِبُ، تَضْرِبُ، تَضْرِبُ، اَضْرِبُ، نَضْرِبُ :

کو ضَرَبَ سے اس طرح بناتے ہیں کہ ایک حرف حروفِ اتین میں سے مفتوح اور سکونِ فاء کلمہ کے ساتھ اسکے ابتداء میں لاکر ما قبل آخر کو کسرہ دیکر انکے آخر میں ضمۂ اعرابی لے آئینگے تو مندرجہ بالا صیغے بن جائینگے۔

یَضْرِبَانِ : کو یَضْرِبُ سے اس طرح بناتے ہیں کہ الف علامت تثنیہ اور ضمیر فاعل ما قبل کے فتحہ کے ساتھ اور نون مکسور عوض اس ضمہ کے جو واحد کے اندر تھا اسکے آخر میں لے آئینگے تو یَضْرِبُ سے یَضْرِبَانِ بن جائیگا۔

یَضْرِبُوْنَ : کو یَضْرِبُ سے اس طرح بناتے ہیں کہ واؤ ساکن علامت جمع مذکر اور ضمیرِ فاعل کو ما قبل کے ضمہ کے ساتھ اور نون مفتوح عوض اُس ضمہ کو جو واحد میں تھا اسکے آخر میں لائینگے تو یَضْرِبُ سے یَضْرِبُوْنَ بن جائیگا۔

تَضْرِبَانِ : کو تَضْرِبُ سے اس طرح بناتے ہیں کہ الف علامت تثنیہ اور ضمیر فاعل فتحہ ما قبل کے ساتھ اسکے آخر میں لاکر اور نون مکسور عوض اس ضمہ کے جو

واحد کے اندر تھا اسکے آخر میں لے آتے ہیں تو تضْرِبُ سے تضْرِبَان بن جائیگا۔

یَضْرِبْنَ :کو تَضْرِبُ سے اس طرح بناتے ہیں کہ نون مفتوح علامت جمع مؤنث کی اور ضمیر فاعل سکون ماقبل کے ساتھ اسکے آخر میں لاکر تاء کو یاء سے بدل دیا تو تَضْرِبُ سے یَضْرِبْنَ بن جائیگا۔

تَضْرِبَان ' تَضْرِبُوْنَ : کو تَضْرِبُ سے اسطرح بناتے ہیں جیسے یَضْرِبُ سے یَضْرِبَان اور یَضْرِبُوْنَ کو بنایا تھا۔

تَضْرِبِيْنَ : کو تَضْرِبُ سے اسطرح بناتے ہیں کہ یائے ساکن علامتِ تانیث اور ضمیر فاعل (بعض علماء کے نزدیک) ماقبل کے کسرہ کے ساتھ اور نون مفتوح عوض اس ضمہ کے جو واحد مذکر کے اندر تھا اسکے آخر میں لے آئینگے تو تَضْرِبُ سے تَضْرِبِيْنَ بن جائیگا۔

تَضْرِبَان :کو تَضْرِبِيْنَ سے اسطرح بناتے ہیں کہ یائے ساکن علامت تانیث کو حذف کر کے اسکے بجائے الف علامتِ تثنیہ اور ضمیر فاعل ماقبل کے فتحہ کے ساتھ لاکر فتحہ نون کو کسرہ سے بدل دیا تو تَضْرِبِيْنَ سے تَضْرِبَان بن جائیگا۔

تَضْرِبْنَ :کو تَضْرِبِيْنَ سے اسطرح بناتے ہیں کہ یاء اور نون واحد کو حذف کر کے اسکے بجائے نون مفتوح علامت جمع مؤنث کی اور ضمیر فاعل ماقبل کے سکون کے ساتھ لے آئیں تو تَضْرِبِيْنَ سے تَضْرِبْنَ بن جائیگا۔

مضارع مجہول کے بنانے کا ایک ہی قانون ہے جو کہ تمام ابواب پر مشتمل ہے۔

قانون (۷)

در ھر مضارع مجھول حرفِ اول را ضمه و ما قبل آخر را فتحه می بد ھندو جوباً. بشرطیکه در مضارع معلوم ضمه بنا شد و باقی صیغھا را برمعلوم قیاس باید کرد.

اس قانون کا نام ہے مضارع مجہول کا قانون

اسکا خلاصہ یہ ہے کہ ان تمام ابواب کے مضارع مجہول کو مضارع معروف سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف اول کو ضمہ اور ما قبل آخر کو فتحہ دیناواجب ہے۔ بشرطیکہ حرفِ اول کو ضمہ اور ما قبل آخر و پہلے سے فتحہ نہ ہو جیسے یضرِبُ سے یُضرَبُ۔ ینصُرُ سے یُنصَرُ۔

اور اگر پہلے سے حرفِ اول کو ضمہ ہوگا تو صرف ما قبل آخر کو فتحہ دینگے۔

جیسے یُکْرِمُ سے یُکْرَمُ.

اور اگر ما قبل آخر کو پہلے سے فتحہ ہوگا تو صرف حرفِ اول کو ضمہ دینگے۔

جیسے یَمْنَعُ سے یُمْنَعُ۔

مختصراً یہ کہ ......

یُضْرَبُ الی آخرہٖ کو یَضرِبُ الی آخرہٖ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول کو ضمہ اور ما قبل آخر کو فتحہ دیتے ہیں تو یَضرِبُ الی آخرہٖ سے یُضْرَبُ الی آخرہٖ بن جاتا ہے۔

(۸) قانون

ہر اسمِ فاعل ثلاثی مجرد غالباً بروزن فاعل می آید ' واز غیر ثلاثی مجرد بروزنِ فعل مضارع معلوم آں باب می آید ' میم مضمومه بجائے حرفِ اتین کسرہ دادن ماقبل آخر را اگر باشد ' و تنوین' تمکّن در آخرش در آرند.

اس قانون کا نام ہے اسمِ فاعل کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ ثلاثی مجرد کے بابوں میں اسمِ فاعل غالباً فاعل

کے وزن پر آتا ہے اور ثلاثی مزید اور رباعی مجرد اور رباعی مزید کے ابواب میں اسم فاعل اس باب کے فعل مضارع معروف کے وزن پر آتا ہے صرف اتنی تبدیلی کی جاتی ہے کہ حرفِ مضارعت کے حذف کرنے کے بعد اسکے بجائے میم مضموم لاکر اور ماقبل آخر کو کسرہ دیکر (بشرطیکہ پہلے سے کسرہ موجود نہ ہو) اور آخر پر تنوین لے آتے ہیں جیسے یَتَصَرَّفُ سے مُتَصَرِّفٌ یَتَدَحْرَجُ سے مُتَدَحْرِجٌ۔

اور اگر پہلے سے کسرہ موجود ہو تو صرف شروع میں میم مضموم لائینگے جیسے يُدَحْرِجُ سے مُدَحْرِجٌ۔

اسمِ فاعل کے بنانے کا طریقہ مع قانون

ثلاثی مجرد کے ابواب میں اسمِ فاعل کو فعل مضارع معروف سے اسطرح بناتے ہیں کہ علامتِ مضارع کو حذف کرنے کے بعد فاء کلمہ کو فتحہ دیکر اسکے بعد الف علامت اسم فاعل کی لاکر عین کلمہ کو کسرہ دیتے ہیں۔ بشرطیکہ پہلے سے کسرہ موجود نہ ہو اور لام کلمہ پر تنوین تمکن علامتِ اسم لے آتے ہیں تو فعل مضارع سے اسمِ فاعل بن جاتا ہے۔

ضَارِبٌ: کو یَضْرِبُ سے اس طرح بناتے ہیں کہ یاء حرفِ مضارعت کو حذف کرنے کے بعد فاء کلمہ کو فتحہ دیکر اسکے بعد الف علامت اسم فاعل لاکر اسکے آخر میں تنوین تمکن علامتِ اسم کو لے آتے ہیں تو یَضْرِبُ سے ضَارِبٌ بن جائیگا۔

ضَارِبَانِ: کو ضَارِبٌ سے اس طرح بناتے ہیں کہ الف علامت تثنیہ کی ماقبل کے فَتحہ کے ساتھ اور نون مکسور عوض اُس ضمہ کے یا تنوین کے یا دونوں کے جو واحد کے اندر تھا اسکے آخر میں لائینگے۔ تو اسطرح ضَارِبٌ سے ضَارِبَانِ بن جائیگا۔

ضَارِبُوْنَ: کو ضَارِبٌ سے اس طرح بناتے ہیں کہ واؤ ساکن علامت جمع مذکر کی

ضمہ ما قبل کے ساتھ اور نون مفتوح عوض اس ضمہ کے یا تنوین کے یا دونوں کے جو واحد کے اندر تھا اسکے آخر میں لے آتے ہیں تو ضَارِبٌ سے ضَارِبُوْن بن جائیگا۔

ضَرَبَةٌ: کو ضَارِبٌ سے اس طرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول کو اپنے حال پر چھوڑ کر ثانی کو حذف کر کے عین اور لام کلمہ کو فتحہ دیکر اور تاء متحرک علامت جمع مذکر مکسر کی اسکے آخر میں لے آتے ہیں اور تنوین کو تاء پر جاری کرتے ہیں تو ضَارِبٌ سے ضَرَبَةٌ بن جائیگا۔

ضُرَّابٌ: کو ضَارِبٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول کو ضمہ دیکر ثانی کو حذف کر کے عین کلمہ کو مشدد مفتوح بناکر اسکے بعد الف علامت جمع مذکر مکسر کی لے آتے ہیں تو ضَارِبٌ سے ضُرَّابٌ بن جاتا ہے۔

ضُرَّبٌ: کو ضَارِبٌ سے اس طرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول کو ضمہ دیکر ثانی کو حذف کرے عین کلمہ کو مشدد مفتوح بنائینگے تو ضَارِبٌ سے ضُرَّبٌ بن جاتا ہے۔

ضُرْبٌ: کو ضَارِبٌ سے اس طرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول کو ضمہ دیکر ثانی کو حذف کر کے عین کلمہ کو ساکن کرینگے تو ضارب سے ضرب بن جائیگا۔

ضُرَبَاءُ: کو ضَارِبٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول کو ضمہ دیکر ثانی کو حذف کر کے عین اور لام کلمہ کو فتحہ دیکر الف ممدودہ علامت جمع مذکر مکسر اسکے آخر میں لاکر تنوین تمکن علامت اسمیت کو غیر منصرف ہونے کی وجہ سے حذف کر دیا تو ضارب سے ضُرَبَاءُ بن گیا۔

ضُرْبَانٌ: کو ضَارِبٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول کو ضمہ دیکر ثانی کو حذف کر کے عین کلمہ کو ساکن کر کے الف اور نون زائدہ علامت جمع مذکر مکسر کی فتحہ ما قبل کے ساتھ اسکے آخر میں لے آئے اور اعراب کو نون پر جاری کیا اسلئے کہ

وہ آخری کلمہ ہے تو ضارب سے ضربان بن جائیگا۔

ضِرَابٌ : کو ضارِبٌ سے اس طرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول کو کسرہ دیکر ثانی کو حذف کر کے تیسری جگہ الف علامت جمع مذکر مکسر کی فتحہ ماقبل کے ساتھ لے آئے تو ضارب سے ضراب بن گیا۔

ضُرُوْبٌ : کو ضَارِبٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول کو ضمہ دیکر ثانی کو حذف کر کے تیسری جگہ واؤ ساکن علامت جمع مذکر مکسر کی ماقبل کے ضمہ کے ساتھ لے آئے تو ضارب سے ضروب بن جائیگا۔

اَضْرَابٌ : کو ضَارِبٌ سے اس طرح بناتے ہیں کہ اسکے شروع میں همزہ مفتوح فاء کلمہ کے سکون کے ساتھ لاکر چوتھی جگہ الف علامت جمع مذکر مکسر کی فتحہ ماقبل کے ساتھ لائینگے تو ضارب سے اضراب بن جائیگا۔

ضَارِبَةٌ : کو ضَارِبٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ تاء متحرکہ علامت تانیث فتحہ ماقبل کے ساتھ اسکے آخر میں لے آتے ہیں اور اعراب کو تاء پر جاری کرتے ہیں کیونکہ وہ آخری کلمہ ہے تو ضارب سے ضاربۃ بن جائیگا۔

ضَارِبَتَان : کو ضَارِبَةٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ الف علامت تثنیہ فتحہ ماقبل کے ساتھ اور نون مکسور عوض ضمہ کے یا تنوین کے یا دونوں کے جو واحد کے اندر تھا اسکے آخر میں لے آئے تو ضاربۃ سے ضاربتان بن جائیگا۔

ضَارِبَاتٌ : کو ضَارِبَةٌ سے اس طرح بناتے ہیں کہ الف اور تاء علامت جمع مؤنث سالم کی فتحہ ماقبل کے ساتھ اسکے آخر میں لے آتے ہیں اور اعراب کو تاء پر جاری کرتے ہیں کیونکہ وہ آخری کلمہ ہے تو ضاربۃ سے ضَارِبَتَاتٌ بن جاتا ہے۔ پس دو علامت تانیث کی اکھٹی ہو گئیں۔ اس طرح دو علامتِ تانیث کا اسم میں اکھٹا ہونا لازم آیا اور یہ ناپسندیدہ تھا اسلئے تائے واحدہ کو حذف کر دیا تو ضاربات بن گیا۔

ضَوَارِبُ : کو ضَارِبَةٌ سے اس طرح بناتے ہیں کہ حرف اول کو اپنے حال پر چھوڑ کر ثانی کو واؤ مفتوح کے ساتھ بدل دیا اسکے بعد الف علامت جمع مؤنث مکسر کی لاکر تائے واحدہ اور تنوینِ تمکن علامتِ اسم کو حذف کر دیا۔ تائے واحدہ کو ضدّیت کی وجہ سے اور تنوین کو غیر منصرف ہونے کی وجہ سے حذف کیا۔ اسلئے کہ تائے واحدہ جمع کے ساتھ ضد ہے اور تنوین کو اسلئے حذف کیا کہ غیر منصرف پر تنوین نہیں آتی تو ضاربة سے ضوارب بن گیا۔

نوٹ : قانون کے خلاصے سے پہلے چند فائدوں کا جاننا ضروری ہے :

(۱) : حروفِ علت کی دو قسمیں ہیں : ۱) مدہ　۲) لین

مدہ : مدہ ہر اُس حرفِ علت کو کہتے ہیں جو ساکن ہو اور ما قبل کی حرکت اسکے موافق ہو۔ یعنی اگر واؤ ہو تو ما قبل مضموم ہو اور اگر الف ہو تو ما قبل مفتوح ہو اور اگر یاء ہو تو ما قبل مکسور ہو۔ جیسے اُوْتِیْنَا ۔

لین : وہ حرفِ علت ہے جو ساکن ہو اور اسکے ما قبل کی حرکت اسکے مخالف ہو۔ جیسے **قَوْلٌ ' بَيْعٌ** ۔

(۲) **حروفِ زائدہ** : وہ حروف ہیں جو فاء ' عین ' لام کلمہ کے مقابلے میں نہ ہوں۔ جیسے اَکْرَمَ بروزن اَفْعَلَ ۔

(۳) : اسمِ مکبّر : وہ اسم ہے جسکی تصغیر آئے جیسے ضاربة (یہ مکبر ہے اسلئے کہ اسکی تصغیر ضُوَیْرِبَةٌ ہے)۔

(۴) جمع اقصیٰ یا جمع منتہی الجموع : یہ وہ جمع ہے جو آخری جمع ہو۔ اسکے بعد کوئی جمع مکسر نہ آئے۔

پہچان :

جمع اقصیٰ یا جمع منتہی الجموع کے پہچاننے کی علامت یہ ہے کہ حرفِ اول اور

ثانی کو فتحہ اور تیسری جگہ الف علامت جمع منتہی الجموع کی ہو اور اگر اسکے بعد ایک حرف ہو تو مشدد ہو۔ جیسے دَوَابُّ۔ اگر دو ہوں تو پہلا مکسور ہو۔ جیسے مَسَاجِدُ۔ اگر تین ہوں تو پہلا مکسور اور درمیان والا ساکن ہو جیسے مَصَابِیْحُ۔

(۵) اوزان جمع منتہی الجموع

جمع منتہی الجموع کے کل گیارہ اوزان ہیں جو مع اپنی امثلہ کے درج ذیل ہیں:

وزن	مثال	وزن	مثال
فَعَالِنُ	خَفَالِنُ	فَعَالِیْنُ	سَلَاطِیْنُ
اَفَاعِلُ	اَضَارِبُ	اَفَاعِیْلُ	اَکَالِیْبُ
مَفَاعِلُ	مَسَاجِدُ	مَفَاعِیْلُ	مَضَارِیْبُ
فَعَاوِلُ	عَجَاوِرُ	فَوَاعِلُ	ضَوَارِبُ
فَعَایِلُ	صَنَایِرُ	فَعَالِیْلُ	قَنَادِیْلُ
	فَعَائِلُ	صَحَائِفُ	

قانون (۹)

ہر مدہ زائدہ کے واقع شود در مفرد مکبر بدوم جائے وقت بناکردن جمع اقصیٰ و تصغیر آں را بواؤ مفتوحہ بدل کنند وجوباً.

اس قانون کا نام ہے مدہ زائدہ یا ضَوَارِبُ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ ہر ایسا مدہ زائدہ جو مفرد مکبر میں دوسری جگہ واقع ہو اسکے جمع اقصیٰ (جمع منتہی الجموع) یا تصغیر بناتے وقت واؤ مفتوح کے ساتھ تبدیل کرنا واجب ہے۔ جمع اقصیٰ کی مثال جیسے ضاربة سے ضوارب اور تصغیر کی

مثال جیسے ضَارِبٌ اور ضَارِبَةٌ سے ضُوَیْرِبٌ اور ضُوَیْرِبَةٌ ۔
ضُرَّبٌ : کو ضَارِبَةٌ سے اس طرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول کو ضمہ دیکر ثانی کو حذف کر کے عین کلمہ کو مشدد مفتوح بناکر تائے واحدہ کو حذف کر کے تنوین کو آخر پر جاری کرینگے۔ تو ضَارِبَةٌ سے ضُرَّبٌ بن جائیگا۔
ضُوَیْرِبٌ ، ضُوَیْرِبَةٌ : کو ضَارِبٌ ، ضَارِبَةٌ سے اس طرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول کو ضمہ دیکر ثانی کو واؤ مفتوح کے ساتھ تبدیل کر کے تیسری جگہ یائے ساکن علامت تصغیر کی لے آئینگے تو ضارب ، ضاربة سے ضویرب ، ضویربة بن گیا۔

(٦) تصغیر :

صرفیوں کی اصطلاح میں (تصغیر کا مطلب یہ ہے کہ) لفظ میں ایسی تبدیلی جو کسی کی قلت ، حقارت یا عظمت پر دلالت کرے۔ جیسے قُرَیْشٌ (بمعنی بڑا قرش) یعنی بڑی مچھلی جو تمام چھوٹی مچھلیوں کو کھاتی ہے اور اسکو کوئی مچھلی نہیں کھاتی۔ تو قریش کو قریش اسلئے کہتے ہیں کیونکہ قریش کا قبیلہ بھی تمام عرب پر غالب تھا۔

تصغیر بنانے کا طریقہ :

(۱) ثلاثی میں تصغیر کے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ حرفِ اول کو ضمہ ، ثانی کو فتحہ اور تیسری جگہ یاء علامتِ تصغیر لائی جاتی ہے۔ جیسے رَجُلٌ سے رُجَیْلٌ ۔ (۲) رباعی میں تصغیر کے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ حرفِ اول کو ضمہ ، ثانی کو فتحہ اور تیسری جگہ یاء ساکن علامتِ تصغیر لاکر اسکے بعد والے حرف کو کسرہ دیتے ہیں۔ جیسے جَعْفَرٌ سے جُعَیْفِرٌ ۔ (۳) خماسی میں تصغیر کے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ حرفِ اول کو ضمہ ، ثانی کو فتحہ اور تیسری جگہ یاء علامتِ تصغیر لاکر اسکے بعد والی حرف کو کسرہ دیکر پانچویں جگہ والے حرف کو حذف کرتے ہیں۔ جیسے جَحْمَرِشٌ سے جُحَیْمِرٌ ۔

قانون (۱۰)

ھر اسمِ مفعول از ثلاثی مجرد بروزن مفعول می آید و از غیر ثلاثی مجرد بروزن فعل مضارع مجھول آں باب می آید بآوردن میم مضمومه بجائے حرفِ اتین تنوین تمکن در آرند.

اس قانون کا نام ہے اسمِ مفعول کا قانون

اسمِ مفعول کا ایک ہی قانون ہے جو ثلاثی مجرد ' ثلاثی مزید ' رباعی مجرد اور رباعی مزید کے تمام ابواب کیلئے ہے۔

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ ثلاثی مجرد کے بابوں میں اسمِ مفعول 'مَفْعُوْلٌ' کے وزن پر آتا ہے۔ اور ثلاثی مزید 'رباعی مجرد اور رباعی مزید کے ابواب میں اس باب کے فعل مضارع مجہول کے وزن پر آتا ہے۔ صرف اتنی تبدیلی کی جاتی ہے کہ حرفِ مضارعت کے حذف کرنے کے بعد اسکے بجائے میم مضموم علامتِ اسمِ مفعول کو لاکر آخر پر تنوین کو جاری کرتے ہیں جیسے یُکْرَمُ سے مُکْرَمٌ ' یُدَحْرَجُ سے مُدَحْرَجٌ۔

ثلاثی مجرد کے بابوں میں اسمِ مفعول کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ علامتِ مضارع کو حذف کرنے کے بعد اسکے بجائے میم مفتوح لاکر عین کلمہ کو ضمہ دیکر عین اور لام کلمہ کے درمیان واؤ ساکن علامتِ اسمِ مفعول کو لاکر آخر پر تنوین کو لے آتے ہیں۔

مَضْرُوْبٌ : کو **یُضْرَبُ** سے اس طرح بناتے ہیں کہ یاء حرفِ مضارعت کو حذف کرنے کے بعد اسکے بجائے میم مفتوح علامت اسمِ مفعول لاکر عین کلمہ کو ضمہ دیکر آخر میں تنوین تمکن علامتِ اسم کو لائے تو **یضرب** سے **مضروب**

بروزن مفْعُلٌ بن گیا۔ لیکن اس وزن پر اسم مفعول کلام عرب میں نہیں آیا مگر یہ کہ مَعْوُنٌ، مَکْرُمٌ اور وہ بھی شاذ ہیں یعنی قلیل ہیں۔ اسلئے عین کلمہ کے ضمہ کو اشباع کیا (کھینچا) تاکہ واؤ پیدا ہو جائے تومَضْرُبٌ سے مَضْرُوْبٌ بن گیا۔

مَضْرُوْبَان، مَضْرُوْبُوْنَ، مَضْرُوْبَةٌ، مَضْرُوْبَتَان، مَضْرُوْبَاتٌ :

ان سب کی بناء ضاربان ، ضاربُوْن ، ضاربَةٌ ، ضاربَتان ، ضاربَاتٌ کی طرح ہے۔

مَضَارِیْبُ : کومَضْرُوْبٌ، مَضْرُوْبَةٌ سے اس طرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول کو اپنے حال پر چھوڑ کر ثانی کو فتحہ دیکر تیسری جگہ الف علامت جمع منتہی الجموع لے آئے اور وہ حرف جو الف علامت جمع منتہی الجموع کے بعد ہے اسکو کسرہ دیکر واؤ کو یاء کے ساتھ بدل دیا اور تاء اور تنوین تمکن علامت اسمیت کو حذف کر دیا۔ تاء کو ضدیت جمع کی وجہ سے اور تنوین کو غیر منصرف ہونے کی وجہ سے حذف کر دیا تومضروب، مضروبة سے مضاریب بن جائیگا۔

مُضَیْرِیْبٌ و مُضَیرِیْبَةٌ : کومَضْرُوْبٌ و مَضْرُوْبَةٌ سے اس طرح بناتے ہیں کہ حرفِ اول کو ضمہ، ثانی کو فتحہ دیکر تیسری جگہ یاء ساکن علامت تصغیر لاکر وہ حرف جو یاء ساکن علامتِ تصغیر کے بعد ہے اسکو کسرہ دیکر واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تومضروب، مضروبة سے مضیریب، مضیریبة بن جائیگا۔

قانون (۱۱)

هر نون تنوین وقت دخول الف لام واضافت حذف کرده شود و نون تثنیه و نون جمع در وقتِ اضافت حذف کرده شو و جوباً .

اس قانون کا نام ہے نون تنوین یا نون تثنیہ و جمع کا قانون :

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ نون تنوین کو دو وقتوں میں حذف کرنا واجب ہے۔

(۱) الف لام کے داخل ہونے کے وقت جیسے رجُلٌ سے اَلرَّجُلُ ۔

(۲) اضافت کے وقت جیسے ضاربُ زیْدٍ

اور نون تثنیہ اور جمع کو صرف اضافت کے وقت حذف کرنا واجب ہے۔ جیسے ضاربان سے ضاربا زیْد. اور ضاربون سے ضاربو زیْد.

قانون (۱۲)

هر نون تنوین و نون خفیفه را موافق حرکت ماقبل بحرف علت بدل محا کنند جوازا در حالت وقف .

اس قانون کا نام ہے نون تنوین و نون خفیفہ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ نون تنوین و نون خفیفہ کو موافق حرکت ماقبل کے حالت وقف میں حرفِ علت سے تبدیل کرنا جائز ہے۔ تنوین کی مثال ضاربٌ کو ضاربُو اور ضاربًا کو ضاربا اور ضاربٍ کو ضاربی پڑھنا جائز ہے۔ نون خفیفہ کی مثال اضْرِبَنْ سے اضْرِبا اضْرُبُنْ سے اضْرِبُوْا اور اضْرِبِنْ سے اضْرِبی پڑھنا جائز ہے۔

فعل جحد

فعل جحد معروف و مجہول کو فعلِ مضارع معروف و مجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ مضارع کے شروع میں لَمْ جازمہ جحد یا لا نفی لگے تو آخر کو جزم دیگا جزم کی وجہ سے پانچ پانچ صیغوں میں حرکت (یعنی ضمۂ اعرابی) گر جائیگا اور سکون آجائیگا اگر آخر میں حرفِ علت نہ ہو اور اگر آخر میں حرف علت ہو تو حرف علت گر جائے گا اور

سات سات صیغوں میں نون اعرابی گر جائیگا اور دو صیغوں میں کچھ عمل نہیں کریگا اسلئے کہ وہ مبنی ہیں۔

لم یضرب ' لم یضرب (الی آخرہ) : کو یضرِبُ ' یضرِبُ (الی آخرہ) سے اس طرح بناتے ہیں کہ لَمْ جازمہ جحد یہ اسکے ابتداء میں لائینگے تو پانچ پانچ صیغوں میں آخر سے ضمۂ اعرابی گر جائیگا اور سکون آئیگا اور سات سات صیغوں میں نون اعرابی گر جائیگا اور دو صیغوں میں کچھ عمل نہیں کریگا اسلئے کہ وہ مبنی ہیں۔ تو یضرِبُ ' یضرِبُ (الی آخر) سے لَمْ یضرِبْ ' لَمْ یُضرَبْ (الی آخرہ) بن جائیگا۔

قانون (۱۳)

هر نون اعرابی وقت دخول نواصب و جوازم و لحوق نون ثقیله او خفیفه و بناکردن امر حاضر معلوم حذف کرده شود و جوبا.

اس قانون کا نام ہے نونِ اعرابی کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ نون اعرابی کو چار وقتوں میں حذف کرنا واجب ہے

۱) جوازم کے داخل ہونے کے وقت جیسے یضربان سے لَمْ یضرِبا.
۲) حروف ناصبہ کے داخل ہونے کے وقت جیسے یضربان سے لن یضرِبا.
۳) نون تاکید کے ملنے کے وقت جیسے یضربان سے لیضربانّ۔
۴) امر حاضر معروف کے بنانے کے وقت جیسے تضربان سے اضرِبا.

نوٹ : حروفِ جوازم کل پانچ ہیں اور حروف نواصب کل چار ہیں اور یہ سب مندرجہ ذیل شعر میں شاعر نے کچھ اس طرح بند کئے ہیں۔

شعر :-

ان ولم ولما ولام امر لائے نہی نیز بیح　　　　حروف ایں جازم فعل اند هر یک بے دعا
ان ولن پس کی اذن ایں چار حرف معتبر　　　　نصب مستقبل کنند ایں جمله دائم اقتضاء

فعل نفی کے بنانے کا طریقہ : فعل نفی کو فعل مضارع سے اس طرح بناتے ہیں کہ فعل مضارع کے شروع میں لا نفی لاتے ہیں اور لا نفی لفظ کے اندر کچھ عمل نہیں کرتا صرف اسکے معنی مثبت کو منفی بنادیتا ہے۔

لاَ یَضْرِبُ ، لاَ یُضْرَبُ (الیٰ آخرہ) : کو یضْرِبُ یُضْرَبُ (الیٰ آخرہ) سے اس طرح بناتے ہیں کہ اسکے شروع میں لائے نافیہ لائینگے تو لفظ میں کچھ عمل نہیں کریگا صرف اسکے معنی مثبت کو منفی میں تبدیل کریگا تو یضْرِبُ یُضْرَبُ (الی آخرہ) سے لا یضرب لا یضرب (الی آخرہ) بن جائیگا۔

فعل نفی مؤکد بلن کے بنانے کا طریقہ : فعل نفی کو فعل مضارع سے اس طرح بناتے ہیں کہ لنْ ناصبہ تاکید یہ اسکے شروع میں لاتے ہیں تو آخر کو نصب دیتا ہے۔ علامت نصبی کی وجہ سے پانچ پانچ صیغوں میں فتحہ آجائیگا اور سات سات صیغوں میں نون اعرابی کو گرادیگا اور دو صیغوں میں کچھ عمل نہیں کریگا اسلئے کہ وہ مبنی ہیں۔

اب نون اور یاء قریب المخرج تھے تو نون کو یاء کیا اور یاء کو یاء میں ادغام کیا تو یضْرِبُ یُضْرَبُ (الیٰ آخرہ) سے لنْ یضْرِبَ ، لنْ یُضْرَبَ (الیٰ آخرہ) بن جائے گا۔

قانون (۱۴)

ہر نون ساکن و تنوین را در حرف یرملون ادغام می کنند وجوباً و نون متحرك راجو ازاً بشرطیکه دریك کلمه نباشددر حروف یمون بغنه و در لربغیر غنه .

اس قانون کا نام ہے یَرْمَلُوْنَ یا لَنْ یَضْرِبَ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ حروف یرملون سے پہلے نون ساکن نون تنوین ہے یا

نون متحرک ہے۔
اگر نون ساکن 'نون تنوین ہے تو اسکوان حروف کی جنس کرنا اور جنس کو جنس میں ادغام کرنا واجب ہے۔بشر طیکہ وہ نون دوسرے کلمہ میں ہو۔ پھر دیکھا جائے گا کہ
نون ساکن نون تنوین کا حروف 'ینمو' سے پہلے ہے یا حروف 'لر' سے۔
اگر حروف 'ینمو' سے پہلے ہے تو ادغام مع الغنہ ہو گا۔
اور اگر حروف 'لر' سے پہلے ہو تو ادغام بلا غنہ پڑھا جائے گا۔
اور اگر حروف یرملون سے پہلے نون متحرک ہو تو نون کو ان حروف کی جنس کر کے جنس کو جنس میں ادغام کرنا جائز ہے۔بشر طیکہ نون دوسرے کلمہ میں ہو اور یہ حروف دوسرے کلمہ میں ہوں۔

مثالیں

نون ساکن کی مثالیں :

لَنْ يَّضْرِبَ ' مِنْ رَّبِّهِمْ ' مِنْ مَّاءٍ ' مِنْ لَّدُنَّا ' مِنْ وَّرَائِهِمْ ' مِنْ نَّبِيٍّ.

نون تنوین کی مثالیں :

دَافِقٍ يَخْرُجُ ' غَفُوْرٌ الرَّحِيْم ' رَسُوْلٌ مِّنَ اللهِ ' رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ ' مِنْ جُوْعٍ وَّمِن هم ' عامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ.

نون متحرک کی مثالیں :

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ کو اِنَّ الَّذِ لَّا يَرْجُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

فائدہ :۔ نون ساکن نون تنوین اور ینمو کے حروف اگر ایک کلمہ میں ہوں تو ادغام نا جائز ہے۔ جیسے صِنْوَانٌ ' قِنْوَانٌ ' بُنْيَانٌ ۔

نوٹ :۔ آنے والے قانون کے خلاصہ سے پہلے ایک فائدہ کا جاننا ضروری ہے۔

فائدہ: کل حروف ہجا ۲۹ ہیں۔ ان میں سے ایک الف ہے اس سے پہلے نون

تنوین اور نون ساکن نہیں آتا، چھ حروف یرملون ہیں' چھ حروف حلقی ہیں اور ایک حرف 'با' ہے۔ باقی پندرہ حروف کو حروف اخفاء کہتے ہیں۔
حروف حلقی کو شاعر نے شعر میں کچھ اس انداز سے بیان کیا ہے۔

شعر:- حروف حلقی شش بود لے نور عین
همزه و هاؤ حاؤ خاؤ عین و غین

اور حروف شعر میں یوں بند ہیں:

تاء و ثاء جیم و دال و ذال و رائے و سین و شین
صاد و ضاد و طاء و ظاء و فاء قاف و کاف بین

قانون (۱۵)

هر نون ساکن و تنوین که واقع شود قبل با مطلقا آن را بمیم بدل کنند وجوباً و قبل از حروف حلقیه ظاهر خوانده می شوند و جوباً و قبل از الف نمی آیند و در باقی حروف اخفاء کرده آیند.

اس قانون کا نام ہے یَنبَغِیْ یا اقلاب، اظہار، اخفاء کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ دیکھا جائے گا کہ کیا نون ساکن اور نون تنوین "باء" یا "حروف حلقی" یا "حروف اخفاء" سے پہلے ہیں؟
اگر نون ساکن یا نون تنوین 'باء' سے پہلے ہے تو اسکو میم سے تبدیل کرنا واجب ہے ہر حالت میں ہر حالت کا مطلب یہ ہے کہ یہ ایک کلمہ میں ہوں یا دو کلموں میں ایک کلمے کی مثال جیسے۔ینبغیْ۔
مختلف کلموں کی مثال جیسے منْ بعدُ اور نون تنوین کی مثال آیاتٍ بیّنات اور اگر نون ساکن یا نون تنوین کے بعد 'حروف حلقی' ہوں تو ان کو ظاہر کرنا واجب

ہے۔ نون کی مثال جیسے **عنهم** تنوین کی مثال **زيدٌ خادمٌ** ۔
اور اگر نون ساکن یا نون تنوین حروف اخفاء سے پہلے ہو تو اسکو خفی پڑھنا چاہیے
جیسے **عندربهم** : **بما انزل** .
اخفاء :۔ اظہار اور ادغام کی درمیانی حالت کا نام ہے۔

فعل مستقبل بالام و نون تاکید بنانے کا طریقہ

فعل مستقبل بالام و نون تاکید کے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ فعل مضارع کے شروع میں لام تاکید مفتوح لائیں گے اور چودہ صیغوں کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ اور آٹھ صیغوں کے آخر میں نون تاکید خفیفہ لائیں گے اور نون ثقیلہ کا ماقبل پانچ جگہوں میں مفتوح ہو گا وہ پانچ جگہیں یہ ہیں (۱) واحد مذکر حاضر '(۲) واحد مذکر غائب '(۳) واحد مؤنث غائب '(۴) واحد متکلم '(۵) جمع متکلم۔

اور چھ جگہوں میں نون ثقیلہ کے ماقبل میں الف لائیں گے اور وہ یہ ہیں : چار تثنیہ 'دو جمع مؤنث اور جمع مؤنث میں الف "نون ضمیر" اور "نون تاکید ثقیلہ" کے درمیان فاصلے کیلئے آئے گا۔

اور دو جگہوں میں واؤ کو اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف کریں گے اور ضمہ کو باقی رکھیں گے تاکہ واؤ محذوفہ پر دلالت کرے وہ دو جگہیں یہ ہیں 'جمع مذکر غائب 'جمع مذکر حاضر۔ اور ایک صیغہ سے یا ساکن مدہ کو حذف کریں گے اجتماع ساکنین کی وجہ سے اور ماقبل کے کسرہ کو باقی رکھیں گے تاکہ 'یاء' محذوفہ پر دلالت کرے اور وہ صیغہ واحد مؤنث حاضر کا ہے۔

ان چھ جگہوں میں جہاں الف آتا ہے نون ثقیلہ مکسور لائیں گے اور باقی آٹھ جگہوں میں نون مفتوح لائیں گے۔

اور بالآخر اسطرح فعل مضارع سے فعل مستقبل بالام و نون تاکید بن جائے گا۔

فائدہ :۔ نون خفیفہ ان جگہوں میں نہیں آتا جہاں الف آتا ہے بلکہ صرف بقیہ آٹھ جگہوں میں آتا ہے۔

لَيَضْرِبَنَّ ' لَتَضْرِبَنَّ ' لَأَضْرِبَنَّ ' لَنَضْرِبَنَّ : ان صیغوں کو يَضْرِبُ ' يَضْرِبُ ' تَضْرِبُ ' أَضْرِبُ ' نَضْرِبُ سے اسطرح بناتے ہیں کہ لام تاکید مفتوح اسکے ابتداء میں لا کر اسکے آخر میں نون تاکید ثقیلہ لے آئیں گے تو ما قبل کو فتحہ ہو جائے گی تو يضرب ' تضرب ' تضرب ' أضرب ' نضرب سے ليضربن ' لتضربن ' لأضربن ' لنضربن بن جائے گا۔

تثنیہ کے چار صیغے : تثنیہ کے چار صیغوں یعنی لَيَضْرِبَانِّ ' لَتَضْرِبَانِّ ' لَتَضْرِبَانِّ ' لَتَضْرِبَانِّ کو يَضْرِبَانِ ' تَضْرِبَانِ ' تَضْرِبَانِ ' تَضْرِبَانِ ' سے اسطرح بناتے ہیں کہ لام تاکید مفتوح اسکے ابتداء میں لاکر نون تاکید ثقیلہ اسکے آخر میں لے آئیں گے تو نون اعرابی گر جائے گا اور فتحہ نون کو کسرہ سے تبدیل کریں گے تثنیہ کی مشابہت کی وجہ سے تو يضربان ' تضربان ' تضربان ' تضربان سے ليضربان ' لتضربان ' لتضربان ' لتضربان بن جائے گا۔

جمع مذکر غائب و حاضر : یعنی لَيَضْرِبُنَّ ' لَتَضْرِبُنَّ کو يَضْرِبُوْنَ ' تَضْرِبُوْنَ سے اسطرح بناتے ہیں کہ لام تاکید مفتوح اسکے شروع میں لاکر نون تاکید ثقیلہ اسکے آخر میں لے آئیں گے۔ تو نون اعرابی گر جائے گا اور التقائے ساکنین ہو جائے گا واؤ اور نون مدغم کے درمیان پہلا مدہ تھا اسکو حذف کر دیا تھا اور ما قبل کے ضمہ کو باقی رکھا تاکہ واؤ محذوفہ پر دلالت کرے تو يضربون ' تضربون سے ليضربن ' لتضربن بن جائے گا۔

واحد مؤنث حاضر : یعنی لَتَضْرِبِنَّ کو تَضْرِبِيْنَ سے اسطرح بناتے ہیں کہ لام تاکید مفتوح اسکے شروع میں لاکر نون تاکید ثقیلہ اسکے آخر میں لے آئیں گے تو

اجتماع ساکنین ہو گیا اور نون مدغم کے درمیان پہلا مدہ تھا۔ اسکو حذف کرکے ما قبل کے کسرہ کو باقی رکھا تاکہ یائے محذوفہ پر دلالت کرے تو تضربین سے لتضربن بن جائے گا۔

جمع مؤنث غائب و حاضر : یعنی لیضْرِبْنَانِّ ' لتضْرِبْنَانِّ کو یَضْرِبْنَ اور تَضْرِبْنَ سے اسطرح بناتے ہیں کہ لام تاکید مفتوح اسکے شروع میں لاکر نون تاکید ثقیلہ اسکے آخر میں لائینگے تو اب تین نون اکٹھے ہو جائیں گے یہ بات کلام عرب میں ناپسندیدہ تھی اسلیئے نون تاکید اور نون ضمیر کے درمیان الف فاصلہ لائے تو یضربن ' تضربن سے لیضربنان ' لتضربنان بن جائے گا۔

امر کے بنانے کا طریقہ مع قوانین

امر حاضر معروف کو فعل مضارع معروف حاضر سے بناتے ہیں۔ واحد کو واحد سے 'تثنیہ کو تثنیہ سے 'جمع کو جمع سے 'مذکر کو مذکر سے 'مؤنث کو مؤنث سے۔

قانون (۱۶)

هر امر حاضر معلوم را از فعل مضارع مخاطب معلوم بایں طور بنامی کنند که اگر بعد از حذف کردن حرف مضارع ما بعدش ساکن ماند همزه وصلی مضموم در اولش درآورند وجوباً بشرطیکه مضارع او نیز مضموم العین باشد و گرنه همزه مکسوره و اگر ما بعدش متحرك ماند امر همون شد بوقف آخر.

اس قانون کا نام ہے امر حاضر معروف کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ فعل امر حاضر معروف کو فعل مضارع معروف

حاضر سے اسطرح بناتے ہیں کہ "تاء" حرف مضارعت کو حذف کرنے کے بعد دیکھا جائے گا کہ مابعد متحرک ہے یا ساکن۔ پھر اگر مابعد متحرک ہے تو ہمزہ وصلی لانے کی ضرورت نہیں ہے امر اسی طرح رہے گا صرف آخر میں وقف کریں گے۔ وقف کی وجہ سے جہاں ضمہ اعرابی ہوگا وہ گر جائے گا اور سکون آجائے گا جہاں نون اعرابی ہوگا وہ بھی گر جائے گا اور اگر آخر میں حرف علت ہوگا تو وہ بھی گر جائے گا جیسے تعِدُ سے عِدْ، تعِدان سے عِدا، تقِي سے قِ۔ اور اگر مابعد ساکن ہے تو ہمزہ وصلی لانے کی ضرورت ہے اسلیئے کہ ابتداء سکون کے ساتھ محال ہے پھر عین کلمہ دیکھا جائے گا کہ مفتوح ہے یا مکسور ہے یا مضموم۔ اگر عین کلمہ مکسور یا مفتوح ہے تو اسکے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائیں گے اور آخر کو ساکن کریں گے اور وقف کی وجہ سے جہاں ضمہ اعرابی ہوگا وہ بھی گر جائے گا اور اگر نون اعرابی ہوگا تو وہ بھی گر جائے گا اور اگر حرف علت ہوگا تو وہ بھی گر جائے گا۔

عین کلمہ مفتوح ہو اسکی مثالیں

تَمْنَعُ سے اِمْنَعْ، تَمْنَعانِ سے اِمْنَعا، تخْشى سے اِخْشَ۔

عین کلمہ مکسور ہو اسکی مثالیں

تضْرِبُ سے اِضْرِبْ تضْرِبانِ سے اِضْرِبا، ترْمِيْ سے اِرْمِ۔

اور اگر عین کلمہ مضموم ہو تو اسکے شروع ہمزہ وصلی مضموم لائیں گے اور آخر کو وقف کریں گے۔ وقف کی وجہ سے جہاں جہاں ضمہ اعرابی ہوگا وہ بھی گر جائے گا اور جہاں جہاں نون اعرابی ہوگا وہ بھی گر جائے گا اور جہاں جہاں حرف علت ہوگا وہ بھی گر جائے گا۔ جیسے تنْصُرُ سے اُنْصُرْ، تنْصُرانِ سے اُنْصُرا، تدْعُوْا سے اُدْعُ۔

اِضْرِبْ (الی آخر): اضرِبْ الی آخرہ کو تضْرِبُ الی آخرہ سے

اسطرح بناتے ہیں کہ تاء حرف مضارعت کے حذف کرنے کے بعد دیکھا کہ مابعد ساکن ہے تو عین کلمہ پر نظر کی گئی تو پتہ چلا کے عین کلمہ مکسور ہے تو اسکے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لاکر آخر کو ساکن کیا تو ایک صیغہ میں ضمہ اعرابی گرگیا اور سکون آگیا اور چار صیغوں میں سے نون اعرابی گرگیا اور ایک صیغے میں کچھ بھی عمل نہیں کیا کیونکہ وہ مبنی ہے تو تضرب (الی آخرہ) سوائے متکلم اضرب (الی آخرہ) سوائے متکلم بن جائے گا۔

امر حاضر مؤکد بانون ثقیلہ کے بنانے کا طریقہ

اِضْرِبَنَّ :اضْرِبَنَّ کو اضْرِبْ سے اس طرح بناتے ہیں کہ جب نون تاکید ثقیلہ اسکے آخر میں لائیں گے تو ماقبل کو فتحہ ہو جائے گا تو اضْرِبْ سے اضربَنَّ بن جائے گا۔

اِضْرِبَانِّ :۔اِضْرِبَانِّ کو اِضْرِبا سے اسطرح بناتے ہیں کہ جب نون تاکید ثقیلہ اسکے آخر میں لائیں گے تو اضربان سے اضربانَّ بن جائے گا اب فتحہ نون کو کسرہ سے تبدیل کریں گے تثنیہ کی مشابہت کی وجہ سے تو اضْربانَّ سے اضْربانِّ بن جائیگا۔

اِضْرِبُنَّ: اِضْرِبُنَّ کو اضْرِبُوْ سے اسطرح بناتے ہیں کہ جب نون تاکید ثقیلہ اسکے آخر میں لائیں گے تو اجتماع ساکنین ہو جائے گا۔واؤ اور نون مدغم کے درمیان پہلا مدہ تھا اسکو حذف کیا اِضْرِبُوْ سے اضْرِبُنَّ بن جائے گا۔

اِضْرِبِنَّ :اِضْرِبِنَّ کو اضْرِبِیْ سے اسطرح بناتے ہیں کہ جب نون تاکید ثقیلہ اسکے آخر میں لائیں گے تو التقائے ساکنین ہو جائے گا یا اور نون مدغم کے درمیان پہلا مدہ تھا اسکو حذف کیا تو اضْرِبِیْ سے اضْرِبِنَّ بن جائیگا۔

اِضْرِبْنَانِّ :اِضْرِبْنَانِّ کو اضْرِبْنَ سے اسطرح بناتے ہیں کہ اسکے آخر میں نون

تاکید ثقیلہ لائیں گے تو تین نون اکٹھے ہو جائیں گے اسطرح تین نونوں کا اکھٹا ہونا ناپسندیدہ تھا اسلیئے نون تاکیدی اور نون ضمیری کے درمیان الف فاصلہ لائیں گے اور فتحہ نون کو کسرہ کے ساتھ تبدیل کریں گے تو اِضْرِبْنَ سے اِضْرِبْنَانِّ بن جائے گا۔

قانون (۱۷)

چون نون تاکید ثقیلہ بانون ضمیری متصل شود الف

فاصلہ میان ایشان در آرند و جوبا

اس قانون کا نام ہے اِضْرِبْنَانِّ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ جب نون تاکید ثقیلہ نون ضمیری کے ساتھ ملیگا تو دونوں نونوں کے درمیان الف فاصلہ کا لانا واجب ہے جیسے اضربنَ سے اضربنانِّ بن جائے گا۔

امر حاضر مؤکد بانون خفیفہ کے بنانے کا طریقہ

اِضْرِبَنْ: اِضْرِبَنْ کو اِضْرِبْ سے اسطرح بناتے ہیں کہ جب نون تاکید خفیفہ اسکے آخر میں لائیں گے تو ماقبل کو فتحہ ہو جائے گی تو اِضْرِبْ سے اِضْرِبَنْ بن جائے گا۔

اِضْرِبُنْ: اِضْرِبُنْ کو اِضْرِبُوْا سے اسطرح بناتے ہیں کہ جب نون خفیفہ اسکے آخر میں لائیں گے تو اجتماع ساکنین ہو جائے گا واؤ اور نون کے درمیان پہلا مدہ تھا اسکو حذف کیا اِضْرِبُوْا سے اِضْرِبُنْ بن گیا۔

اِضْرِبِنْ: اِضْرِبِنْ کو اِضْرِبِیْ سے اسطرح بناتے ہیں کہ جب نون تاکید خفیفہ اسکے آخر میں لائیں گے تو اجتماع ساکنین ہو گا یا اور نون کے درمیان پہلا مدہ تھا اسکو حذف کیا تو اِضْرِبِیْ سے اِضْرِبِنْ بن جائے گا۔

امر حاضر مجہول کے بنانے کا طریقہ

امر حاضر مجہول کو فعل مضارع مجہول سے اسطرح بناتے ہیں کہ واحد کو واحد سے 'تثنیہ کو تثنیہ سے 'جمع کو جمع سے 'مذکر کو مذکر سے 'مؤنث کو مؤنث سے 'اس طور پر کہ مضارع حاضر مجہول کے شروع میں لام امر مکسور لائیں گے تو آخر کو جزم کرے گا جزم کی وجہ سے ایک صیغہ میں ضمہ اعرابی گر جائے گا اور سکون آجائے گا اور چار صیغوں میں نون اعرابی گر جائے گا اور ایک صیغہ میں کچھ عمل نہیں کرے گا کیونکہ وہ مبنی ہے۔

لِتُضْرَبْ (الی آخرہ): لتضرب (الی آخرہ) سوائے متکلم کو تُضرَبُ (الی آخرہ) سوائے متکلم سے اسطرح بناتے ہیں کہ اسکے شروع میں لام امر مکسور لائیں گے تو تمام صیغوں کے آخر میں جزم دے گا جسکی وجہ سے ایک صیغہ میں ضمہ اعرابی گر جائے گا اور سکون آجائے گا اور چار صیغوں میں نون اعرابی گر جائے گا اور ایک صیغہ میں کچھ عمل نہیں کرنے گا کیونکہ وہ مبنی ہے تو تضرب الخ سوائے متکلم کے لِتُضْرَبْ (الی آخرہ) سوائے متکلم بن جائے گا۔

امر غائب معروف کے بنانے کا طریقہ

امر غائب معروف و مجہول کو مضارع غائب معروف مو مجہول سے اسطرح بناتے ہیں کہ مضارع غائب کے شروع میں لام امر مکسور لائیں گے تو آخر کو جزم کرے گا۔ جزم کی وجہ سے چار چار صیغوں میں ضمہ اعرابی گر جائے گا اور سکون آجائے گا اور تین تین صیغوں میں نون اعرابی گر جائے گا اور ایک ایک صیغے میں کچھ عمل نہیں کرے گا کیونکہ وہ مبنی ہے۔

لِيَضْرِبْ ، لِيُضْرَبْ (الی آخرہ): لیضرب ' لیضرب (الی آخرہ) کو سوائے

مخاطب کے یضْربُ ' یُضْربُ (الی آخرہ) سوائے مخاطب کے اسطرح بناتے ہیں کہ لام امر مکسور اسکے شروع میں لائیں گے تو چار چار صیغوں میں ضمہ اعرابی گر جائے گا اور سکون آجائے گا اور تین تین صیغوں میں نون اعرابی گر جائے گا اور ایک ایک صیغے میں کچھ عمل نہیں کرے گا کیونکہ وہ مبنی ہے تو یضْربُ ' یُضْربُ الخ سے سوائے مخاطب کے لیَضْربْ 'لِیُضْربْ الخ سوائے مخاطب کے بن جائے گا۔

نہی کے بنانے کا طریقہ

نہی کے بنانے کا طریقہ یہ کہ واحد کو واحد سے تثنیہ کو تثنیہ سے جمع کو جمع سے مذکر کو مذکر سے مؤنث کو مؤنث سے حاضر کو حاضر سے غائب کو غائب سے متکلم کو متکلم سے اس طور پر بناتے ہیں کہ فعل مضارع معروف و مجہول کے شروع میں لائے نہی لائیں گے تو وہ آخر کو جزم دے گا جسکی وجہ سے آخر سے ضمہ اعرابی نون تثنیہ و جمع گر جائے گا اور مبنی کے صیغوں میں کچھ عمل نہیں کریگا۔

لَا تَضْرِبْ ' لَا تُضْرَبْ الخ: لاتضربْ ' لاتُضربْ الخ کو سوائے متکلم کے تضْربُ ' تُضربُ الخ سے سوائے متکلم کے اسطرح بناتے ہیں کہ مضارع کے شروع میں لاء ناصبہ جازمہ لائیں گے تو آخر کو جزم دے گا جزم کی وجہ سے ایک ایک صیغہ میں ضمہ اعرابی گر جائے گا اور چار چار صیغوں میں نون اعرابی گر جائے گا اور ایک ایک صیغے میں کچھ عمل نہیں کرے گا کیونکہ وہ مبنی ہے تو تضْربُ ' تُضربُ (الی آخرہ) سے سوائے متکلم کے لاتضربْ ' لاتُضربْ (الی آخرہ) سوائے متکلم کے بن جائے گا۔

لَا یَضْرِبْ لَا یُضْرَبْ: لایضربْ ' لایُضربْ (الی آخرہ) کو سوائے مخاطب کے یضْربُ ' یُضربُ (الی آخرہ) سے سوائے مخاطب کے اسطرح بناتے ہیں کہ

لاءِ ناھیہ جازمہ اسکے شروع میں لائیں گے تو آخر کو جزم دے گا جزم کی وجہ سے چار چار صیغوں میں ضمۂ اعرابی گر جائے گا اور سکون آجائے گا اور تین تین صیغوں میں نون اعرابی گر جائے گا اور ایک ایک صیغہ میں کچھ عمل نہیں کرے گا اسلیئے کہ وہ مبنی ہے تو یَضْرِبُ یُضْرَبُ (الی آخرہ) سوائے مخاطب کے سے لایَضْرِبْ لایُضْرَبْ (الی آخرہ) سوائے مخاطب کے بن جائے گا۔

نوٹ :۔ نہی حاضر غائب معروف مجہول میں نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ بھی آتا ہے۔ نون ثقیلہ تمام صیغوں میں اور خفیفہ آٹھ آٹھ صیغوں میں آتا ہے۔ اسکا طریقہ وہی ہے تقریبا جو کہ فعل مستقبل بلام و نون تاکید میں گذرا ہے الا یہ کہ یہاں پر آخر ساکن ہوتا ہے اور بس۔

ظرف کے بنانے سے پہلے ایک قانون کا جاننا ضروری ہے۔

قانون (۱۸)

ظرف صحیح مهموز اجوف که مضارع او بروزن یَفْعِلُ و مثال مطلقا بروزن مفْعِلْ ی آید و صحیح مهموز اجوف کے مضارع اور از غیر یفْعِلُ و ناقص و لفیف و مضاعف مطلقا بروزن مفْعَلْ می آید و ماسوائے ایشان شاذ است و از غیر ثلاثی مجرد بروزن اسم مفعول آن با می آید و جوبا ۔

اس قانون کا نام ہے اسم ظرف کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ دیکھا جائیگا کہ ظرف ثلاثی مجرد کا ہے یا ثلاثی مجرد کے علاوہ کا چاہے ثلاثی مزید کا ہو یا رباعی مجرد کا یا رباعی مزید کا۔ اب اگر ظرف ثلاثی

مجرد کا ہے تو پھر دیکھا جائے گا کہ مثال کا ہے یا غیر مثال کا۔ اگر مثال کا ہے تو اسکا ظرف ہر حالت میں مفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ ہر حالت کا مطلب یہ ہے کہ چاہے اسکا مضارع یفعِلُ کے وزن پر ہو یعنی مکسور العین ہو یا یفعَلُ اور یفعُلُ کے وزن پر یعنی مفتوح العین یا مضموم العین ہو اور چاہے مثال واوی ہو یا یائی جیسے یعِدُ سے موعِدٌ' یوجَلُ سے موجِلٌ' یوسُمُ سے موسِمٌ۔

اور اگر غیر مثال کا ہے تو پھر دیکھا جائے گا کہ لفیف' ناقص' مضاعف ہے یا صحیح' مہموز' اجوف کا ہے۔

پس اگر لفیف' ناقص' مضاعف کا ہے تو اسکا اسم ظرف ہر حالت میں مفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ ہر حالت کا مطلب یہ ہے کہ انکا مضارع مکسور العین ہو یا مضموم العین ہو یا مفتوح العین ظرف مفتوح العین ہی ہوگا جیسے یقْوِی سے مقْوًی' یطْوِی سے مطْوًی' یمُدُّ سے ممَدٌّ' یضرُّ سے مضرٌّ' یدْعُوا سے مدْعًی۔

اور اگر ظرف صحیح مہموز اجوف کا ہے تو پھر دیکھا جائے گا کہ اسکا مضارع یفْعِلُ یعنی مکسور العین ہے یا یفْعَلُ' یفْعُلُ کے وزن پر یعنی مفتوح العین یا مضموم العین ہے۔ اگر انکا مضارع یفعِل یعنی مکسور العین ہے تو اسکا ظرف بھی مکسور العین یعنی مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے یضْرِبُ سے مضْرِبٌ' یازِدُ سے مازِدٌ' یبِیْعُ سے مبِیْعٌ۔

اور اگر مضارع مفتوح العین یعنی یفْعَلُ کے وزن پر یا مضموم العین یعنی یفْعُلُ کے وزن پر ہو تو انکا ظرف مفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے ینْصُرُ سے منْصرٌ' یمْنَعُ سے ممْنَعٌ' یقُوْلُ سے مقَالٌ۔

اور اگر ظرف غیر ثلاثی مجرد کا ہے یعنی چاہے ثلاثی مزید کا ہو یا رباعی مجرد اور رباعی مزید کا ہو تو اسکا اسم ظرف اس باب کے اسم مفعول کے وزن پر آتا ہے

جیسے مُکْرَمٌ، مُدَحْرَجٌ، مُتَدَحْرَجٌ۔

ثلاثی مجرد کا اسم ظرف

ثلاثی مجرد کے اسم ظرف کو فعل مضارع معروف سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف مضارعت کے حذف کرنے کے بعد اسکے بجائے میم مفتوح علامت اسم ظرف کی لاکر عین کلمہ کو فتح دیں گے بشر طیکہ عین کلمہ مضموم ہو اور اگر عین کلمہ مکسور و مفتوح ہو تو اسکو اپنے حال پہ چھوڑ دیں گے اور آخر پر تنوین کو جاری کریں گے تو فعل مضارع سے اسم ظرف بن جائے گا۔

مَضْرِبٌ :مضْرِبٌ کو یضْرِبُ سے اسطرح بناتے ہیں کہ یاء حرف مضارعت کو حذف کرنے کے بعد میم مفتوح علامت اسم ظرف کی لاکر تنوین کو آخر پر جاری کریں گے تو یَضْرِبُ سے مضْرِبٌ بن جائے گا۔

مَضْرِبَان :مَضْرِبَان کو مضْرِبٌ سے اسطرح بناتے ہیں جسطرح ضَارِبٌ سے ضاربان بنایا تھا۔

مَضَارِبُ :۔مضارِبُ کو مضْرِبٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ تیسری جگہ الف علامت جمع مکسر ماقبل کے فتح کے ساتھ لاکر آخر سے تنوین تمکن علامت اسم کو حذف کریں گے غیر منصرف ہونے کی وجہ سے تو مَضْرِبٌ سے مَضَارِبُ بن جائے گا۔

مُضَيْرِبٌ :۔مُضَيْرِبٌ کو مَضْرِبٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف اول کو ضمہ ثانی کو فتحہ دیکر تیسری جگہ یائے ساکن علامات تصغیر کی لائیں گے تو مضْرِبٌ سے مُضَيْرِبٌ بن جائے گا۔

اسم آلہ صغریٰ کے بنانے کا طریقہ

اسم آلہ صغریٰ کو فعل مضارع معروف سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف

مضارع کے حذف کرنے کے بعد اسکے بجائے میم مکسور علامت اسم آلہ صغری کی لاکر عین کلمہ کو فتح دیتے ہیں بشرطیکہ پہلے سے فتح نہ ہو اور لام کلمہ پر تنوین کو جاری کرتے ہیں تو فعل مضارع سے اسم آلہ صغری بن جائے گا۔

مِضْرَبٌ : مِضْرَبٌ کو یضرِبُ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف مضارع کے حزف کرنے کے بعد میم مکسور علامت اسم آلہ صغریٰ کی لاکر عین کلمہ کو فتحہ دیکر آخر پر تنوین جاری کرتے ہیں تو یضرِبُ سے مِضرَبٌ بن جائے گا۔

مِضْرَبَان : مِضرَبٌ سے مِضربان کو اسطرح بناتے ہیں کہ جسطرح ضاربان کو ضاربٌ سے بناتے ہیں۔

مَضَارِبُ : مَضارِبُ کو مِضرَبٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف اول اور ثانی کو فتحہ کو دیکر تیسری جگہ الف علامت جمع مکسر کی لاکر اسکے بعد والے حرف کو کسرہ دیکر آخر سے تنوین کو حذف کریں گے غیر منصرف ہونے کی وجہ سے تو مِضرَبٌ سے مَضارِبُ بن جائیگا۔

مُضَيْرِبٌ : مُضَيرِبٌ کو مِضرَبٌ سے اسطرح بناتے ہیں حرف اول کو ضمہ دیکر ثانی کو فتحہ دے کر تیسری جگہ یا ساکن علامت تصغیر لائیں گے اور اسکے بعد والے حرف کو کسرہ دیں گے تو مضرب سے مضیربٌ بن جائے گا۔

اسم آلہ وسطیٰ کے بنانے کا طریقہ

اسم آلہ وسطیٰ کو اسم آلہ صغریٰ سے اسطرح بناتے ہیں کہ اسکے آخر میں تاء متحرکہ علامت اسم آلہ وسطیٰ کی ماقبل کے فتحہ کے ساتھ لاکر تنوین کو اسپر جاری کریں گے تو اسم آلہ صغریٰ سے اسم آلہ وسطیٰ بن جائے گا۔

مِضْرَبَةٌ : مِضرَبَةٌ کو مِضرَبٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ تاء متحرکہ علامت اسم

آلہ وسطیٰ کی ماقبل کے فتحہ کے ساتھ اسکے آخر میں لاکر اسپر تنوین جاری کریں گے تو مِضْرَبٌ مِضْرَبَۃٌ بن جائے گا۔

مِضْرَبَتَان : مضْرَبتان کو مِضْرَبۃٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ جسطرح ضاربتان کو ضَارِبَۃٌ سے بناتے ہیں۔

مَضَارِبُ : مَضَارِبُ کو مِضْرَبۃٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف اوّل اور ثانی کو فتحہ دے کر تیسری جگہ الف علامت جمع مکسر کی لاکر اسکے بعد والے حرف کو کسرہ دیکر آخر والی تاء واحدہ کو اور تنوین تمکن کو حذف کریں گے۔ تاء کو بوجہ ضدیت جمع اور تنوین کو غیر منصرف ہونے کی وجہ سے تو مضْربۃٌ سے مضاربُ بن جائیگا۔

مُضَيْرِبَۃٌ : مضیربۃ کو مِضْرَبۃٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف اول کو ضمہ ثانی کو فتحہ دیکر تیسری جگہ یاء ساکن علامت تصغیر کی لاکر اسکے بعد والے حرف کو کسرہ دیں گے تو مضربۃٌ سے مضیربۃٌ بن جائے گا۔

اسم آلہ کبریٰ کے بنانے کا طریقہ

اسم آلہ کبری کو اسم آلہ صغری سے اسطرح بناتے ہیں کہ چوتھی جگہ الف علامت اسم آلہ کبریٰ لائیں گے تو اسم آلہ صغری سے اسم آلہ کبریٰ بن جائیگا۔

مِضْرَابٌ : مِضْرَابٌ کو مِضْرَبٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ چوتھی جگہ الف علامت اسم آلہ کبریٰ لائیں گے تو مضْرَبٌ سے مضْرَابٌ بن جائے گا۔

مضرابان : مضْرَابَان کو مضْرابٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ جسطرح ضَارِبَان کو ضَارِبٌ سے بنایا تھا۔

مَضَارِیْبُ :۔ مَضَارِیْبُ کو مِضْرَابٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف اول اور ثانی کو فتحہ دے کر تیسری جگہ الف علامت جمع مکسر کی لاکر اسکے بعد والے حرف

کو کسرہ دیکر الف کو یاء کے ساتھ تبدیل کر کے آخر سے تنوین تمکن علامت اسمیّت کو حذف کریں گے غیر منصرف ہونے کی وجہ سے تو **مضرابٌ** سے **مضاریبُ** بن جائیگا۔

قانون

هر الف که حرکت ما قبلش مخالف شود آن را بوق
حرکت ماقبل بحرف علت بدل کنند وجوباً.

اس قانون کانام ہےمَضَارِیْبُ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ ہر ایسا الف جسکے ما قبل کی حرکت مخالف ہو جائے تو اسکو موافق حرکت ما قبل کے حرف علت سے تبدیل کرناواجب ہے۔ جیسے **مِضرابٌ** میں حرف اول اور ثانی کو فتحہ دیکر اور تیسری جگہ الف علامت جمع مکسر کی لائیں گے اور اسکے بعد والے حرف کو کسرہ دیں گے تو الف کے ما قبل کی حرکت مخالف ہو جائے گی تو الف کو موافق حرکت ما قبل کے حرف علت یاء سے تبدیل کریں تو**مضرابٌ** سے**مضاریبُ** بن جائیگا۔

مُضَیْرِیْبٌ :۔ **مُضَیْرِیْبٌ** کو**مِضْرابٌ** سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف اول کو ضمہ اور ثانی کو فتحہ اور تیسری جگہ پر یاساکن علامت **تصغیر** کی لاکر اسکے بعد والے حرف کو کسرہ دے کر الف کو یاء کے ساتھ تبدیل کرینگے تو **مضرابٌ** سے **مُضَیْرِیْبٌ** بن جائے گا۔

اسم تفضیل المذکر بنانے کا طریقہ

اسم تفضیل المذکر کے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ اسم تفضیل المذکر کو فعل مضارع سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف مضارعت کے حذف کرنے کے بعد

ہمزہ مفتوحہ علامت اسم تفضیل المذکر کی لاکر عین کلمہ کو فتحہ دیں گے بشرطیکہ پہلے سے عین کلمہ کو فتح نہ ہو۔ اور آخر میں تنوین تمکن علامت اسم کو مقدر کریں گے تو فعل مضارع سے اسم تفضیل المذکر بن جائے گا۔

اَضْرَبُ: اَضْرَبُ کو یَضْرِبُ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف مضارعت کے حذف کرنے کے بعد اسکے بجائے الف علامت اسم تفضیل المذکر کی لاکر عین کلمہ کو فتحہ دیکر آخر میں تنوین تمکن علامت اسم کو مقدر کریں گے تو یَضْرِبُ سے اَضْرَبُ بن جائیگا۔

اَضْرَبَان: اَضْرَبَان کو اَضْرَبُ سے اسطرح بناتے ہیں کہ جسطرح ضَارِبَان کو ضَارِبٌ سے بنایا تھا۔

اَضَارِبُ: اَضَارِبُ کو اَضْرَبُ سے اسطرح بناتے ہیں کہ تیسری جگہ علامت جمع مذکر مکسر کی ماقبل کے فتحہ کے ساتھ لاکر اسکے بعد والے حرف کو کسرہ دیں گے تو اَضْرَبُ سے اَضَارِبُ بن جائے گا۔

اُضَيْرِبٌ: اُضَيْرِبٌ کو اَضْرَبُ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف اول کو ضمہ ثانی کو فتحہ اور تیسری جگہ یاساکن علامات تصغیر لاکر اسکے بعد والے حرف کو کسرہ دیکر آخر میں تنوین مقدرہ کو ظاہر کریں گے تو اَضْرَبُ سے اُضَيْرِبٌ بن جائیگا۔

اسم تفضیل المؤنث بنانے کا طریقہ

اسم تفضیل المؤنث کو اسم تفضیل المذکر سے اسطرح بناتے ہیں کہ ہمزہ مفتوحہ کو حذف کرنے کے بعد فاء کلمہ کو ضمہ دیں گے اور عین کلمہ کو ساکن کریں گے اور آخر میں الف مقصورہ علامت اسم تفضیل المؤنث ماقبل کے فتحہ کے ساتھ لائیں گے اور آخر میں تنوین کو مقدر کریں گے تو اسم تفضیل المذکر سے اسم

تفضیل المونث بن جائیگا۔

ضُرْبٰی :ضُرْبٰی کواَضْرَبُ سے اسطرح بناتے ہیں کہ ہمزہ مفتوحہ کو حذف کرنے کے بعد فاء کلمہ کو ضمہ دیں اور عین کلمہ کو ساکن کریں گے اور آخر میں الف مقصورہ علامت اسم تفضیل المؤنث ماقبل کے فتحہ کے ساتھ لاکر آخر میں تنوین کو مقدر کریں گے تو اَضْرَبُ سے ضُرْبٰی بن جائے گا۔

ضُرْبَیَان :۔ضُرْبَیَان کو ضُرْبٰی سے اسطرح بناتے ہیں کہ الف مقصورہ کو یاء مفتوحہ سے تبدیل کریں گے اور اسکے بعد الف علامت تثنیہ لاکر نون مکسور عوض اس ضمہ کے جو واحد کے اندر تھا یا تنوین مقدرہ کے یا دونوں کے اسکے آخر میں لائیں گے تو ضُرْبٰی سے ضُرْبَیَان بن جائے گا۔

فائدہ: آنے والے قانون سے پہلے چند چیزوں کا جاننا ضروری ہے۔

(۱) الف جو آخر کلمہ میں ہوتا ہے اسکی دو قسمیں ہیں الف مقصورہ اور الف ممدودہ

الف مقصورہ :الف مقصورہ وہ الف ہے جسکے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے ضُرْبٰی ۔

الف ممدودہ :الف ممدودہ وہ الف ہے جسکے بعد ہمزہ ہو جیسے ضُرَبَاءُ ۔

الف مقصورہ کی دو قسمیں ہیں اصلی اور غیر اصلی

الف مقصورہ اصلی :الف مقصورہ اصلی وہ ہے جو 'واؤ' یا 'یا' سے تبدیل ہو کر الف نہ ہوا ہو۔ جیسے ضربیٰ ۔

الف مقصورہ غیر اصلی :الف مقصورہ وہ ہے جو 'واؤ' یا 'یا' سے تبدیل ہو کر الف ہوا ہو۔ جیسے عَصیٰ کہ جو اصل میں عَصَوٌ تھا۔

اور الف ممدودہ کی چار قسمیں ہیں۔

(۱)الف ممدودہ اصلی (۲)الف ممدودہ غیر اصلی

(۳)الف ممدودہ تانیثی (۴)الف ممدودہ غیر تانیثی

الف ممدودہ اصلی : الف ممدودہ اصلی وہ ہے جسکا ہمزہ لام کلمہ کے مقابلے میں ہو اور وہ ہمزہ 'واؤ' یا 'یا' سے تبدیل ہو کر الف نہ ہوا ہو جیسے ضَرَّاءُ ۔

الف ممدودہ غیر اصلی : الف ممدودہ غیر اصلی وہ ہے جسکا ہمزہ لام کلمہ کے مقابلے میں ہو اور واؤ یا یاء سے تبدیل ہو کر الف ہوا ہو جیسے رِدَاءٌ جو اصل میں رِدَایٌ تھا۔

الف ممدودہ تانیثی : الف ممدودہ تانیثی وہ ہے جسکا ہمزہ لام کلمہ کے مقابلے میں نہ ہو زائدہ ہو اور الحاق کیلئے نہ بڑھایا گیا ہو جیسے حَمْرَاءُ.

الف ممدودہ غیر تانیثی : الف ممدودہ غیر تانیثی وہ ہے جسکا ہمزہ لام کلمہ کے مقابلہ میں ہو اور زائد ہو اور الحاق کیلئے بڑھایا گیا ہو جیسے عِلْبَاءُ جو کہ ملحق ہے قرطاسٌ سے۔

(۲) امالہ : امالہ کے لغوی معنی ہیں میلان دینا اور اصطلاح میں امالہ کہتے ہیں الف کو یاء کی طرف اور ما قبل کے فتحہ کو کسرہ کی جانب میلان دیکر پڑھنا جیسے مَجْرٖیْهَا.

(۳) الحاق : الحاق کے معنی ہیں کہ تھوڑے حروف والے لفظ کو زیادہ حروف والے لفظ کے وزن پر لانے کیلئے کچھ اضافہ اسکے آخر میں کریں گے جیسے عِلْباً کو قِرْطَاسٌ کے وزن پر بنانے کیلئے ہمزہ اسکے آخر میں لائیں گے تو عِلْبَاءٌ بروزن قِرْطَاسٌ بن جائے گا۔

قانون

ہر الف مقصورہ سیوم جابدل از واؤ یا اصلی کاہ امالہ کردہ نشود وقت بتاکردن تثنیہ و جمع مؤنث سالم آن را بوا و مفتوحہ بدل کنند و جویاً و غیر اینہارا بیا و ممدودہ اصلی را ثابت گزارند و تانیثی را بواؤ بدل کنند

و جوباً و درغیر ایشان هر دو وجه خواندن جائز است.

اس قانون کا نام ہے الف ممدودہ و مقصورہ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ اسکے پانچ حکم ہیں۔

حکم (۱): الف مقصورہ کو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم کے بناتے وقت واؤ مفتوح کے ساتھ تبدیل کرنا واجب ہے۔

حکم (۲): الف مقصورہ کو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت یاء مفتوح کے ساتھ تبدیل کرنا واجب ہے۔

حکم (۳): الف ممدودہ کی ہمزہ کو ثابت رکھنا واجب ہے۔

حکم (۴): الف ممدودہ کی ہمزہ کو واؤ مفتوح سے تبدیل کرنا واجب ہے۔

حکم (۵): الف ممدودہ کی ہمزہ کو دونوں وجہوں سے پڑھنا جائز ہے۔ یعنی واؤ کے ساتھ تبدیل بھی جائز ہے اور ثابت رکھنا بھی جائز ہے۔

نوٹ: الف مقصورہ غیر اصلی کو واؤ مفتوح کے ساتھ تبدیل کرنے کیلئے دو شرطیں ہیں۔

شرط (۱): الف مقصورہ تیسری جگہ واقع ہو احترازی مثال **مُصْطفٰی**۔

شرط (۲): الف مقصورہ واؤ سے تبدیل شدہ ہو احترازی مثال رَحیٰ یہ یا سے تبدیل شدہ ہے اصل میں رَحیٌ تھا۔

جہاں دونوں شرطیں پائی جائینگی وہاں الف مقصورہ غیر اصلی کو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم کے بناتے وقت واؤ مفتوح کے ساتھ تبدیل کرنا واجب ہے۔ جیسے **عَصَا** سے **عَصوان**' **عصواتٌ**۔

نوٹ: الف مقصورہ غیر اصلی کو یاء مفتوح کے ساتھ تبدیل کرنے کیلئے ایک شرط ہے۔

شرط (۱) :۔ وہ شرط یہ ہےکہ واؤ مفتوح کے ساتھ تبدیل کرنے والی دونوں شرطیں اس میں نہ پائی جائیں یعنی الف مقصورہ چوتھی یا پانچویں جگہ واقع ہو یا یاء سے تبدیل شدہ ہو جیسے **مُصْطَفٰی** سے **مُصْطَفَیَانِ مُصْطَفَیَاتٌ** رحی ' رحیان ' رحیاتٌ۔

نوٹ :الف مقصورہ اصلی کو واؤ مفتوح کے ساتھ تبدیل کرنے کیلئے دو شرطیں ہیں۔

شرط (۱) :۔ الف مقصورہ تیسری جگہ ہو۔

شرط (۲) :۔ جس کلمہ میں الف مقصورہ ہو اس میں امالہ ناجائز ہے ہو جیسے الی کسی کا نام رکھ دیا جائے تو اسکے تثنیہ اور جمع مؤنث سالم کے بناتے وقت واؤ مفتوحہ کے ساتھ تبدیل کر کے الوانٌ ' الواتٌ پڑھنا واجب ہے۔

نوٹ :۔ الف مقصورہ اصلی کو یا مفتوح کے ساتھ تبدیل کرنے کیلئے ایک شرط ہے۔

شرط (۱) : وہ یہ ہےکہ واؤ مفتوح کے ساتھ تبدیل کرنے والی شرائط اسمیں نہ پائی جاتی ہوں یعنی الف مقصورہ اصلی چوتھی یا پانچویں جگہ واقع ہو یا اس کلمے میں الف جیسے ضُرْبیٰ ' بَلیٰ سے ضُرْبَیَانِ ' بَلَیَانِ ' ضُرْبَیَاتٌ ' بلیاتٌ پڑھنا واجب ہے۔

نوٹ : تیسرے حکم کیلئے ایک شرط ہے۔

شرط : الف ممدودہ کا ہمزہ اصلی ہو جیسے قُرَّاءٌ سے قُرَّاءَ ان ، قُرَّاءَ تٌ ۔

نوٹ : چوتھے حکم کیلئے ایک شرط ہے۔

شرط :الف ممدودہ کا ہمزہ تانیثی ہو جیسے حمْرَاءٌ سے حَمْرَاوَانِ ' حمْراواتٌ۔

نوٹ : پانچویں حکم کیلئے دو کامل شرطیں ہیں۔

شرط (۱) :الف ممدودہ والا ہمزہ غیر اصلی ہو جیسے کساءٌ سے کساء ن ' کساءَ تٌ یا کساوان ' کساواتٌ پڑھنا جائز ہے۔

شرط (۲) :۔ الف ممدودہ کا ہمزہ غیر تانیثی ہو تو پھر تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت دونوں وجہیں پڑھنا جائز ہے جیسے علباءٌ سے علباءَ ن ' علباء تٌ یا علباوان ' علباواتٌ ۔

فائدہ : شرط کامل کا مطلب یہ ہے کہ ایک ہی شرط کے پائے جانے سے حکم جاری ہو۔

ضُرْبَيَاتٌ :۔ ضُرْبَيَاتٌ کو ضُرْبىٰ سے اسطرح بناتے ہیں کہ الف مقصورہ کو یاء مفتوح کے ساتھ تبدیل کرکے اسکے آخر میں الف اور تاء علامت جمع مؤنث سالم کی لاکر آخر پر تنوین مقدرہ کو ظاہر کریں گے تو ضُرْبىٰ سے ضُرْبَيَاتٌ بن جائے گا۔

ضُرَبٌ :۔ ضُرَبٌ کو ضُرْبىٰ سے اسطرح بناتے ہیں کہ دوسرے حرف کو فتحہ دیکر آخر سے الف مقصورہ کو حذف کرکے تنوین مقدرہ کو ظاہر کریں گے تو ضُرْبىٰ سے ضُرَبٌ بن جائے گا۔

ضُرَيْبىٰ :ضُرَيْبىٰ کو ضُرْبىٰ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف اول کو اپنے حال پر چھوڑ کر ثانی کو فتحہ دیکر تیسری جگہ یاء ساکن علامت تصغیر کی لائینگے تو ضُرْبىٰ سے ضُرَيْبىٰ بن جائے گا۔

فعل تعجب کے بنانے کا طریقہ

مَااَضْرَبَهٗ : مَااَضْرَبَهٗ کو ضرباً سے اسطرح بناتے ہیں کہ ہمزہ مفتوحہ علامت فعل تعجب کی فاء کلمہ کے سکون کے ساتھ لاکر عین کلمہ کو فتحہ دیکر آخر سے تنوین تمکن علامت اسم کو حذف کرکے آخر کو مبنی بر فتحہ کرینگے تو ضرباً سے مَااَضْرَبَهٗ بن جائیگا۔

اَضْرِبْ بِه : اَضْرِبْ بِه کو ضرباً سے اسطرح بناتے ہیں کہ ہمزہ مفتوحہ فاء

کلمہ کے سکون کے ساتھ اسکے ابتداء میں لاکر عین کلمہ کو کسرہ دینگے اور آخر سے تنوین تمکن علامت اسم کو حذف کر کے آخر کو مبنی بر سکون کرینگے تو ضرباً سے اَضْرِبْ بِہ بن جائے گا۔

ضَرُبَ : ضَرُبَ کو ضرباً سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف اول کو اپنے حال پر چھوڑ کر ثانی کو ضمہ دیکر آخر سے تنوین تمکن علامت اسم کو حذف کرنے کے بعد آخر کو مبنی پر فتحہ کریں گے تو ضرباً سے ضَرُبَ بن جائیگا۔

باب دوم

صرف صغیر ثلاثی مجرد صحیح ازباب فعَل یفعُلُ جیسے النَّصْرُ۔

نَصَرَ یَنْصُرُ نَصْراً فهو نَاصِرٌ و نُصِرَ یُنْصَرُ نَصْراً فذاك مَنْصُوْرٌ لَمْ یَنْصُرْ لَمْ یُنْصَرْ لایَنْصُرُ لایُنْصَرُ لَنْ یَنْصُرَ لَنْ یُنْصَرَ لَیَنْصُرَنَّ لَیُنْصَرَنَّ لَیَنْصُرَنْ لَیُنْصَرَنْ الامر منه اُنْصُرْ لِتُنْصَرْ لِیَنْصُرْ لِیُنْصَرْ والنهی عنه لاتَنْصُرْ لاتُنْصَرْ لایَنْصُرْ لایُنْصَرْ الظرف منه مَنْصَرٌ والاٰلة منه مِنْصَرٌ و مِنْصَرَةٌ و مِنْصَارٌ وافعل التفضیل المذکر منه اَنْصَرُ والمؤنث منه نُصْرٰی وفعل التعجب منه مَااَنْصَرَهُ و اَنْصِرْبِه و نَصُرَ.

فائدہ : یہ دوسرا باب معنی گردان اور بناء میں پہلے باب کی طرح ہے لیکن باب دوم کا باب اول کے ساتھ چار جگہوں میں فرق ہے مضارع معلوم میں' اسم فاعل میں' امر حاضر معروف میں اور اسم ظرف کے بنانے میں۔

باب سوم

صرف صغیر ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعِلَ یَفْعَلُ جیسے "اَلْعِلْمُ" جاننا

عَلِمَ یَعْلَمُ عِلْماً فهو عَالِمٌ و عُلِمَ یُعْلَمُ عِلْماً فذاك مَعْلُوْمٌ لَمْ یَعْلَمْ لَمْ یُعْلَمْ

لایَعْلَمُ لایُعْلَمُ لَنْ یَعْلَمَ لَنْ یُعْلَمَ لَیَعْلَمَنَّ لَیُعْلَمَنَّ لَیَعْلَمَنْ لَیُعْلَمَنْ الامر منه اِعْلَمْ لِتُعْلَمْ لِیَعْلَمْ لِیُعْلَمْ والنهی عنه لاتَعْلَمْ لاتُعْلَمْ لایعلَمْ لایُعْلَمْ الظرف منه مَعْلَمٌ والاٰلة منه مِعْلَمٌ مِعْلَمَةٌ ومِعْلَامٌ وافعل التفضیل المذکر منه اَعْلَمُ والمؤنث منه عُلْمٰی وافعل التعجب منه مَااَعْلَمه واَعْلِمْ بِه وعلُمَ.

قانون

هر کلمه حلقی العین که بروزن فعِلٌ باشد سوائے اصل درآن سه وجه خواندن جائز است و اگر حلقی العین نبا شد در فعل یك وجه و دراسم دو وجه جائز است و دروزن فُعُلٌ فُعْلٌ و در فِعِلٌ فِعْلٌ و در فَعُلٌ فَعْلٌ و در فُعِلٌ فُعْلٌ خواندن جائز است .

اس قانون کا نام ہے شَهِدَ ' شَهْدَ ' شِهِدَ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ ہر ایسا کلمہ (صیغہ) جو فعِل کے وزن پر ہو (یعنی فاء کلمہ مفتوح عین کلمہ مکسور اور لام کلمہ کا کوئی اعتبار نہیں) اور عین کلمہ کے مقابلے میں حرف حلقی ہو تو اسمیں سوائے اصل کے تین وجہیں جائز ہیں۔ ایک عین کلمہ کا سکون دوسرا فاء کلمہ کا کسرہ اور تیسرا فاء اور عین کلمہ کا کسرہ جیسے فعل کی مثال شَهِدَ کو شَهْدَ ' شِهْدَ ' شِهِدَ پڑھنا جائز ہے۔

اور اگر عین کلمہ کے مقابلے میں حرف حلقی نہ ہو تو فعل میں سوائے اصل کے ایک وجہ اور اسم میں سوائے اصل کے دو وجہیں پڑھنا جائز ہے جیسے فعل کی مثال عَلِمَ کو عَلْمَ پڑھنا جائز ہے۔ اسم کی مثال کَتِفٌ کو کَتْفٌ اور کِتْفٌ پڑھنا جائز ہے۔

فائدہ : ہر ایسا صیغہ جو فَعُلٌ کے وزن پر ہو اسکو فَعْلٌ پڑھنا جائز ہے۔ جیسے عَضُدٌ کو عَضْدٌ پڑھنا جائز ہے۔

اور ہر ایسا صیغہ جو فِعِلٌ کے وزن پر ہو اسکو فِعْلٌ پڑھنا جائز ہے۔ جیسے اِبِلٌ کو اِبْلٌ پڑھنا جائز ہے۔

اور ہر ایسا صیغہ جو فُعُلٌ کے وزن پر ہو اسکو فُعْلٌ پڑھنا جائز ہے جیسے عُنُقٌ کو عُنْقٌ پڑھنا جائز ہے۔

اور ہر ایسا صیغہ جو فُعُلٌ کے وزن پر ہو اسکو فُعْلٌ پڑھنا جائز ہے جیسے قُفُلٌ کو قُفْلٌ پڑھنا جائز ہے۔

قانون

هر باب كه ماضى او مكسور العين و مضارع او مفتوح العين باشد يادر اول ماضى او همزه وصلى يا تائے زائده مطرده باشد درمضارع معلوم او غير اهل حجاز حرف اتين را بغير يائے حركت كسره مى دهند جواز اور در ابىٰ يا بىٰ يائے را نيز .

اس قانون کا نام ہے تِعْلَم ، تِتَصَرَّف ، تِكْتَسِبُ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ ہر ایسا باب جسکی ماضی مکسور العین اور مضارع مفتوح العین ہو یا اسکے ماضی کے ابتداء میں ہمزہ وصلی ہو یا تاء زائدہ مطردہ (قیاسی) ہو تو غیر اہل حجاز کی لغت میں مضارع معلوم میں یا کے علاوہ حرف اتین کو حرکت کسرہ دینا جائز ہے اور أبىٰ يأبىٰ کے مضارع معلوم میں یا کو بھی کسرہ دینا جائز ہے۔ وہ باب جسکا ماضی مکسور العین ہو اسکی مثال جیسے تَعْلَمُ ، اَعْلَمُ ، نَعْلَمُ سے تِعْلَمُ ، اِعْلَمُ ، نِعْلَمُ.

وہ باب جسکے ابتداء میں تاۓ زائدہ مطردہ ہو اسکی مثال جیسے تَصَرَّفُ، اَتَصَرَّفُ نَتَصَرَّفُ کو تِتَصَرَّفُ، نِتَصَرَّفُ، اِتَصَرَّفُ پڑھنا جائز ہے۔ اور وہ باب جسکے ماضی کے شروع میں ھمزہ وصلی ہو اسکی مثال تکتسبُ، نکتسبُ، اَکْتَسِبُ کوتِکْتَسِبُ، اِکْتَسِبُ نِکْتَسِبُ پڑھنا جائز ہے۔ اور أبی یأبی کے باب میں یأبیٰ، تأبیٰ، أء بی، نأبیٰ کو یِیبی، تِیْبِی، اِیْبِی، نِیبی پڑھنا جائز ہے۔

باب چہارم

صرف صغیر ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعَلَ یفعَلُ، مَنَعَ یَمْنَعُ، چوں اَلْمَنْعُ مَنَعَ یَمْنَعُ مَنْعاً فهو مَانِعٌ ومُنِعَ یُمْنَعُ مَنْعاً فذاك مَمْنُوْعٌ لَمْ یَمْنَعْ لَمْ یُمنَعْ لایَمْنَعُ لایُمْنَعُ لَنْ یمْنَعَ لَنْ یُمْنَعَ الامرمنه اِمنَعْ لِتُمْنَعْ لِیَمْنَعْ لِیُمْنَعْ والنهی عنه لاتَمنَعْ لاتُمْنَعْ لایَمنَعْ لایُمْنَعْ الظرف منه مَمْنَعٌ والاٰلة منه مِمْنَعٌ وَمِمْنَعَةٌ ومِمْنَاعٌ وافعل التفضیل المذکر منه اَمْنَعُ والمؤنث منه مُنْعٰی وفعل التعجب منه مَااَمْنَعَهُ واَمْنِعْ بِهٖ وَمَنُعَ.

باب پنجم

صرف صغیر ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعِلَ یَفْعِلُ چوں الحسب وَحُسْبَاناً. حَسِبَ یَحْسِبُ حَسْباً فهوحَاسِبٌ وَحُسِبَ یُحْسَبُ حَسْباً فذاك مَحْسُوبٌ لَمْ یَحْسِبْ لَمْ یُحْسَبْ لایَحْسِبُ لایُحْسَبُ لَنْ یَحْسِبَ لَنْ یُحْسَبَ الامرمنه اِحسِبْ لِتُحْسَبْ لِیَحْسِبْ لِیُحْسَبْ والنهی عنه لاتَحْسِبْ لاتُحْسَبْ لایَحْسِبْ لایُحْسَبْ الظرف منه مَحْسِبٌ والاٰلة منه مِحسَبٌ ومِحْسَبَةٌ ومِحْسَابٌ وافعل التفضیل المذکر منه اَحْسَبُ والمؤنث منه حُسْبٰی وفعل التعجب منه مَا اَحسَبَهُ واَحسِبْ بِهٖ وحَسُبَ

باب ششم

صرف صغیر ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعُلَ یَفْعُلُ چون الشَّرْفُ

شَرُفَ یشْرُفُ شرْفاً فهو شریْفٌ لمْ یشْرُفْ لایشْرُفُ لنْ یشْرُفَ الامر منه اُشْرُفْ لِیشْرُفْ والنهی عنه لاتَشْرُفْ لایَشْرُفْ الظرف منه مشْرَفٌ والآلة منه مِشْرَفٌ ومِشْرَفَةٌ ومِشْرَافٌ وافعل التفضیل مذکر منه اَشْرَفُ والمؤنث منه شُرْفیٰ وفعل التعجب منه مَااَشْرَفَهُ واَشْرِفْ بِهٖ وشَرُفَ.

صرف کبیر صفت مشبہ ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعُلَ یفْعُلُ

شَرِیْفٌ صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ

شَرِیْفَان صیغہ تثنیہ مذکر صفت مشبہ

شَرِیْفُوْنَ صیغہ جمع مذکر صفت مشبہ

شُرَفَاءُ ، شُرْفَانٌ ، شِرَافٌ ، شُرُوْفٌ ، شُرُفٌ ، اَشْرَافٌ ، اَشْرِفاءُ ، اَشْرِفَةٌ صیغہائے جمع مذکر مکسر

شَرِیْفَةٌ صیغہ واحد مؤنث صفت مشبہ

شَرِیْفَتَان صیغہ تثنیہ مؤنث صفت مشبہ

شَرِیْفَاتٌ صیغہ جمع مؤنث سالم صفت مشبہ

شَرَائِفُ صیغہ جمع مؤنث مکسر صفت مشبہ

شُرَیِّفٌ صیغہ واحد مذکر مصغر صفت مشبہ

شُرَیِّفَةٌ صیغہ واحد مؤنث مصغر صفت مشبہ

صفت مشبہ بنانے کا طریقہ

شَرِیْفٌ : شَرِیْفٌ کو یَشْرُفُ سے اسطرح بناتے ہیں کہ یاء حرف مضارعت

کے حذف کرنے کے بعد فاء کلمے کو فتحہ دیکر عین کلمہ کو کسرہ دیااور تیسری جگہ یاء ساکن علامت صفت مشبہ لاکر تنوین تمکن علامت اسم اسکے آخر میں لے آئیں گے تو یشرُفُ سے شریفٌ بن جائیگا۔

شَرِیْفَانِ اور شَرِیْفُوْنَ : شریفان اور شریفون کو شریفٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ جسطرح ضاربان، ضاربون کو ضاربٌ سے بناتے ہیں۔

شُرَفَاءُ : شُرفاءُ کوشریفٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف اول کوضمہ اور عین کلمے کو فتحہ دیکر یاءواحدہ کو حذف کیااور الف ممدودہ علامت جمع مذکر مکسر کی مع ماقبل کے ساتھ اسکے آخر میں لاکر تنوین تمکن علامت اسم کو غیر منصرف ہونے کی وجہ سے حذف کر دیاتوشریفٌ سےشُرَفاءُ بن جائے گا۔

شُرْفَانٌ :۔شُرْفانٌ کوشریفٌ سےاسطرح بناتے ہیں کہ حرف اول کوضمہ دیکر ثانی کو ساکن کر دیااور یاء واحدہ کو حذف کر کے الف نون زائدہ علامت جمع مذکر مکسر کی اسکے آخر میں لائے اور تنوین کونون پر آخری کلمہ ہونے کی وجہ سے جاری کر دیاتوشریفٌ شُرْفانٌ بن گیا۔

شِرْفَانٌ :شِرْفانٌ کوشریفٌ سےاسطرح بناتے ہیں جسطرح شُرفانٌ کوشریفٌ سے مگر یہاں فاء کلمہ کوکسرہ دیں گے۔

شِرَافٌ :شِرَافٌ کوشریفٌ سےاسطرح بناتے ہیں کہ فاء کلمہ کوکسرہ دیکر عین کلمہ کو فتح دیں گے اور یاءواحدہ کو حذف کر کے اسکے جائے الف علامت جمع مذکر مکسر کی لے آئے توشریفٌ سےشرافٌ بن جائے گا۔

شُرُوْفٌ :شُرُوفٌ کوشریفٌ سےاسطرح بناتے ہیں کہ فاءاور عین کلمہ کوضمہ دیکر یاءواحدہ کوحذف کریں گے اوراسکے جائے واؤساکن علامت جمع مذکر مکسر کی لے آئے توشَرِیفٌ سےشُرُوفٌ بن جائے گا۔

شُرُفٌ : شُرُفٌ کو شریفٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ فاء اور عین کلمہ کو ضمہ دیکر یاء واحدہ کو حذف کریں گے تو شَرِیْفٌ سے شُرُفٌ بن جائیگا۔

اَشْرَافٌ : اَشْرَافٌ کو شَرِیْفٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ ہمزہ مفتوحہ فاء کلمہ کے سکون کے ساتھ شروع میں لاکر عین کلمہ کو فتحہ دیا اور یاء واحدہ کو حذف کر کے اسکے بجائے الف علامت جمع مذکر مکسر کی لائے شَرِیْفٌ سے اَشْرافٌ بن جائے گا۔

اَشْرِفَاءُ : اَشْرِفَاءُ کو شَرِیْفٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ ہمزہ مفتوحہ سکون فاء کلمہ کے ساتھ اسکے ابتداء میں لاکر یاء واحدہ کو حذف کردیا اور الف ممدودہ عامت جمع مذکر مکسر کی فتحہ ماقبل کے ساتھ اسکے آخر میں لاکر تنوین تمکن علامت اسمیّت کو حذف کردیا غیر منصرف ہونے کی وجہ سے شَرِیْفٌ سے اَشْرِفاءُ بن جائے گا۔

اَشْرِفَةٌ : اَشْرِفَةٌ کو شَرِیْفٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ ہمزہ مفتوحہ فاء کلمے کے سکون کے ساتھ اسکے ابتداء میں لاکر یاء واحدہ کو حذف کردیا اور تاء متحرکہ فتحہ ماقبل کے ساتھ اسکے آخر میں لاکر اعراب کو تاء پر جاری کریں گے تو شریفٌ سے اشرفةٌ بن جائیگا۔

شَرِیْفَةٌ : شَرِیْفَةٌ کو شَرِیْفٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ تاء متحرکہ علامت تانیث ماقبل کے فتحہ کے ساتھ لاکر اعراب کو تاء پر جاری کردیا آخری کلمہ ہونے کی وجہ سے شَرِیْفٌ سے شَرِیْفَةٌ بن جائیگا۔

شَرِیْفَتَانِ ، شَرِیْفَاتٌ : شَرِیْفَتَانِ ، شَرِیْفَاتٌ کو شَرِیْفَةٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ جسطرح ضَارِبَتَانِ ، ضَارِبَاتٌ کو ضَارِبَةٌ سے بنایا تھا۔

شَرَائِفُ : شَرَائِفُ کو شَرِیْفَةٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ تیسری جگہ الف

علامت جمع مؤنث مکسر کی فتحہ ما قبل کے ساتھ لا کر وہ حرف جو الف علامت جمع مؤنث مکسر کے بعد ہے اسکو کسرہ دیا اور تاء واحدہ اور تنوین تمکن کو حذف کر دیا ضدیت اور غیر منصرف ہونے کی وجہ سے توشَرِیْفَۃٌ سےشَرَائفُ بن گیا۔ پس یاء واقع ہوئی ہے الف مفاعل کے بعد اسکو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو شرائفُ سے شَرَائفُ بن جائے گا۔

نوٹ : آنے والے قانون سے پہلے چند فائدوں کا جاننا ضروری ہے۔

فائدہ ۱ : وزن کی تین قسمیں ہیں۔

(۱) وزن صرفی (۲) وزن صوری (۳) وزن عروضی۔

۱) وزن صرفی

وزن صرفی وہ وزن ہے جسمیں موزون کی حرکات و سکنات کا وزن کی حرکات و سکنات کے ساتھ تقابل ہو اور ساتھ ساتھ حروف اصلی اور زائدہ کا بھی لحاظ ہو جیسے شَرَائِفُ بروزن فَعَائِلُ.

۲) وزن صوری

وزن صوری وہ وزن ہے جسمیں وزن اور موزون کی حرکات و سکنات کا تقابل ہو لیکن حروف اصلی اور زائدہ کا لحاظ نہ ہو جیسے شَرَائفُ بروزن مَفَاعِلُ.

۳) وزن عروضی

وزن عروضی وہ ہے جسمیں نہ حرکات کا لحاظ ہو اور نہ حروف اصلی اور زائدہ کا جیسے شَرِیْفٌ بروزن فَعُوْلٌ.

فائدہ ۲ : آنے والے قانون میں وزن سے مراد وزن صوری ہے۔

فائدہ ۳ : حروف اصلی اور زائدہ کا جمع میں مفرد سے پتہ چلتا ہے جو حروف

مفرد میں اصلی جمع میں اصلی اور جو حروف مفرد میں زائد وہ جمع میں بھی زائد ہو گا۔

قانون

هر حرف علت یے واقع شود شود بعد از الف مفاعل
آن را به همزه بدل کنند و جوباً زائده را مطلقاً و اصلی
را بشرط تقدم حرف علت هر الف مفاعل.

اس قانون کا نام ہے الف مَفَاعِل یا شَرَائِفُ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ حرف علت کا واقع ہو الف مفاعل کے بعد پھر دیکھا جائے گا کہ زائدہ ہے یا اصلی۔ پس اگر زائد ہے تو اسکو مطلقاً ہمزہ کے ساتھ تبدیل کرنا واجب ہے۔ مطلقاً کا یہ مطلب ہے کہ الف مفاعل سے پہلے حرف علت کا ہو یا نہ ہو۔ الف مفاعل سے پہلے حرف علت کا نہ ہو جیسے شرایفُ اسکا مفرد شریفةٌ ہے اسکو ہمزہ سے تبدیل کر کے شَرَائِفُ پڑھا جائے گا۔

الف مفاعل سے پہلے حرف علت ہو جیسے طَوَایِلُ اس کا مفرد طَوِیْلَةٌ ہے اسکو ہمزہ سے تبدی کر کے طَوَائِلُ پڑھا جائے گا۔ اور اگر حرف علت اصلی ہے تو اسکو ہمزہ سے تب تبدیل کیا جائے گا جبکہ الف مفاعل سے پہلے حرف علت کا ہو جیسے قواول اسکا مفرد قاولةٌ ہے اسکو ہمزہ سے تبدیل کر کے قوائل پڑھا جائے گا اور اگر الف مفاعل سے پہلے حرف علت کا نہیں ہے تو اسکو ہمزہ سے تبدیل نہیں کریں گے۔ جیسے مَقَاوِلُ.

فائدہ : اور مَصَائِبُ جمع مُصِیْبَةٌ شاذ ہے اسلئے کہ حرف علت الف مفاعل سے پہلے نہیں ہے۔

شرَیفٌ ' شُرَیفَۃٌ : شریَفٌ ' شریَفۃٌ کو شریفٌ اور شریفۃٌ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف اول کو ضمہ ثانی کو فتحہ تیسری جگہ یاء ساکن علامت تصغیر کی لائیں گے اور اسکے بعد والے حرف کو کسرہ دیں گے تو شریُفٌ ' شریُفۃٌ سے شُرَیْیفٌ ' شُرَیْیفۃٌ بن جائے گا۔ اب دو حرف ایک جنس کے اکٹھے ہو گئے پہلا ساکن ہے دوسرا متحرک پہلے کو دوسرے میں ادغام کیا تو شُرَیْیفٌ اور شُرَیْیفۃٌ سے شُرَیفٌ اور شُرَیفۃٌ بن جائے گا۔

ختم شد ابواب و بناء ثلاثی مجرد

از افادات :۔ حضرت مولانا عبدالسمیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ

ثلاثی مزید فیہ

ابواب وقوانین

"باب اول"

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ باب افعال چون الاکرام عزت کرنا

اَکْرَمَ یُکْرِمُ اِکْرَامًا فهو مُکْرِمٌ و اُکْرِمَ یُکْرَمُ اِکْرَامًا فذاك مُکْرَمٌ لَمْ یُکْرِمْ لَمْ یُکْرَمْ لایُکْرِمُ لایُکْرَمُ لَنْ یُکْرِمَ لَنْ یُکْرَمَ الامر منه اَکْرِمْ لِتُکْرَمْ لِیُکْرِمْ لِیُکْرَمْ والنهی عنه لاتُکْرِمْ لاتُکْرَمْ لایُکْرِمْ لایُکْرَمْ الظرف منه مکرمٌ مکرمان مکرماتٌ.

بنانے کا طریقہ

أکْرَمَ (ماضی) : اَکْرَمَ کو اِکْرَاماً سے اسطرح بناتے ہیں کہ ہمزہ کے کسرہ کو

فتحہ سے تبدیل کر کے الف اور تنوین علامت مصدر کو حذف کرے آخر کو مبنی بر فتحہ کریں گے تو اِکْرَاماً سے اَکْرَمَ بن جائیگا۔

یُکْرِمُ ، تُکْرِمُ ، تُکْرِمُ اُکْرِمُ ، نُکْرِمُ(مضارع) : کو اَکْرَمَ سے اسطرح بناتے ہیں کہ ایک حرف حروف اتین میں سے مضموم اسکے ابتداء میں لاکر ما قبل آخر کو کسرہ دیں گے اور آخر پر ضمہ اعرابی لے آئیں گے تو اَکْرَمَ سے یُاَکْرِمُ ، تُاَکْرِمُ اُاَکْرِمُ ، نُاَکْرِمُ بن جائے گا۔ پس واحد متکلم کے صیغے میں دو ھمزہ اکٹھے ہو گئے اور اسطرح دو ہمزوں کا اکٹھا ہونا ناپسندیدہ تھا۔ اسلیئے ثانی ہمزہ کو خلاف قاعدہ حذف کر دیا اور باقی صیغوں میں بھی ہمزہ کو حذف کر دیا تاکہ پورے باب کا حکم ایک ہوجائے تو یُاَکْرِمُ ، تُاَکْرِمُ ، اُاَکْرِمُ ، نُاَکْرِمُ سے یُکْرِمُ ، تُکْرِمُ ، اُکْرِمُ نُکْرِمُ بن جائے گا۔

اَکْرِمْ (امر) : اَکْرِمْ الخ کو تُکْرِمُ الخ سے اسطرح بناتے ہیں کہ تُکْرِمُ کو اپنے اصل کی طرف لوٹائیں گے اور تاء حرف مضارعت کو حذف کریں گے اور چونکہ مابعد متحرک تھا لہذا امر اسی طرح رہے گا صرف آخر و وقف کریں گے وقف کی وجہ سے ایک صیغے میں ضمہ اعرابی گر جائے گا اور سکون آجائے گا چار صیغوں میں نون اعرابی گر جائے گا اور ایک صیغہ میں کچھ عمل نہیں کریگا کیونکہ وہ مبنی ہے تو تکرم الخ سے سوائے متکلم کے اکرم الخ سوائے متکلم بن جائے گا۔

نوٹ : آنے والے قانون سے پہلے چند فائدوں کا جاننا ضروری ہے۔

فائدہ ۱ : درمیان کلام کا مطلب یہ ہیکہ ہمزہ سے پہلے کوئی لفظ ہو خواہ ساکن ہو یا متحرک ہو لیکن ہمزہ کے مابعد کے لفظ کا ما قبل کے ساتھ اتصال لفظاً اور معنیً ہو۔ پس اگر صرف معنیً اتصال ہے لفظاً نہیں جیسے **الحمد اللہ رب العلمین الرحمٰن الرحیم** حالت وقف میں۔ یا صرف لفظاً اتصال ہو معنیً نہیں جیسے **واحدٌ**

، اثنان ، ثلاثة تو اسکو درج کلام یا درمیان کلام نہیں کہتے بلکہ جب لفظاً اور معنیً اتصال ہو تب اسکو درج کلام یا درمیان کلام کہیں گے جیسے قل الحق واضرب ۔

فائدہ ۲ : ہمزہ وصلی اور قطعی کے پہچاننے کیلئے دو شرطیں ہیں۔

(۱) ہمزہ ابتداء کلمے میں ہو۔ (۲) ہمزہ زائدہ ہو۔

فائدہ ۳ : ہمزہ وصلی وہ ہے جو اپنے مابعد کو ماقبل کے ساتھ ملا کر خود درمیان سے محذوف ہو جائے جیسے واضربُوْھُمْ.

ہمزہ قطعی وہ ہے جو اپنے مابعد کو ماقبل سے جدا کرے اور خود درمیان سے محذوف نہ ہو بلکہ ثابت رہے جیسے ثُمَّ اَکْرِمْ ۔

قانون

هر همزه زائده که واقع شود راول کلمه وصلی باشدیا قطعی حکم وصلی اینکه در درج کلام و بمتحرك شدن مابعد بیفتد وحکم قطعی عکس این است و همزه قطعی شت قسم است.

اس قانون کانام ہے ہمزہ وصلی قطعی کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ جو ہمزہ زائدہ واقع ہو کلمہ کے شروع میں تو وصلی ہوگا یا قطعی۔ اگر وصلی ہے تو دو وقتوں میں گر جائے گا۔

(۱) جس وقت کے مابعد متحرک ہو جیسے اُقْوُلْ سے قُلْ یا اِخْتَصَمَ سے خَصَّمَ.

(۲) درج کلام میں آنے کے وقت جیسے فَاضْرِبْ ۔ اور ہمزہ قطعی دونوں صورتوں میں نہیں گرتا نہ مابعد کے متحرک ہونے کے وقت نہ درمیان کلام میں آنے کے وقت۔

فائدہ : ہمزہ قطعی کی آٹھ اقسام ہیں۔

۱) باب افعال کا ہمزہ چاہے مصدر کا ہو یا ماضی کا یا امر کا جیسے اَکْرَمَ ' اِکْرَاماً ' اَکْرِمْ.

۲) واحد متکلم کا ہمزہ جیسے اَضْرِبُ ۔

۳) اسم تفضیل کا ہمزہ جیسے اَضْرَبُ ۔

۴) فعل تعجب کا ہمزہ جیسے مااَضْرَبَهُ و اَضْرِبْ به

۵) جمع کا ہمزہ جیسے اَشْرَافٌ

۶) اعلام کا ہمزہ جیسے اَحْمَد ' اِبْرَاهِيْم (اعلام جمع ہے علم کی بمعنیٰ نام)

۷) بناء کا ہمزہ یعنی وہ ہمزہ جو کسی مبنی کلمہ کے ابتداء میں ہو جیسے اَنَا، اَنتَ وغیرہ

۸) استفہام کا ہمزہ جیسے اَءَ نْذَرْتَهُمْ ۔

نوٹ : ہمزہ قطعی کی صرف یہ آٹھ قسمیں ہیں اسکے علاوہ جتنے بھی ہمزہ جات ہیں وہ سب کے سب وصلی ہیں۔

قانون

ہر باب کے ماضی او چهار حرفی بود در مضارع معلوم او حرف اتین را حرکت ضمه می دهند وجوباً .

اس قانون کا نام ہے مضارع معروف کا پہلا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ ہر ایسا باب جسکی ماضی چہار حرفی ہو اسکے مضارع معلوم میں حرف اتین کو حرکت ضمہ دینا واجب ہے جیسے يُكْرِمُ يُصَرِّفُ.

فائدہ : چار ابواب اِفْعَال ' تَفْعِيْل ' مُفَاعَلَة ' فَعْلَلَة کے مضارع معلوم میں حرف مضارعت مضموم ہوتا ہے اور باقی تمام ابواب کا حرف مضارع، مضارع معلوم میں مفتوح ہوتا ہے۔

باب دوم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ ازباب تَفْعِیْلٌ چون اَلتَّصَرُّفُ پھرانا۔

صَرَّفَ یُصَرِّفُ تَصْرِیْفاً فھو مُصَرِّفٌ وصُرِّفَ یُصَرَّفُ تَصْرِیْفاً فذاك مُصَرَّفٌ لَمْ یُصَرِّفْ لَمْ یُصَرَّفْ لایُصَرِّفُ لایُصَرَّفُ لَنْ یُصَرِّفَ لَنْ یُصَرَّفَ الامر منه صَرِّفْ لِتُصَرَّفْ لِیُصَرِّفْ لِیُصَرَّفْ والنهی عنه لاتُصَرِّفْ لاتُصَرَّفْ لایُصَرِّفْ لایُصَرَّفْ الظرف منه مُصَرَّفٌ مُصَرَّفَانِ مُصَرَّفَاتٌ .

بنانے کا طریقہ

صَرَّفَ کو تَصْرِیْفاً سے اسطرح بناتے ہیں کہ تاء اور یاء علامت مصدر کو حذف کرکے فاء کلمہ کو فتحہ دیا اور عین کلمہ کو مشدد مفتوح بنا کر آخر سے تنوین تمکن علامت اسم کو حذف کردیا اور آخر کو مبنی بر فتحہ کردیا تو تَصْرِیْفاً سے صَرَّفَ بن گیا۔

باب سوم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ ازباب مُفَاعَلَةٌ چون اَلْمُضَارَبَۃ ایک دوسرے کو مارنا

ضَارَبَ یُضَارِبُ مُضَارَبَۃً فھو مُضارِبٌ وضُوْرِبَ یُضَارَبُ مُضَارَبَۃً فذاك مُضَارَبٌ لَمْ یُضَارِبْ لَمْ یُضَارَبْ لایُضَارِبُ لایُضَارَبُ لَنْ یُضَارِبَ لَنْ یُضَارَبَ الامر منه ضَارِبْ لِتُضَارَبْ لِیُضَارِبْ لِیُضَارَبْ والنهی عنه لاتُضَارِبْ لاتُضَارَبْ لایُضَارِبْ لایُضَارَبْ الظرف منه مُضَارَبٌ مُضَارَبَانِ مُضَارَبَاتٌ .

بنانے کا طریقہ

ضَارَبَ کو مُضَارَبَۃٌ سے اس طرح بناتے ہیں کہ میم اور تاء اور تنوین تمکن علامت مصدر کو حذف کرکے آخر کو مبنی بر فتحہ کردیا تو مُضَارَبَۃٌ سے ضَارَبَ بن گیا۔

باب چہارم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح ازباب تفعل چوں التصرف

تَصَرَّفَ يَتَصَرَّفُ تَصَرُّفاً فهو مُتَصَرِّفٌ و تُصُرِّفَ يُتَصَرَّفُ تَصَرُّفاً فذاك مُتَصَرَّفٌ لَمْ يَتَصَرَّفْ لَمْ يُتَصَرَّفْ لايَتَصَرَّفُ لايُتَصَرَّفُ لَنْ يَتَصَرَّفَ لنْ يُتَصَرَّفَ الامر منه تَصَرَّفْ لِتَتَصَرَّفْ لِيَتَصَرَّفْ لِيُتَصَرَّفْ والنهي عنه لاتَتَصَرَّفْ لاتُتَصَرَّفْ لايَتَصَرَّفْ لايُتَصَرَّفْ الظرف منه مُتَصَرَّفٌ مُتَصَرَّفَان مُتَصَرَّفَاتٌ .

بنانے کا طریقہ

تَصَرَّفَ کو تَصَرُّفاً سے اسطرح بناتے ہیں کہ ماقبل آخر کو فتحہ دیکر تنوین تمکن علامت اسم کو حذف کر کے آخر کو مبنی بر فتحہ کیا تو تَصَرُّفاً سے تَصَرَّفَ بن گیا۔

اس قانون کا نام ہے ماضی معلوم کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ ان تین ابواب تَفَعُّل' تفاعُل' تَفَعْلُل کے مصدر سے ماضی معلوم بناتے وقت ماقبل آخر کو فتحہ دیناواجب ہے جیسے تصرّف' تضارب

قانون

هر باب که دراول ماضی او تائے زائده مطرده باشد در مضارع معلوم او ماقبل آخر را بر حال خود می دارند وجوباً واگر تائے زائده مطرده نباشد کسره می دهند سوائے ابواب ثلاثی مجرد.

اس قانون کا نام ہے مضارع معروف کا دوسرا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ ان تین ابواب "تفعل' تفاعل' تفعلل" کے ماضی

معروف سے مضارع معروف بناتے وقت ما قبل آخر کو اپنے حال پر چھوڑنا واجب ہے جیسے تصرّفَ سے یتصرّفُ. اور ان تین ابواب کے علاوہ ثلاثی مزید اور رباعی مجرد اور رباعی مزید فیہ میں مضارع معروف کے ما قبل آخر کو حرکت کسرہ دینا واجب ہے جیسے تَکْتَسِبُ۔

فائدہ: ثلاثی مجرد کے ابواب میں مضارع معروف کا ما قبل آخر کبھی مضموم اور کبھی مفتوح اور کبھی مکسور ہوتا ہے۔

قانون

هر تاء مضارعت که داخل شود برتاء تفعل یا تفاعل یا تفعلل در مضارع معلوم او حذف یکے جائز است.

اس قانون کا نام ہے مضارع معلوم کا تیسرا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ ان تین ابواب "**تفعل، تفاعل، تفعلل**" کے مضارع معلوم میں جہاں دو تاء اکٹھے ہو جائیں وہاں ایک تاء کو حذف کرنا جائز ہے جیسے تتصرّف کو **تصرّف** پڑھنا جائز ہے۔

باب پنجم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ از باب تَفَاعُلٌ چوں اَلتَّضَارُبُ

تضارَبَ یتضَارَبُ تضارُباً فهو متَضاربٌ تُضُوْرِب یُتضَارَبُ تضارُباً فذاك مُتضارَبٌ لَمْ یَتضارَبْ لَمْ یُتضارَبْ لایتضارَبُ لایُتضارَبُ لَنْ یتضارَب لَنْ یُتَضَارَب الامر منه تضارَبْ لِتُتضارَبْ لِیتضارَبْ لِیُتضارَب والنهی عنه لاتَتضَارَبْ لاتُتضارَبْ لایَتضارَبْ لایُتَضارَبْ الظرف منه مُتَضارَبٌ مُتَضارَبَانِ مُتضارَبَاتٌ.

بنانے کا طریقہ

تضارُب کو تضَارُباً سے اسطرح بناتے ہیں کہ ما قبل آخر کو فتحہ دیکر تنوین علامت اسمیت کو حذف کر کے آخر کو مبنی بر فتحہ کر دیا تو تضارُباً سے تضارب بن گیا۔

باب ششم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح ازباب اِفْتِعَالٌ چوں اَلاِکْتِسَابُ

اِکْتَسَبَ یَکْتَسِبُ اِکْتِسَاباً فھو مُکْتَسِبٌ واُکْتُسِبَ یُکْتَسَبُ اِکْتِسَاباً فذاك مُکْتَسَبٌ لَمْ یَکْتَسِبْ لَمْ یُکْتَسَبْ لایَکْتَسِبُ لایُکْتَسَبُ لَنْ یَکْتَسِبَ لَنْ یُکْتَسَبَ الامر منه اِکْتَسِبْ لِتُکْتَسَبْ لِیَکْتَسِبْ لِیُکْتَسَبْ والنھی عنه لاتَکْتَسِبْ لاتُکْتَسَبْ لایَکْتَسِبْ لایُکْتَسَبْ الظرف منه مُکْتَسَبٌ مُکْتَسَبَان مُکْتَسَبَاتٌ.

بنانے کا طریقہ

اِکْتَسَبَ کو اِکْتِسَاباً سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف اول کو اپنے حال پر چھوڑ کر ثالث کو فتحہ دیکر الف کو حذف کر دیا اور آخر سے تنوین تمکن علامت اسمیت کو حذف کر کے اسکو مبنی بر فتحہ کر دیا تو اکتساباً سے اکتسبَ بن گیا۔

باب افتعال کے قوانین

قانون

ھر واو ویاء غیر بدل از ھمزہ که واقع شود مقابله فاء کلمه افتعال یا تفعل یا تفاعل آن را تاء کرد درتاء کرد درتاء ادغام می کنند جوباً براکثر لغت اھل حجاز در افتعال و بربعض لغت اھل حجاز درتفعل و تفاعل مگر اتخذ یتخذ شاذ است.

اس قانون کا نام ہے اتَّعَد ، اِتَّسَر کا قانون ہے۔

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ ہر ایسا واؤ یا یاء جو ہمزہ سے تبدیل شدہ نہ ہو اور فاء کلمہ باب افتعال تفعل یا تفاعل میں واقع ہو جائے تو اسکو تاء کر کے تاء کو تاء میں ادغام کرنا واجب ہے۔ لیکن باب افتعال کی واؤ یا یاء کو اکثر حجازیین کی لغت میں اور باب تفعل اور تفاعل کی واؤ یا یاء بعض حجازیین کی لغت میں۔

باب افتعال کی مثال اوتعد ' ایتسر سے اتَّعد اور اتّسر اور باب تفعل یا تفاعل کی مثال توَعَّد، تواعد ، تیسَّر اور تیاسرَ تو یہاں واؤ اور یا تفعل' تفاعل کے فاء کلمہ کے مقابلے میں واقع ہوا تو واؤ اور یاء کو تاء کر کے تاء کو تاء میں ادغام کیا تو ابتداء سکون کے ساتھ محال تھی تو ان کے ابتداء میں ہمزہ وصلی لائے تو توَعَّد ' تواعد اور تیسّر ' تیاسرا سے اتَّعَّدَ ' اتَّاعدَ اور اتسّر ' اتَّاسر بن گیا۔

فائدہ : اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ میں واؤ کو تاء کر کے تاء کو تاء میں ادغام کرنا خلاف قاعدہ ہے کیونکہ اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ اصل میں اِوْتخذ ' يوْتخِذُ تھے اور یہ اصل میں اِئْتَخَذَ يَاْتَخِذُ ہیں پس اس صورت میں واؤ اور یاء ہمزہ سے تبدیل شدہ ہیں اس لیئے اس واؤ اور یاء کو تاء کیا اور تاء کو تاء میں ادغام کیا لیکن اگر اِتَّخَذَ کا مادہ تَخَذَ مانیں گے تو پھر خلاف قاعدہ نہیں ہو گا۔

قانون

اگر یکے از سین شین که واقع شود مقابله فاء کلمه باب افتعال تائے ویرا جنس فاء کلمه کرده جواز جنس را درجنس ادغام می کنند و جوباً .

اس قانون کا نام ہے اسَّمع ' اِشَّبه کا قانون :۔

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ اگر فاء کلمہ باب افتعال کے مقابلے میں سین شین

واقع ہو جائے تو تائے افتعال کو سین شین کی جنس کرنا جائز ہے اور جنس کو جنس میں ادغام کرنا واجب ہے جیسے اِستَمَعَ اِشتَبَہ سے اسّمع اشّبہ۔

قانون

اگر یکے از صاد ضاد طا و ظا کے واقع شود مقابلہ فا کلمہ باب افتعال تائے ویرا طا کنند و جوبا پس اگر مقابلہ فا کلمہ طا است ادغام واجب است اگر ظا است اظہار و ادغام دو طرفہ یعنی طارا طا کر کردن وعکس او جائز است اگر صاد ضا باشد اظہار و ادغامك طرفہ یعنی طارا ضاد ضاد کردن جائز است نہ عکس او۔

اس قانون کا نام ہے اضّرب ' اصّبر کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ فاء کلمہ باب افتعال کے مقابلے میں اگر صاد ضاد طاء ظاء واقع ہو جائے تو تائے افتعال کو "طا" کرنا واجب ہے۔ پس دیکھا جائیگا کہ فاء کلمہ کے مقابلے میں طاء ظاء ہے یا صاد ضاد اگر طاء ہے تو ادغام واجب ہے جیسے اِطتَلَبَ سے اِطَّلَبَ پڑھنا واجب ہے۔ اور اگر فاء کلمے کا مقابلے میں ظاء ہے تو اظہار و ادغام دو طرفہ جائز ہیں یعنی ظاء کو طا کر کے طا کو طا میں ادغام کرنا اور طا کو ظا کر کے ظاء کو ظا میں ادغام کرنا جائز ہے جیسے اِظتَلَمَ کو اِظطَلَمَ ' اِظَّلَمَ اِطَّلَمَ پڑھنا جائز ہے اور اگر فاء کلمہ کے مقابلے میں صاد ضاد ہے تو اظہار اور ادغام یکطرفہ جائز ہے۔ یعنی طا کو صاد ضاد کرنا جائز ہے اور صاد ضاد کو طا کرنا ناجائز ہے۔ جیسے اِضتَرَبَ ' اِصتَبَرَ کو اِضطَرَبَ ' اِصطَبَرَ اور اِضَّرَبَ اور اِصَّبَرَ پڑھنا جائز ہے لیکن اِطَّبَرَ پڑھنا ناجائز ہے۔

قانون

اگر یکے از دال ' ذال زا واقع شود مقابله فا کلمه باب افتعال تائے ویرا دال کرده وجوباً دال را در دال ادغام می کنند وجوباً و ذال مثل ظا و زا مثل صاد ضاد است.

اس قانون کا نام ہے اِدَّغَمَ ' اِزَّجَرَ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر فاء باب افتعال کے مقابلے میں دال ' ذال ' زاء واقع ہو جائے تو تائے افتعال کو دال کرنا واجب ہے۔ پھر دیکھا جائے گا کہ فاء کلمہ کے مقابلے میں دال ہے یا ذال ہے یا زاء ہے۔

پس اگر دال ہے تو ادغام واجب ہے جیسے ادْتغم کو ادَّغم پڑھنا واجب ہے اور اگر فاء کلمہ کے مقابلے میں ذال ہے تو اظہار و ادغام دو طرفہ جائز ہے یعنی دال کو ذال کر کے ذال کو ذال میں ادغام کرنا اور ذال کو دال کر کے دال کو دال میں ادغام کرنا جائز ہے جیسے اِذْتکَرَ کو اِذْدَکَرَ اور اِدَّکَرَ ' اِذَّکَرَ پڑھنا جائز ہے۔

اور اگر فاء کلمے کے مقابلے میں زاء ہے تو اظہار ادغام یکطرفہ جائز ہے یعنی زاء کو دال کر کے دال کو دال میں ادغام کرنا ناجائز ہے لیکن دال کو زاء کر کے زاء میں ادغام کرنا جائز ہے۔ جیسے اِزْتجَرَ کو اِزْدَجَرَ اور اِزَّجَرَ پڑھنا جائز ہے لیکن اِدَّجَرَ پڑھنا ناجائز ہے۔

قانون

گر ثا واقع شود مقابله فا کلمه باب افتعال اظهار و ادغام دو طرفه جائز است مگر تارا ثاکر دن اولیٰ است.

اس قانون کا نام ہے اِثَّبَتَ یاباب اِفْتِعَال کا پانچواں قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ اگر ثا واقع ہو فاء کلمہ باب افتعال کے مقابلے میں تو اظہار اور ادغام دو طرفہ جائز ہے یعنی تاء کو ثاء کر کے ثا کو ثا میں ادغام کرنا اور ثاء کو تاء کر کے تاء کو تاء میں ادغام کرنا جائز ہے۔ مگر تاء کو ثاء کر کے ثاء کے ثاء میں ادغام کرنا بہتر ہے۔ جیسے اثْتبت سے اثّبت اور اتّبت پڑھنا جائز ہے۔ لیکن اثّبت پڑھنا زیادہ بہتر ہے۔ کیونکہ ثاء حرف اصلی ہے اور تاء حرف زائد ہے۔ تو اصلی کو تابع بنانا زائد کو یہ بہتر ہے بنسبت زائد کے۔

فائدہ: یہ پانچ قانون تو باب افتعال کے فاء کلمہ کے متعلق تھے اور عین افتعال اور تفعل تفاعل کے متعلق ایک قانون ہے۔

قانون

اگر یکے از دہ حروف مذکورہ بالا واقع شود مقابلہ عین کلمہ باب افتعال تائے ویرا جنس عین کلمہ کردہ جوازاً ادغام می کنند و جوباً وا گرا واقع شود ادغام جائز است و اگر یکے از حروف مذکورہ واقع شود مقابلہ فا کلمہ باب تفعل یا تفاعل تائے آھنارا جنس فا کلمہ کردہ جوازاً ادغام می کنند وجوباً واگرتا باشد ادغام جائز است.

اس قانون کا نام ہے خَصَّمَ یاباب اِفْتِعَال کا چھٹا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ اگر ان دس حروف 'سین' شین' صاد' ضاد طاء' ظاء' دال' ذال' زاد' ثاء میں سے کوئی حرفِ باب افتعال کے عین کلمہ کے

مقابلے میں آجائے تو تائے افتعال کو ان حروف کی جنس کرنا جائز ہے اور جنس کو جنس میں ادغام کرنا واجب ہے جیسے اِکْتَسَرَ ' اِنْتَشَرَ ' اِخْتَصَمَ ' اِفْتَعَلَ ' اِلْتَطَمَ ' اِکْتَظَمَ ' اِعْتَذَرَ ' اِعْتَدَلَ ' اِعْتَزَلَ ' اِنْتَشَرَ میں تائے افتعال کو ان حروف کی جنس کیا اور ان حرف کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی تو ہمزہ گر گیا اور ان حروف کو اپنی جنس میں ادغام کیا تو کَسَّرَ ' نَشَّرَ ' خَصَّمَ ' فَصَّلَ ' لَطَّمَ ' کَظَّمَ ' عَدَّلَ ' عَذَّرَ ' عَزَّلَ ' نَشَّرَ بن جائیں گے۔

فائدہ : اگر عین کلمہ باب افتعال کے مقابلے میں تاء واقع ہو جائے تو ادغام جائز ہے جیسے اِقْتَتَلَ سے قَتَّلَ۔

اور اسطرح ان دس حروف میں سے کوئی حرف فاء کلمہ باب تفعّل یا تفاعل کے مقابلے میں آجائے تو تائے تفعُّل ' تفاعل کو ان حروف کی جنس کرنا جائز ہے۔ اور جنس کو جنس میں ادغام کرنا واجب ہے جیسے تسمَّع ' تشبَّہ ' تصبَّر ' تضرَّب سے اسَّمَّع ' اشَّبَّہ ' اصَّبَّرَ ' اضَّرَّبَ پڑھنا جائز ہے۔

مثلاً تَسَمَّعَ میں سین واقع ہوا ہے فاء کلمہ باب تَفَعُّل کے مقابلے میں تو تاء تَفَعُّل کو سین کیا اور سین کو سین میں ادغام کیا تو ابتداء سکون کے ساتھ محال تھی اسلیئے ابتداء میں ہمزہ وصلی لائے تو تَسَمَّعَ سے اِسَّمَّعَ بن گیا اور تَسَامَعَ ' تَشَابَہَ ' تَصَابَرَ تَضَارَبَ سے اِسَّامع ' اِشَّابہ ' اِصَّابہ ' اِصَّابر ' اِضَّارب بن جائے گا۔

فائدہ : اس قانون سے دو باب مصنوعی ثلاثی مزید فیہ کے اور نکلیں گے ایک افَّعَلَ اور دوسرا افَّاعل اور یہ باب بھی حقیقت میں باب تفعّل اور تفاعل ہی ہیں۔

نوٹ : آنے والے قانون سے پہلے چند فائدوں کا جاننا ضروری ہے۔

۱) حروف ہجا کی دو قسمیں ہیں حروف شمسی اور حروف قمری۔

حروف شمسی: حروف شمسی کل چودہ ہیں جوکہ مندرجہ ذیل شعر میں مذکور ہیں۔

حروف شمسی چھاردہ اے دلربا　　تاؤ ثاؤ دال و ذال و راء و زا
سین و شین' صاد و ضاد و طا و ظا　　لام و نون شد آخر ایشان اے فتا

حروف قمری: حروف قمری بھی چودہ ہیں جوکہ مندرجہ ذیل شعر میں مذکور ہیں۔

حروف قمری چھار دہ اے دلکشاء　　باؤ جیم و حاؤ خاؤ عین و فاء
میم و الف بشمر از مینھا ای یار غار　　غین و کاف و قاف یاؤ واؤ ھا

۲) **لام تعریف**: لام تعریف سے مراد وہ لام ہے جو نکرہ کو معرفہ بنائے یا جو معرفہ پر تزئین کلام کیلئے آئے جیسے الحسن۔

حروف شمسی کو شمسی اسلیئے کہتے ہیں کیونکہ یہ حروف شمس کی طرف منسوب ہیں کہ جسطرح سورج کے موجود ہوتے وقت ستارے غائب ہو جاتے ہیں اسی طرح لام تعریف بھی ان حروف کی جنس ہو کر ان حروف میں مدغم اور چھپ جاتا ہے۔

اور حروف قمری کو قمری اسلیئے کہتے ہیں کیونکہ جسطرح قمر کے وقت ستارے ظاہر ہوتے ہیں اسی طرح حروف قمری سے پہلے بھی لاء نہیں گر تابلکہ ثامت رہتا ہے۔(یعنی مدغم نہیں ہوتا)

قانون

اگر یکے از یا زدہ حروف مذکورہ و را و نون بعد از لام تعریف واقع شود لام را جنس ایشان کردہ جوازاً ادغام می آید وجوباً وا گریکے از ایشان بعد از لام ساکن غیر تعریف واقع شود لام را جنس ایشان کردہ جوازاً ادغام می کنند وجوباً سوائے راچرا کہ درین جاواجب است۔

اس قانون کا نام ہے حروف شمسی اور قمری کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ ان گیارہ حروف اور حرف را اور نون سے کوئی ایک اگر لام تعریف کے بعد آجائے تو اس لام کو ان حروف کی جنس کرنا اور پھر جنس کو جنس میں ادغام کرنا واجب ہے جیسے التَّا ' الثَّا ' الدَّال ' السَّامع ' الشاکر ' الضارب ' الطَّالب ' الظَّالم ' الذَّاکر ' الزَّاجر ' الرَّحمن ' النُّور ۔

اور اگر ان تیرہ حروف میں سے کوئی حرف راء کے سوا لام ساکن غیر تعریف کے بعد واقع ہو جائے تو لام ساکن غیر تعریف کو ان حروف کی جنس کرنا جائز اور جنس کو جنس میں ادغام کرنا واجب ہے جیسے بَلْ سَوَّلَتْ کو بَل سَوَّلَتْ پڑھنا جائز ہے۔

اور اگر لام ساکن غیر تعریف کے بعد راء آجائے تو اسکو راکی جنس کر کے راء کو راء میں ادغام کرنا واجب ہے۔ جیسے قُل رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا میں قُلْ کے لام کو راء کر کے رَبِّ کی راء میں ادغام کرنا واجب ہے۔

اعتراض :۔ اور اگر کوئی شخص اس قاعدہ پر اعتراض کرے کہ قرآن حکیم میں بل ران موجود ہے یہاں راء کے باوجود ادغام نہیں کیا گیا کیوں ؟

جواب :۔ اس اعتراض کا مختصر سا جواب یہ ہے کہ مجوّدین (تجوید والے) حضرات کے یہاں سکتہ کرنا اس جگہ پر فرض ہے اور ضروری ہے لہذا قانون کے وجوب کو اس فرض کی ادائیگی پر قربان کر دیا جائے گا۔

باب ہفتم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب اِنْفِعَالٌ چون اَلاِنْصِرَافُ

اِنْصَرَفَ یَنْصَرِفُ اِنْصِرَافاً فهو مُنْصَرِفٌ واُنْصُرِفَ یُنْصَرَفُ اِنْصِرَافاً

فذاك مُنْصَرَفٌ لَمْ يَنصَرِفْ لَمْ يُنْصَرِفْ لايَنْصَرِفْ لايُنْصَرَفْ لَنْ يَنْصَرِفَ لَنْ يُنْصَرَفَ الامر منه اِنْصَرِفْ لِتُنْصَرَفْ لِيَنْصَرِفْ لِيُنْصَرَفْ والنهي عنه لاتَنْصَرِفْ لاتُنْصَرَفْ لايَنْصَرِفْ لايُنْصَرَفْ الظرف منه مُنْصَرَفٌ مُنْصَرَفان مُنْصَرَفاتٌ.

فائدہ :اس باب کی علامت یہ ہے کہ فاء کلمے سے پہلے نون زائدہ ہوتا ہے یہ باب ہمیشہ لازمی آتا ہے جیسے الاِنْفِطَارُ (پھٹنا)۔

باب ہشتم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح ازباب اِسْتِفْعَالٌ چوں اَلاِسْتِخْرَاجُ

اِسْتَخْرَجَ يَسْتَخْرِجُ اِسْتِخْرَاجاً فهو مُسْتَخْرِجٌ واُسْتُخْرِجَ يُسْتَخْرَجُ اِسْتِخْرَاجاً فذاك مُسْتَخْرَجٌ لَمْ يستخرِجْ لَمْ يُسْتَخْرَجْ لايَسْتَخْرِجُ لايُسْتَخْرَجُ لَنْ يَسْتَخْرِجَ لَنْ يُسْتَخْرَجَ الامر منه اِسْتَخْرِجْ لِتُسْتَخْرَجْ لِيَسْتَخْرِجْ لِيُسْتَخْرَجْ والنهي عنه لاتَسْتَخْرِجْ لاتُسْتَخْرَجْ لايَسْتَخْرِجْ لايُسْتَخْرَجْ الظرف منه مُسْتَخْرَجٌ مُسْتَخْرَجَان مُسْتَخْرَجاتٌ.

فائدہ :اس باب کی علامت یہ ہیکہ فاء کلمہ سے پہلے سین اور تاء زائد ہوتے ہیں۔

فائدہ : اِستطاع ' يستطيع(باب اِسْتِفْعَال) کی تاء استفعال کا حذف کرنا جائز ہے جیسے فَمَاسْطَاعُوْا' مَالَمْ تَسْطِعْ ۔

باب نہم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح ازباب اِفْعِلاَلٌ چوں اَلاِحْمِرَارُ سرخ ہونا۔

اِحْمَرَّ يَحْمَرُّ اِحْمِرَاراً فهو مُحْمَرٌّ واُحْمِرَّ يُحْمَرُّ اِحْمِرَاراً فذاك مُحْمَرٌّ لَمْ يَحْمَرَّ لَمْ يَحْمَرِّ لَمْ يَحْمَرِرْ لَمْ يُحْمَرَّ لَمْ يُحْمَرِّ لَمْ يُحْمَرَرْ لايَحْمَرُّ

لَایَحْمَرَّ لن یحمرَّ لنْ یَحمرَّ الامر منه احمرَّ احمَرِّ احمررْ لِتَحمرَّ لِتَحْمَرِّ لِتَحْمَرِرْ لِیَحْمَرِّ لِیَحْمَرَّ لِیَحْمَرِرْ لِیُحْمَرَّ لِیُحْمَرِرْ والنھی عنه لاتَحْمَرَّ لاتَحْمَرِّ لاتَحْمَرِرْ لاتُحْمَرَّ لاتُحْمَرِّ لاتُحْمَرِرْ لایَحْمَرَّ لایَحْمَرِّ لایَحْمَرِرْ لایُحْمَرَّ لایُحْمَرِّ لایُحْمَرِرْ الظرف منه مُحْمَرٌّ مُحْمَرَّانِ مُحْمَرَّاتٌ ۔

فائدہ : اس باب کی پہچان (علامت) یہ ہے کہ اس باب میں لام کا تکرار اور ہمزہ وصلی کے بعد چار حروف ہوتے ہیں۔

ماضی : احْمَرَّ کو اِحْمِرَاراً سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف ثالث کو فتحہ دیکر الف اور تنوین تمکن علامت مصدریت کو حذف کر دیا اور آخر کو مبنی بر فتحہ کیا تو اِحْمِرَاراً سے اِحْمَرَرَ بن جائے گا اب دو راء متحرک اکٹھے ہو گئے اور دونوں ایک جنس کے تھے لہذا پہلے کی حرکت کو گرا کر ثانی میں ادغام کر دیا تو اِحْمَرَرَ سے اِحْمَرَّ بن گیا۔

اُحْمُرَّ اصل میں اُحْمُرِرَ تھا دو حرف ایک جنس کے ایک کلمے میں اکٹھے ہو گئے پہلے کی حرکت کو حذف کر کے ثانی میں مدغم کر دیا تو اُحْمُرَّ بن جائیگا۔

فائدہ : اس باب کا اسم فاعل اور اسم مفعول دونوں ایک جیسے ہونگے صرف اصل کے اعتبار سے فرق ہوگا' اسم فاعل اصل میں مُحْمَرِرٌ اور اسم مفعول اصل میں مُحْمَرَرٌ تھا۔

فعل جحد : ۔لَمْ یَحْمَرَّ لَمْ یَحْمَرِّ لَمْ یَحْمَرِرْ الخ اور لَمْ یُحْمَرَّ لَمْ یُحْمَرِّ لَمْ یُحْمَرَرْ الخ کو یَحْمَرُّ یُحْمَرُّ الخ سے اس طرح بناتے ہیں کہ لم جازمہ جحد یہ اسکے شروع میں لائینگے تو آخر کو جزم آجائے گا۔ جزم کی وجہ سے پانچ پانچ صیغوں میں ضمہ اعرابی گر جائے گا اور سکون آجائے گا اور سات سات صیغوں سے نون

اعرابی گر جائے گا اور سکون آجائے گا اور دو دو صیغوں میں کچھ عمل نہیں کرے گا کیونکہ وہ مبنی ہیں۔ پس پانچ پانچ صیغوں میں التقائے ساکنین ہوا دو راء کے درمیان۔ اب بعضے صرفی ثانی راء کو فتحہ دے کر لمْ یحْمَرَّ پڑھتے ہیں اسلیئے کہ فتحہ اَخفُّ الْحرکَات ہے اور بعضے صرفی ثانی راء کو حرکت کسرہ دیکر پڑھتے ہیں لمْ یَحْمَرِّ اسلیئے کہ جب ساکن کو حرکت دی جاتی ہے تو کسرہ دی جاتی ہے۔ اور بعضے صرفی ادغام کھول کر پہلی راء کو حرکت اصلی دے کر لمْ یحْمرِرْ پڑھتے ہیں اسلیئے کہ یہ اصل ہے تو یَحْمرُّ یُحْمرُّ الخ سے لمْ یحْمرَّ لمْ یحْمرِّ لمْ یحْمرِرْ اور لمْ یُحْمرَّ لمْ یُحْمرِّ لمْ یُحْمرِرْ بن جائیگا۔

فائدہ : جحد مجہول اور امر و نہی کے بنانے کا بھی یہی طریقہ ہے۔

باب دہم

صرف صغیر ثلاثی مزید صحیح از باب اِفْعِیْلَالٌ چون اَلاِحْمِیْرَارُ

اِحْمَارَّ یَحْمَارُّ اِحْمِیْرَارًا فھو مُحْمَارٌّ واُحْمُورَّ یُحْمَارُّ اِحْمِیْرَارًا فذاك مُحْمَارٌّ لَمْ یَحْمَارَّ لَمْ یَحْمَارِّ لَمْ یَحْمَارِرْ لَمْ یُحْمَارَّ لَمْ یُحْمَارِّ لَمْ یُحْمَارِرْ لایَحْمَارُّ لایُحْمَارُّ لَنْ یَحْمَارَّ لَنْ یُحْمَارَّ الامر منه اِحْمَارَّ اِحْمَارِّ اِحْمَارِرْ لِتُحْمَارَّ لِتُحْمَارِّ لِتُحْمَارِرْ لِیَحْمَارَّ لِیَحْمَارِّ لِیَحْمَارِرْ لِیُحْمَارَّ لِیُحْمَارِّ لِیُحْمَارِرْ والنھی عنه لاتَحْمَارَّ لاتَحْمَارِّ لاتَحْمَارِرْ لاتُحْمَارَّ لاتُحْمَارِّ لاتُحْمَارِرْ لایَحْمَارَّ لایَحْمَارِّ لایَحْمَارِرْ لایُحْمَارَّ لایُحْمَارِّ لایُحْمَارِرْ الظرف منه مُحْمَارٌّ مُحْمَارَّان مُحْمَارَّاتٌ ۔

فائدہ : باب افعیلال کی علامت یہ ہیکہ لام کلمہ مکرر اور پہلے لام کلمہ سے پہلے الف ہو اور یہی الف مصدر میں یاء سے تبدیل ہو جاتا ہے۔

فائدہ : ان دونوں ابواب میں زیادہ تر لون اور عیب کا معنی ہوتا ہے اور یہ دونوں باب ہمیشہ لازمی ہوتے ہیں۔

باب یازدہم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب اِفْعِوَّالٌ چوں اَلاِجْلِوَّاذُ

(گھوڑے کا دوڑانا)

اجْلَوَّذَ يجْلَوِّذُ اجلوّاذاً فهو مُجْلَوِّذٌ واُجْلُوِّذَ يُجْلَوَّذُ اجلوّذاً فذاك مُجْلَوَّذٌ لَمْ يجْلَوِّذْ لمْ يُجْلَوَّذْ لايجلوِّذُ لايُجْلَوَّذُ لنْ يجْلَوِّذَ لَنْ يُجْلَوَّذَ الامر منه اجْلَوِّذْ لتجْلَوِّذْ ليجلوِّذْ لِيُجْلَوَّذْ والنهي عنه لاتجلوِّذْ لاتُجْلَوَّذْ لايجْلَوِّذْ لا يُجْلَوَّذْ الظرف منه مُجلوَّذٌ مُجلوَّذان مُجْلَوَّذاتٌ۔

فائدہ : باب افْعِوَّال کی علامت یہ ہے کہ عین کلمہ کے بعد واؤ مشدد زائد ہو اور یہ باب لازمی اور متعدی دونوں آتا ہے۔

باب دوازدہم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افْعِيْعَالٌ چوں الاِحْدِيْدَابُ

اِحْدَوْدَبَ يحْدَوْدِبُ احْدِيْدَاباً فهومُحْدَوْدِبٌ واُحْدُوْدِبَ يُحْدَوْدَبُ فذاك مُحْدَوْدَبٌ لَمْ يَحْدَوْدِبْ لَمْ يحْدَوْدَبْ لايَحْدَوْدِبُ لايحْدَوْدَبُ لَنْ يحدَوْدِبَ لن يحْدَوْدَبَ الامر منه احْدَوْدِبْ لتحْدَوْدِبْ ليحْدَوْدِبْ ليُحْدَوْدَبْ والنهي عنه لاتحْدَوْدِبْ لاتُحْدَوْدَبْ لايحْدَوْدِبْ لايُحدَوْدَبْ الظرف منه مُحْدَوْدَبٌ مُحْدَوْدَبان مُحْدَوْدَباتٌ۔

فائدہ : باب افعيعال کی علامت یہ ہیکہ عین کلمہ مکرر ہو اور دونوں عینوں

کے درمیان واؤ زائد ہو اور وہ واؤ مصدر میں ماقبل کے کسرہ کی وجہ سے یاء میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ یہ باب زیادہ تر لازمی آتا ہے اور کبھی کبھی متعدی بھی آتا ہے۔

فائدہ : ثلاثی مزید کے دو باب ذکر کئے جاتے ہیں جو کہ قانون سے بنتے ہیں۔

باب سیزدہم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب اِفَّعُلٌ چون اِطَّهُّرٌ

اِطَّهَّرَ يَطَّهَّرُ اِطَّهُّراً فهو مُطَّهِّرٌ واُطُّهِّرَ يُطَّهَّرُ اِطَّهُّراً فذاك مُطَّهَّرٌ لَمْ يَطَّهَّرْ لَمْ يُطَّهَّرْ لا يَطَّهَّرُ لايُطَّهَّرُ لَنْ يَطَّهَّرَ لَنْ يُطَّهَّرَ الامر منه اِطَّهَّرْ لِتَطَّهَّرْ لِيَطَّهَّرْ لِيُطَّهَّرْ والنهى عنه لاتَطَّهَّرْ لاتُطَّهَّرْ لايَطَّهَّرْ لايُطَّهَّرْ الظرف منه مُطَّهَّرٌ مُطَّهَّرَانِ مُطَّهَّرَاتٌ .

باب چہاردہم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب اِفَّاعُلٌ چون اَلاِثَّاقُلُ

اِثَّاقَلَ يَثَّاقَلُ اِثَّاقُلاً فهو مُثَّاقِلٌ واُثُّوقِلَ يُثَّاقَلُ اِثَّاقُلاً فذاك مُثَّاقَلٌ لَمْ يَثَّاقَلْ لَمْ يُثَّاقَلْ لايَثَّاقَلُ لايُثَّاقَلُ لَنْ يَثَّاقَلَ لَنْ يُثَّاقَلَ الامر منه اِثَّاقَلْ لِتُثَّاقَلْ لِيَثَّاقَلْ لِيُثَّاقَلْ والنهى عنه لاتَثَّاقَلْ لاتُثَّاقَلْ لايَثَّاقَلْ لايُثَّاقَلْ الظرف منه مُثَّاقَلٌ مُثَّاقَلاَنِ مُثَّاقَلاَتٌ .

رباعی مجرد

باب اول

صرف صغیر رباعی مجرد صحیح از باب فَعْلَلَةٌ چوں الدَّحْرَجَةُ والادْحراجُ

دحرج يُدحرِجُ دحرجة فهو مُدحرِجٌ ودُحرِج يُدحرَجُ دحرجة فذاك مُدحرَجٌ لمْ يُدحرِجْ لمْ يُدحرَجْ لايُدحرِجُ لايُدحرَجُ لنْ يُدحرِج لنْ يُدحرَج الامر منه دحرِجْ لتُدحرِجْ لِيُدحرِجْ لِيُدحرَجْ والنهى عنه لاتُدحرِجْ لاتُدحرَجْ لايُدحرِجْ لايُدحرَجْ الظرف منه مُدحرَجٌ مُدحرَجان مُدحرَجاتٌ .

فائده : اس باب کی علامت یہ ہیکہ اسکے ماضی میں چاروں حرف اصلی ہوتے ہیں اور اسکے مضارع معروف میں حرف مضارعت مضموم ہوتا ہے۔

ابواب رباعی مزید

باب اول

صرف صغیر رباعی مزید صحیح از باب تفعلل چوں التدحرج لڑھکنا

تَدَحْرَجَ يَتَدَحْرَجُ تَدَحْرُجاً فهو مُتَدَحْرِجٌ وتُدُحْرِجَ يُتَدَحْرَجُ تَدَحْرُجاً فذاك مُتَدَحْرَجٌ لَمْ يَتَدَحْرَجْ لمْ يُتَدَحْرَجْ لايَتَدَحْرَجُ لايُتَدَحْرَجُ لنْ يَتَدَحْرَجَ لنْ يُتَدَحْرَجَ الامر منه تَدَحْرَجْ لِتُدَحْرَجْ لِيَتَدَحْرَجْ لِيُتَدَحْرَجْ والنهى عنه لاتَتَدَحْرَجْ لاتُتَدَحْرَجْ لايَتَدَحْرَجْ لايُتَدَحْرَجْ الظرف منه مُتَدَحْرَجٌ مُتَدَحْرَجان مُتَدَحْرَجاتٌ ۔

فائده : اس باب کی علامت یہ ہیکہ ماضی میں چار حرف اصلی سے پہلے تاء زائد ہوتی ہے۔

باب دوم

صرف صغیر رباعی مزید فیہ صحیح از باب اِفْعِنْلاَلٌ چون اَلاِحْرِنْجَامُ

اِحْرَنْجَمَ يَحْرَنْجِمُ اِحْرِنْجَاماً فهو مُحْرَنْجِمٌ واُحْرُنْجِمَ يُحْرَنْجَمُ اِحْرِنْجَاماً فذاك مُحْرَنْجَمٌ لَمْ يَحْرَنْجِمْ لَمْ يُحْرَنْجَمْ لايَحْرَنْجِمُ لايُحْرَنْجَمُ لَنْ يَحْرَنْجِمَ لَنْ يُحْرَنْجَمَ الامر منه اِحْرَنْجِمْ لِتُحْرَنْجَمْ لِيَحْرَنْجِمْ لِيُحْرَنْجَمْ والنهى عنه لاتَحْرَنْجِمْ لاتُحْرَنْجَمْ لايَحْرَنْجِمْ لايُحْرَنْجَمْ الظرف منه مُحْرَنْجَمٌ مُحْرَنْجَمَانِ مُحْرَنْجَمَاتٌ .

فائدہ :۔ اس باب کی علامت یہ ہیکہ (ماضی میں چار حرف) عین کلمہ کے بعد نون زائد ہوتا ہے اور اس کے بعد ماضی اور امر میں ہمزہ وصلی ہوتا ہے اور یہ باب بھی زیادہ تر لازمی آتا ہے اور کبھی کبھی متعدی بھی۔

باب سوم

صرف صغیر رباعی مزید فیہ صحیح از باب اِفْعِلاَّلٌ چون اَلاِقْشِعْرَارٌ

اِقْشَعَرَّ يَقْشَعِرُّ اِقْشِعْرَاراً فهو مُقْشَعِرٌّ واُقْشُعِرَّ يُقْشَعَرُّ اِقْشِعْرَاراً فهو مُقْشَعَرٌّ لَمْ يَقْشَعِرَّ لَمْ يَقْشَعِرِّ لَمْ يَقْشَعْرِرْ لَمْ يُقْشَعَرَّ لَمْ يُقْشَعَرِّ لَمْ يُقْشَعْرَرْ لايَقْشَعِرُّ لايُقْشَعَرُّ لَنْ يَقْشَعِرَّ لَنْ يُقْشَعَرَّ الامر منه اِقْشَعِرَّ اِقْشَعِرِّ اِقْشَعْرِرْ لِتُقْشَعَرَّ لِتُقْشَعَرِّ لِتُقْشَعْرَرْ لِيَقْشَعِرَّ لِيَقْشَعِرِّ لِيَقْشَعْرِرْ لِيُقْشَعَرَّ لِيُقْشَعَرِّ لِيُقْشَعْرَرْ والنهى عنه لاتَقْشَعِرَّ لاتَقْشَعِرِّ لاتَقْشَعْرِرْ لاتُقْشَعَرَّ لاتُقْشَعَرِّ لاتُقْشَعْرَرْ لايَقْشَعِرَّ لايَقْشَعِرِّ لايَقْشَعْرِرْ لايُقْشَعَرَّ لايُقْشَعَرِّ لايُقْشَعْرَرْ الظرف منه مُقْشَعَرٌّ مُقْشَعَرَّانِ مُقْشَعَرَّاتٌ .

فائدہ :۔ اس باب کی علامت یہ ہیکہ لام دوم کا مشدد ہونا اور اس لام کا چار حروف

اصلی سے زائد ہونا اور اسکے ماضی میں ہمزہ کا آنا۔

فائدہ :۔اقشعرَّ اصل میں اقشعْرَرْ تھا دو حرف ایک جنس کے اکٹھے ہو گئے پہلے کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی اور پہلے کو دوسرے میں ادغام کیا تو اقشعرْرْ سے اقشعرَّ بن جائے گا۔

الحمد للہ آج بروز بدھ بمطابق ۸۔ ۳۔ ۱۴۲۰ھ

صحیح کی بنائیں اور قوانین ختم ہو گئے اور اب مثال شروع ہو گا۔

از افادات

حضرت مولانا عبد السمیع رحمۃ اللہ علیہ

ابواب و قوانین مثال

(مثال واوی)

باب اول

صرف صغیر ثلاثی مجرد مثال واوی از باب فَعَلَ يَفْعِلُ چون اَلْوَعْدُ والْعِدَةُ و الْمِيْعَادُ

وعد يعدُ وعْداً وعدةً وميعادا فهو واعدٌ ووُعد يُوْعَدُ وعْدا فذاك مَوْعُوْدٌ لَمْ يَعِدْ لَمْ يُوْعَدْ لايَعدُ لايُوْعدُ لنْ يَعد لنْ يُوْعد الامر منه عدْ لِتُوْعَدْ لِيَعِدْ لِيُوْعَدْ والنهى عنه لاتَعِدْ لاتُوْعدْ لايَعدْ لايُوْعدْ الظرف منه مَوْعِدٌ والآلة منه مِيْعَدٌ مِيْعدةٌ ومِيْعادٌ وافعل التفضيل منه اوْعدُ والمونث منه وُعْدٰى وفعل التعجب منه مااوْعَدهُ واوْعدْبِه ووَعُدَ.

تعلیل

عِدَةٌ: عِدَةٌاصل میں وِعْدٌ تھاکسرہ چونکہ واؤ پر ثقیل تھا اسلئے نقل کر کے مابعد کو دیکر واؤ کو حذف کر دیا اور اسکے عوض تاء متحرک فتحہ ما قبل کے ساتھ لا کر تنوین کو تاء پر آخری کلمہ ہونے کی وجہ سے جاری کر دیا تو وِعْدٌ سے عِدَةٌ بن گیا۔

فائدہ : عِدَةٌ کی تعلیل میں دو باتیں قابل ذکر ہیں۔

☆ ایک یہ کہ واؤ کی حرکت نقل کر کے مابعد کو دینا۔

☆ دوسری یہ کہ اسکے عوض تاء متحرکہ کا لانا جو کہ واجب ہے۔

ان دونوں باتوں کیلئے دو قانون ہیں یعنی پہلی بات کیلئے پہلا قانون اور دوسری بات کیلئے دوسرا قانون

قانون

ھر واوے کہ واقع شود مقابلہ فا کلمہ مصدر کہ بروزن فِعْلٌ باشد بشرطیکہ مضارع معلومش نیز معلل باشد کسرہ اش را نقل کردہ بما بعد دادہ آنرا حذف کردہ عوضش تائے متحرکہ درآخرش در آورند وجوباً بکلیۃ اقامۃ وآن این است در مصدر حر حرفیکہ بجز التقائے تنوینی بیفتد عوضش تائے متحرکہ درآخرش درآرند وجوبا مگر لُغۃٌ ومأۃٌ شاذ اند۔

مذکورہ عبارت میں دو قانون مذکور ہیں۔

(ا) عِدَۃٌ کا پہلا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ ہر ایسا مصدر جو فِعْلٌ یا فِعْلَۃٌ کے وزن پر ہو اسکے فاء کلمہ کے مقابلے میں واؤ واقع ہو جائے تو ایسی مصدر کی واؤ کی حرکت کسرہ کو نقل کر کے مابعد کو دیکر اس واؤ کو حذف کرنا واجب ہے۔ بشرطیکہ اسکے مضارع معلوم میں بھی وہ واؤ محذوف ہو مثال عِدَۃٌ ، زِنَۃٌ ، سِعَۃٌ جو اصل میں وِعْدٌ ، وِزْنٌ ، وِسعٌ تھے۔ اس قانون سے واؤ کی حرکت نقل کر کے مابعد کو دی اور واؤ کو حذف کردیا تو عِدٌ ، زِنٌ ، سِعٌ بن گئے پھر عِدَۃٌ کے دوسرے قانون سے اسکے عوض تاء متحرک لاکر تنوین کو اس پر جاری کردیا تو عِدَۃٌ ، زِنَۃٌ ، سِعَۃٌ بن گیا۔

نوٹ : عِدَۃٌ کے دوسرے قانون سے پہلے ایک فائدہ کا جاننا ضروری ہے۔

فائدہ : التقائے ساکنین کا مطلب یہ ہیکہ دو ساکن اکٹھے ہو جائیں۔

التقائے ساکنین کی دو قسمیں ہیں اول تنوینی دوم غیر تنوینی۔

تنوینی : تنوینی اسکو کہتے ہیں کہ جسمیں دو ساکنوں میں سے ایک نون تنوین ہو۔

غیر تنوینی : غیر تنوینی اسکو کہتے ہیں کہ جو دو ساکنوں میں سے کوئی نون تنوین ساکن نہ رکھے۔

(۲) عِدَةٌ کادوسرا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہےکہ ایسا حرف جو مصدر میں بغیر التقائے تنوین کے گر جائے چاہے وہ التقائے ساکنین کی وجہ سے گرے یا بغیر التقائے ساکنین کے گرے تو اسکے عوض مصدر کے آخر میں تاء متحرک کا لانا واجب ہے التقائے ساکنین کی مثال جیسے اِقْوَامٌ یہاں واؤ متحرک اور ما قبل میں حرف صحیح ساکن ہے لہذا واؤ کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو دے دی اور واؤ کو الف کے سات تبدیل کر دیا اور یہ یُقَالُ یُبَاعُ کے قانون سے کیا تو التقائے ساکنین ہوگیا دو الفوں کے درمیان ایک الف کو حذف کر دیا اسکے عوض تاء متحرک لا کر تنوین کو تاء پر جاری کردیا تواِقْوَامٌ سےاِقَامَةٌ بن گیا اور جو حرف بغیر التقائے ساکنین کے گرے اسکی مثال جیسے عِدَةٌ جو اصل میں وِعْدٌ تھا واؤ کو حذف کر کے اسکے عوض آخر میں تاء متحرک لاکر اسپر تنوین کو جاری کر دیا تو وِعْدٌ سے عِدَةٌ بن جائے گا۔

فائدہ : اس قانون کا لُغَةٌ اور مِأَةٌ میں جاری کرنا شاذ ہے یعنی خلاف قاعدہ ہے اسلیئے کہ اس میں دونوں ساکنوں میں سے ایک نون تنوین کا ساکن ہے۔ لُغَةٌ اور مِأَةٌ اصل میں لُغَوٌ اور مِأَیٌ تھے واؤ اور یا متحرک ما قبل مفتوح تھا تو واؤ اور یاء کو قَالَ، بَاعَ کے قانون سے الف سے تبدیل کر دیا تو التقائے تنوین ہوگیا پہلا مدہ تھا اسکو حذف کر دیا اور اسکے عوض تاء متحرک لا کر اسپر تنوین کو جاری کر دیا تو لُغَوٌ اور مِأَیٌ سے لُغَةٌ اور مِأَةٌ بن گیا۔

میعادٌ : مِیْعَادٌ اصل میں مِوْعَادٌ تھا واؤ ساکن ظاہر ما قبل مکسور واؤ کو یا سے بدل دیا تو مِوْعَادٌ سے مِیْعَادٌ بن گیا۔

قانون

هر واو ساكن مظهر غير واقع مقابله فا كلمه باب افتعال ما قبلش مكسور آن واو را بيا بدل كنند وجوباً بشرطيكه باعث تحريكش موجود نه باشد.

اس قانون کا نام ہے مِیْعَادٌ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ ہر واؤ ساکن ظاہر فاء کلمہ باب افتعال کے مقابلے میں نہ ہو اور ما قبل اسکا مکسور ہو تو اسکو یاء سے تبدیل کرنا واجب ہے بشرطیکہ اسکے حرکت دینے کا کوئی سبب موجود نہ ہو۔ جیسے موْعدٌ سے میْعَدٌ اور موْعدةٌ اورمِوْعَادٌ سے میْعدۃٌ اور میْعادٌ بن جائے گا۔

فائدہ : ہم نے کہا کہ واؤ ساکن ظاہر ہو۔ اور اگر واؤ ساکن نہیں ہوگی بلکہ متحرک ہوگی جیسے عِوَضٌ یاساکن تو ہوگی لیکن ظاہر نہ ہوگی تو قانون جاری نہیں ہوگا جیسے اِجْلِوَّاذٌ ۔

ہم نے کہا باب افتعال کے فاء کلمہ کے مقابلے میں نہ ہو اگر ہوگی تو قانون جاری نہیں ہوگا جیسے اوْتَعد ۔

اور ہم نے کہا کہ اسکے حرکت دینے کا سبب موجود نہ ہو اگر اسکے حرکت دینے کا سبب موجود ہوگا تو بھی قانون جاری نہیں ہوگا جیسے اِوَزَّةٌ جو اصل میں اِوْزَزَةٌ تھا یہاں حرکت دینے کا سبب موجود ہے اسلیئے کہ پہلے متحرک کو دوسرے متحرک میں اسوقت تک ادغام نہیں کرتے۔ جبتک پہلے کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو نہ دے دی جاتی ہو جبکہ ما قبل ساکن ہو ورنہ حذف کر دی جاتی ہے۔ اسلیئے پہلی زاء کی حرکت نقل کر کے واؤ کو دی اور زاء کو زاء میں ادغام کر دیا اِوْزَزَةٌ سے اِوَزَّةٌ بن گیا۔

وَعَدتُّ: وَعَدتُّ اصل میں وَعَدْتُ تھا دال اور تاء قریب المخرج اکٹھے ہو گئے تو دال کو تاء کیا اور تاء کو تاء میں ادغام کیا تو وعدْت سے وعدتّ بن گیا۔

فائدہ : ادغام کی دو قسمیں ہیں۔(۱)ادغام متجانسین (۲)ادغام متقاربین۔

ادغام متجانسین : اس ادغام کو کہتے ہیں کہ جہاں دو حرف ایک جنس کے ہوں اور ایک کو دوسرے میں ادغام کیا جائے جیسے مَدَدَ سے مَدَّ ۔

ادغام متقاربین : اس ادغام کو کہتے ہیں کہ دو حرف قریب المخرج ہوں اور ایک کو دوسرے کی جنس بنا کر جنس کو جنس میں ادغام کیا جائے جیسے وَعَدْتَ سے وَعَدتَّ ۔

قانون

هر دال ساکن ما بعدش تائے متحرکه غر تائے افتعال باشد آن را تا کرده درتا ادغام می کنند وجوباً .

اس قانون کا نام ہے وَعَدتَّ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ ہر ایسا دال ساکن جسکے بعد تاء متحرک ہو لیکن افتعال کی نہ ہو چاہے ایک کلمہ میں ہو جیسے وَعَدْتَ یا دو کلمہ میں ہو جیسے قَدْ تَبَیَّنَ تو ایسے دال کو تاء کر کے تاء کو تاء میں ادغام کرنا واجب ہے۔ جیسے وَعَدْتَ سے وَعَدتَّ اور قَدْ تَبَیَّنَ سے قَد تَّبَیَّنَ ۔

قانون

هر واؤ مضموم یا مکسور که واقع شود در اول کلمه ما بعدش دیگر واؤ متحرکه باشد یا مضموم که مقابله عین کلمه باشد همزه میشود جوازاً.

اس قانون کا نام ہے اُعِدَ إشَاحٌ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ دو صورتوں میں واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کرنا جائز ہے۔

اول : ہر ایسی واؤ مضموم یا مکسور جو کلمہ کی ابتداء میں آجائے اسکے بعد دوسری واؤ متحرک نہ ہو چاہے اسکے بعد واؤ ہی نہ ہو یا واؤ ہو لیکن متحرک نہ ہو بلکہ ساکن ہو جیسے واؤ مضموم کی مثالیں وُعِدَ سے أعِدَ ، وُورِیَ سے أُورِیَ ۔ واؤ مکسور کی مثالیں جیسے وِشَاحٌ سے إشَاحٌ ، وِعَادٌ سے إعَادٌ ، وِزْرٌ سے إِزْرٌ ۔

دوم : دوسری صورت یہ ہیکہ واؤ مضموم عین کلمہ کے مقابلے میں واقع ہو جائے۔ بشرطیکہ مشدد نہ ہو تو ایسی واؤ کو بھی ہمزہ کے ساتھ تبدیل کرنا جائز ہے۔ جیسے أدْوُرٌ سے أدْءُرٌ ، قُوُلٌ سے قُئُلٌ ۔

فائدہ : اگر عین کلمہ کے مقابلے میں واؤ مشدد ہو گی تو اسکو ہمزہ سے تبدیل کرنا جائز نہیں جیسے تَقَوُّلٌ ، تعوّدٌ ۔

سوال : أحَدٌ ، أنَاةٌ میں واؤ مضموم نہیں اور نہ مکسور ہے بلکہ مفتوح ہے اسکے باوجود ہمزہ سے تبدیل کیا گیا ہے کیونکہ اصل میں وَحَدٌ اور وَنَاةٌ تھے حالانکہ آپ نے مضموم اور مکسور کی شرط رکھی تھی۔

جواب : یہ دونوں مثالیں شاذ ہیں یعنی خلاف قائدہ اور قانون ہیں۔

تعلیل : یَعِدُ ، تَعِدُ ، أعِدُ ، نَعِدُ اصل میں یَوْعِدُ ، تَوْعِدُ ، نَوْعِدُ ، أوْعِدُ تھے واؤ واقع ہو گئی حرف مضارع مفتوح اور کسرہ لازمی کے درمیان اسطرح ثقیل تھا اسلیئے واؤ کو حذف کر دیا تو یَوْعِدُ ، تَوْعِدُ ، أوْعِدُ ، نَوْعِدُ سے یَعِدُ ، تَعِدُ ، أعِدُ ، نَعِدُ بن گئے۔

قانون

هر باب مثال واوی بروزن مَنَعَ یَمْنَعُ یا که ماضی او نیافته شده باشد یا مضارع معلومش بروزن یَفْعِلُ باشد در مضارع معلوم او فا کلمه را حذف کنند وجوباً و از باب

فعِل یفعِلُ درود و باب وسع یسعُ وطِئی یطئی نیز

فائدہ : اس قانون کو دو طرح بیان کرتے ہیں۔

(اول) اس قانون کا نام ہے یَعدُ، یَضَعُ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ اگر واؤ آجائے حرف مضارع مفتوح اور کسرہ لازمی کے درمیان یا حرف مضارعت مفتوح یا حرف حلقی کے درمیان چاہے حرف حلقی عین کلمہ میں ہو یا لام کلمہ میں ہو تو اس واؤ کو حذف کرنا واجب ہے جیسے یَوْعِدُ سے یعِدُ، یوْضَعُ سے یضَعُ، یوْھَبُ سے یھَبُ۔

(دوم) اس قانون کا نام ہے یَعِدُ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ مثال واوی کے باب فعَل یفعِلُ، فعِل یفعَلُ یا وہ باب جسکی ماضی معروف کا استعمال ہی نہیں یا استعمال تو ہے لیکن نہایت قلیل ہے جیسے وَدَعَ یدَعُ، وَذرَ یَذرُ اور فعِل یفعَلُ کے دو بابوں وطِئی یَطئی، وَسِعَ یَسَعَ کے مضارع معلوم میں حرف علت واؤ کا حذف کرنا واجب ہے جیسے وَضَعَ یَضَعُ، وَعَدَ یَعِدُ۔

فائدہ : مثال واوی کے کل پانچ باب آتے ہیں یعنی (۱) وضع یضعُ (۲) وَعَدَ یَعِدُ (۳) وَرِمَ یرِمُ (۴) وَسِعَ یسَعُ جو کہ ذکر ہو چکے ہیں۔ باقی (۵) وَسَمُ یَوسُمُ اس باب میں واؤ محذوف نہیں ہوتی باقی مثال واوی میں باب نصر ینْصُرُ نہیں آتا۔

تعلیل : اَوَاعِدُ اصل میں وواعدُ تھا دو واؤ متحرک ابتداء کلمے میں اکٹھے ہو گئے پہلے کو ہمزہ سے بدل دیا تو وواعِدُ سے اواعِدُ بن گیا۔

قانون

دو واؤ متحرك كه جمع شوند در اول كلمه واؤ اولى را همزه بدل كنند وجوباً.

اس قانون کا نام ہے اَوَاعِدُ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ دو واؤ متحرک ابتداء کلمہ میں اکٹھے ہو جائیں تو پہلے واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کرنا واجب ہے جیسے وَوَاعِدُ سے أَوَاعِدُ، وُوَيْعِدٌ سے أُوَيْعِدٌ.

قانون

هر باب مثال واوى از علم يعلم كه غير محذوف الفا باشد در مضارع معلوم او سوائے اصل سه وجه خواندن جائز است چنانچه در يَوْجَلُ يَاجَلُ يَيْجَلُ يِيْجَلُ خواندن است.

اس قانون کا نام ہے یَأْجَلُ، یَیْجَلُ، یِیْجَلُ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ مثال واوی کے باب عَلِمَ يَعْلَمُ کے مضارع معلوم میں سوائے اصل کے تین وجہیں پڑھنا جائز ہیں۔ بشر طیکہ اس کا فاء کلمہ محذوف نہ ہو اور وہ تین وجہیں یہ ہیں۔

(۱) واؤ کو الف سے تبدیل کرنا۔ (۲) واؤ کو یاء سے تبدیل کرنا۔ (۳) واؤ کو یاء سے تبدیل کرنا اور ما قبل کو کسرہ دینا جائز ہے۔ جیسے یَوْجَلُ کو یَاجَلُ یَیْجَلُ یِیْجَلُ پڑھنا جائز ہے۔

تعلیل:۔ مضارع مجہول یُوْعَدُ کو مضارع معروف یَعِدُ سے اسطرح بناتے ہیں کہ حرف اول کو ضمہ دیا اور ما قبل آخر کو فتحہ دیکر باقی کو اپنے حال پر چھوڑا۔ اب وہ سبب جسکی وجہ سے واؤ محذوف ہو گئی تھی وہ نہیں رہا۔ لھذا اب واؤ لوٹ آئے گی۔ تو یَعِدُ سے یُوْعَدُ بن جائے گا۔

باب دوم

صرف صغیر ثلاثی مجرد مثال واوی از باب فَعِلَ یَفْعَلُ چون اَلْوَجَلُ ڈرنا

وَجِلَ یَوْجَلُ وَجْلاً فَهُوَ وَاجِلٌ وَوُجِلَ یُوْجَلُ وَجْلاً فَذَاكَ مَوْجُوْلٌ لَمْ یَوْجَلْ لَمْ یُوْجَلْ لَایَوْجَلُ لَایُوْجَلُ لَنْ یَّوْجَلَ لَنْ یُّوْجَلَ لَیَوْجَلَنَّ لَیُوْجَلَنَّ لَیَوْجَلَنْ لَیُوْجَلَنْ الامرمنه اِیْجَلْ لِتُوْجَلْ لِیَوْجَلْ لِیُوْجَلْ والنهی عنه لَاتَوْجَلْ لَاتُوْجَلْ لَایَوْجَلْ لَایُوْجَلْ الظرف منه مَوْجِلٌ وَالْاٰلَةُ منه مِیْجَلٌ وَمِیْجَلَةٌ وَمِیْجَالٌ وافعل التفضیل المذکر منه اَوْجَلُ والمؤنث منه وُجْلٰی وفعل التعجب منه مَا اَوْجَلَهٗ واَوْجِلْ بِه ووَجُلَ.

باب سوم

صرف صغیر ثلاثی مجرد مثال واوی از باب فَعَلَ یَفْعَلُ چون اَلْوَضْعُ رکھنا

وَضَعَ یَضَعُ وَضْعاً فَهُوَ وَاضِعٌ وَوُضِعَ یُوْضَعُ وَضْعًا فَذَاكَ مَوْضُوْعٌ لَمْ یَضَعْ لَمْ یُوْضَعْ لَایَضَعُ لَایُوْضَعُ لَنْ یَّضَعَ لَنْ یُّوْضَعَ لَیَضَعَنَّ لَیُوْضَعَنَّ لَیَضَعَنْ لَیُوْضَعَنْ الامر منه ضَعْ لِتُوضَعْ لِیَضَعْ لِیُوْضَعْ والنهی عنه لَاتَضَعْ لَاتُوْضَعْ لَایَضَعْ لَایُوْضَعْ الظرف منه مَوْضِعٌ وَالآلة منه مِیْضَعٌ وَمِیْضَعَةٌ وَمِیْضَاعٌ وافعل التفضیل المذکر منه اَوْضَعُ والمؤنث منه وُضْعٰی وفعل التعجب منه مَا اَوْضَعَهٗ واَوْضِعْ بِهٖ ووَضُعَ.

تعلیل :۔یَضَعُ اصل میں یَوْضِعُ تھاواؤواقع ہوئی یاء مفتوح اور کسرہ تقریری کے درمیان (واؤ کو حذف کردیا کیونکہ ہر وہ واؤ جو یاء مفتوح اور کسرہ تقدیری کے درمیان آجائے) صرفی اسکو ثقیل سمجھتے ہیں اسکے بعد کسرہ ضاد کو فتحہ کے ساتھ

بدل دیا حرف حلقی کی مناسبت کی وجہ سے تو یَوضَعُ سے یَضَعُ بن جائے گا۔

باب چہارم

صرف صغیر ثلاثی مجرد مثال واوی از باب فَعِلَ یَفْعِلُ چون الورم سوجنا

ورِمَ یرِمُ ورْمًا فهو وارِمٌ وورِمَ یُورَمُ ورْمًا فذاك موْرُومٌ لَمْ یرِمْ لَمْ یُورَمْ لایرِمُ لایُورَمُ لن یرِمَ لن یُورَمَ لیرِمَنَّ لیُورَمَنَّ لیرِمَنْ لیُورَمَنْ الاَمْرُ منه رِمْ لِتُورَمْ لِیَرِمْ لِیُورَمْ والنَّهْیُ عنْه لاتَرِمْ لاتُورَمْ لایرِمْ لایُورَمْ الظرف منه موْرِمٌ والآلة منه میرَمٌ ومیرَمَةٌ ومیراَمٌ وافعل التفضیل المذکر منه اوْرَمُ والمؤنث منه وُرْمی وفعل التعجب منه ما اوْرَمَهٗ و اوْرِمْ به و ورُمَ.

باب پنجم

صرف صغیر ثلاثی مجرد مثال واوی از باب فَعُلَ یَفْعُلُ چون الْوسْمُ والْوسامةُ

وسُمَ یوْسُمُ وسْماووسامةً فهُو وسِیْمٌ لَمْ یوْسُمْ لایَوْسُمُ لنْ یوْسُمَ لیوْسُمَنَّ لیوْسُمَنْ الامر منه اُوْسُمْ لِیوْسُمْ والنهی عنه لاتوْسُمْ لایوْسُمْ الظرف منه موْسِمٌ والآلة منه میْسمٌ ومیْسَمةٌ ومِیْسامٌ وافعل التفضیل المذکر منه اوْسَمُ والمؤنث منه وُسْمی و فعل التعجب منه مَااوْسمهٗ واَوْسِمْ به ووسُمَ.

ابواب ثلاثی مزید

باب اول

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ از باب اِفْعَال چون الاِیْجَابُ واجب کرنا

اَوْجَبَ یُوْجِبُ اِیْجَابًا فهو مُوْجِبٌ واُوْجِبَ یُوْجَبُ اِیْجابًا فذاك مُوْجَبٌ لَمْ یُوْجِبْ لَمْ یُوْجَبْ لایُوْجِبُ لایُوْجَبُ لنْ یُوْجِبَ لنْ یُوْجَبَ لیُوْجِبَنَّ

لَيُوْجَبَنَّ لَيُوْجَبَنْ لَيُوْجَبَنْ الامر منه اَوْجِبْ لِتُوْجَبْ لِيُوْجِبْ لِيُوْجَبْ والنهى عنه لَاتُوْجِبْ لَاتُوْجَبْ لَايُوْجِبْ لَايُوْجَبْ الظرف منه مُوْجَبٌ مُوْجَبَانِ مُوْجَبَاتٌ۔

باب دوم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ ازباب تَفْعِیْل چوں اَلتَّوْحِيْد ایک بنانا

وَحَّدَ يُوَحِّدُ تَوْحِيْدًا فهو مُوَحِّدٌ ووُحِّدَ يُوَحَّدُ تَوْحِيْدًا فذاك مُوَحَّدٌ لَمْ يُوَحِّدْ لَمْ يُوَحَّدْ لَايُوَحِّدُ لَايُوَحَّدُ لَنْ يُوَحِّدَ لَنْ يُوَحَّدَ لَيُوَحِّدَنَّ لَيُوَحَّدَنَّ لَيُوَحِّدَنْ لَيُوَحَّدَنْ الامرمنه وَحِّدْ لِتُوَحَّدْ لِيُوَحِّدْ لِيُوَحَّدْ والنهى عنه لَاتُوَحِّدْ لَاتُوَحَّدْ لَايُوَحِّدْ لَايُوَحَّدْ الظرف منه مُوَحَّدٌ مُوَحَّدَانِ مُوَحَّدَاتٌ۔

باب سوم

صرف صغیر ثلاثی مزید مثال واوی ازباب مُفَاعَلَة چوں اَلْمُوَاظَبَة ہمیشہ کرنا

وَاظَبَ يُوَاظِبُ مُوَاظَبَةً فهو مُوَاظِبٌ ووُوْظِبَ يُوَاظَبُ مُوَاظَبَةً فذاك مُوَاظَبٌ لَمْ يُوَاظِبْ لَمْ يُوَاظَبْ لَايُوَاظِبُ لَايُوَاظَبُ لَنْ يُوَاظِبَ لَنْ يُوَاظَبَ لَيُوَاظِبَنَّ لَيُوَاظَبَنَّ لَيُوَاظِبَنْ لَيُوَاظَبَنْ الامر منه وَاظِبْ لِتُوَاظَبْ لِيُوَاظِبْ لِيُوَاظَبْ والنهى عنه لَاتُوَاظِبْ لَاتُوَاظَبْ لَايُوَاظِبْ لَايُوَاظَبْ الظرف منه مُوَاظَبٌ مُوَاظَبَانِ مُوَاظَبَاتٌ۔

باب چہارم

صرف صغیر ثلاثی مزید مثال واوی ازباب تَفَعُّل چوں اَلتَّوَحُّد

تَوَحَّدَ يَتَوَحَّدُ تَوَحُّداً فهو مُتَوَحِّدٌ وتُوُحِّدَ يُتَوَحَّدُ تَوَحُّداً فذاك مُتَوَحَّدٌ لَمْ يَتَوَحَّدْ لَمْ يُتَوَحَّدْ لَايَتَوَحَّدُ لَنْ يَتَوَحَّدَ لَنْ يُتَوَحَّدَ لَيَتَوَحَّدَنَّ لَيُتَوَحَّدَنَّ لَيَتَوَحَّدَنْ

لَيُتوحَّدَنَّ الامر منه توحَّدْ لِتَتوحَّدْ لِيتوحَّدْ لِيُتوحَّدْ والنهى عنه لاتَتوحَّدْ لاتُتوحَّدْ لايَتوحَّدْ لايُتوحَّدْ الظرف منه متوحَّدٌ متوحَّدَان مُتوحَّدَاتٌ.

باب پنجم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ مثال واوی از باب تَفَاعُل چوں اَلتَّوَارُث

تَوَارَثَ يَتَوَارَثُ تَوَارُثاً فهو مُتَوَارِثٌ وتُوُوْرِثَ يُتَوَارَثُ تَوَارُثًا فذاك مُتَوارَثٌ لَمْ يتوارثْ لَمْ يُتوارثْ لايَتوارثُ لايُتوارثُ لَنْ يتوارثَ لَنْ يُتوارَثَ لَيَتوارَثَنَّ لَيُتوارَثَنَّ لَيَتوارَثَنْ لَيُتوارَثَنْ الامرمنه تَوارَثْ لِتَتوارَثْ لِيَتوَارَثْ لِيُتَوَارَثْ والنهى عنه لاتَتَوارَثْ لاتُتَوارَثْ لايَتوَارَثْ لايُتوارَثْ الظرف منه مُتَوَارَثٌ مُتَوارَثَان مُتَوارَثَاتٌ.

باب ششم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ مثال واوی از باب اِفْتِعَال چوں اَلاِتِّقَاد

اِتَّقَدَ يَتَّقِدُ اِتِّقَاداً فهو مُتَّقِدٌ واُتُّقِدَ يُتَّقَدُ اِتِّقَاداً فذاك مُتَّقَدٌ لَمْ يَتَّقِدْ لَمْ يُتَّقَدْ لايَتَّقِدُ لايُتَّقَدُ لَنْ يَتَّقِدَ لَنْ يُتَّقَدَ لَيَتَّقِدَنَّ لَيُتَّقَدَنَّ لَيَتَّقِدَنْ لَيُتَّقَدَنْ الامر منه اِتَّقِدْ لِتَتَّقِدْ لِيَتَّقِدْ لِيُتَّقَدْ والنهى عنه لاتَتَّقِدْ لاتُتَّقَدْ لايَتَّقِدْ لايُتَّقَدْ الظرف منه مُتَّقَدٌ مُتَّقَدَان مُتَّقَدَاتٌ

باب ہفتم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ مثال واوی از باب اِسْتِفْعَال چوں اَلاِسْتِيْجَاب

اِسْتَوْجَبَ يَسْتَوْجِبُ اِسْتِيْجَاباً فهو مُسْتَوْجِبٌ واُسْتُوْجِبَ يُسْتَوْجَبُ اِسْتِيْجَاباً فذاك مُسْتَوْجَبٌ لَمْ يَسْتَوْجِبْ لَمْ يُسْتَوْجَبْ لايَسْتَوْجِبُ لايُسْتَوْجَبُ لَنْ يَسْتَوْجِبَ لَنْ يُسْتَوْجَبَ لَيَسْتَوْجِبَنَّ لَيُسْتَوْجَبَنَّ

لَيَسْتَوْجَبِنْ لَيُسْتَوْجَبَنْ الامرمنه اِسْتَوْجِبْ لِتُسْتَوْجَبْ لِيَسْتَوْجِبْ لِيُسْتَوْجَبْ والنهى عنه لاتَسْتَوْجِبْ لاتُسْتَوْجَبْ لايَسْتَوْجِبْ لايُسْتَوْجَبْ الظرف منه مُسْتَوْجَبٌ مُسْتَوجَبَان مُسْتَوْجَبَاتٌ.

باب بشتم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ مثال واوی از باب اِنْفِعَال چوں الاِنْوِقَاد

اِنْوَقَدَ يَنْوَقِدُ اِنْوِقَاداً فهو مُنْوَقِدٌ واُنْوُقِدَ يُنْوَقَدُ اِنْوِقَاداً فذاك مُنْوَقَدٌ لَمْ يَنْوَقِدْ لَمْ يُنْوَقَدْ لايَنْوَقِدُ لايُنْوَقَدُ لَنْ يَنْوَقِدَ لَنْ يُنْوَقَدَ لَيَنْوَقِدَنَّ لَيُنْوَقَدَنَّ لَيَنْوَقِدَنْ لَيُنْوَقَدَنْ الامر منه اِنْوَقِدْ لِتُنْوَقَدْ لِيَنْوَقِدْ لِيُنْوَقَدْ والنهى عنه لاتَنْوَقِدْ لاتُنْوَقَدْ لايَنْوَقِدْ لايُنْوَقَدْ الظرف منه مُنْوَقَدٌ مُنْوَقَدَان مُنْوَقَدَاتٌ.

ابواب ثلاثی مجرد مثال یائی

باب اول

صرف صغیر ثلاثی مجرد مثال یائی از باب فَعَلَ يَفْعِلُ چوں اليُسْرُ وَالْمَيْسِرَةُ

يَسَرَ يَيْسِرُ يُسْراً فهو يَاسِرٌ ويُسِرَ يُوْسَرُ يُسْراً وَمَيْسِرَةً فذاك مَيْسُوْرٌ لَمْ يَسِرْ لَمْ يُوسَرْ لايَيْسِرُ لايُوْسَرُ لَنْ يَيْسِرَ لَنْ يُوْسَرَ لَيَيْسِرَنَّ لَيُوْسَرَنَّ لَيَيْسِرَنْ لَيُوْسَرَنْ الامر منه اِيْسِرْ لِتُوسَرْ لِيَيْسِرْ لِيُوْسَرْ والنهى عنه لاتَيْسِرْ لاتُوسَرْ لايَيْسِرْ لايُوْسَرْ الظرف منه مَيْسِرٌ والآلة منه مِيْسَرٌ وَمِيْسَرَةٌ ومِيْسَارٌ افعل التفضيل المذكر منه اَيْسَرُ والمؤنث منه يُسْرٰى وفعل التعجب منه مَا اَيْسَرَهُ واَيْسِرْ به ويَسُرَ.

تعلیل: يُوْسَرُ اصل میں يُيْسَرُ تھا۔ یاء ساکن ظاہر ما قبل اسکا مضموم تھا تو اسکو واؤ کے ساتھ بدل دیا تو يُيْسَرُ سے يُوْسَرُ بن گیا۔

نوت : قانون سے پہلے چند فائدوں کا جاننا ضروری ہے۔

فائدہ(۱) : جو لفظ اَفْعَلُ کے وزن پر آتا ہے اسکی چار اقسام ہیں۔

۱. افعل اسمی حقیقی . ۲. اسمی حکمی

۳. افعل تفضیلی ٤. افعل صفتی

اسمی حقیقی : اسکو کہتے ہیں جو کسی چیز کا نام ہو جیسے اَبْجَلُ ایک رگ کا نام۔

اسمی حکمی : اسکو کہتے ہیں جو کسی چیز کا نام نہ ہو بلکہ صفت ہو لیکن استعمال میں اسپر اسمیت غالب ہو۔ جیسے اطیبُ ، اکبسُ ۔

افعل تفضیلی : اسکو کہتے ہیں جسمیں مصدری معنی دوسرے کی نسبت زیادتی کے ساتھ پائے جائیں جیسے اضربُ ۔

صفتی : اسکو کہتے ہیں جسمیں صفت کا معنی پایا جائے جیسے اَحْمَرُ .

افعل تفضیلی اور **افعل صفتی** میں تین طرح کا فرق ہے۔

اول : فرق یہ ہیکہ افعل تفضیلی کا مونث فُعْلیٰ کے وزن پر آتا ہے جبکہ افعل صفتی کا مؤنث فَعْلاءُ کے وزن پر آتا ہے اور **افعل تفضیلی** کا جمع مذکر اَفَاعِلُ کے وزن پر آتا ہے اور اسکے مؤنث کا جمع فُعَلٌ کے وزن پر آتا ہے جبکہ اَفْعَلُ صفتی کا جمع مذکر اور جمع مؤنث دونوں فُعْلٌ کے وزن پر آتے ہیں جیسے اَحْمَرُ حَمْراءُ حُمْرٌ .

دوم : دوسرا فرق یہ ہیکہ ان کے استعمال میں فرق ہے وہ یہ کہ اَفْعَلُ تفضیلی کا استعمال تین چیزوں میں سے کسی ایک چیز کے ساتھ ہوتا ہے یاالف لام کے ساتھ دوسرا مِنْ کے ساتھ اور اضافت کے ساتھ جبکہ صفتی کا استعمال ان میں سے کسی کے ساتھ بھی نہیں ہوتا۔

سوم : تیسرا فرق دونوں میں معنوی ہے۔ وہ یہ ہیکہ افعل صفتی صفت دائمی

کو بیان کرتا ہے۔ جبکہ افعل تفضیلی صفت دائمی کو بیان نہیں کرتا۔

فائدہ (۲): جو لفظ فُعْلیٰ کے وزن پر آتا ہے اسکی بھی چار قسمیں ہیں۔

۱. فُعْلیٰ حقیقی ۲. فُعْلیٰ حکمی ۳. صفتی ٤. تفضیلی.

فعلی حقیقی: وہ فعلی ہے جو کسی کا نام ہو۔ جیسے طوبیٰ یہ ایک درخت کا نام ہے۔

فعلی حکمی: وہ فعلی ہے جو ہو صفت لیکن استعمال میں اسپر اسمیت غالب ہو جیسے طُیْبیٰ.

فعلی صفتی: وہ فعلی ہے جو صفت دائمی بیان کرے جیسے حُبْکیٰ زُیْزیٰ

فعلی تفضیلی: وہ فعلی ہے جسمیں دوسرے کی نسبت مصدری معنیٰ کی زیادتی پائے جائے جیسے ضُرْبیٰ.

فعلی صفتی اور فعلی تفضیلی میں دو طرح کا فرق ہے۔

اول: فعلی تفضیلی کا استعمال تین چیزوں میں سے کسی ایک کے ساتھ ہوتا ہے۔
۱۔ الف لام کے ساتھ ۲۔ اضافت کے ساتھ ۳۔ من کے ساتھ جبکہ فعلی صفتی کا استعمال ان میں سے کسی کے ساتھ بھی نہیں ہوتا ہے۔

دوم: دوسرا فرق فعلی صفتی اور تفضیلی میں معنوی ہے وہ یہ ہیکہ فعلی صفتی صفت دائمی کو بیان کرتا ہے جبکہ فعلی تفضیلی صفت دائمی کو بیان نہیں کرتا۔

اس قانون کا نام ہے یُوْسَرُ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ یاء ساکن ظاہر فاء کلمہ باب افتعال کے مقابلہ میں نہ ہو اور اسکا ماقبل مضموم ہو تو ایسی یاء کو واؤ کے ساتھ تبدیل کرنا واجب ہے۔ بشرطیکہ اُفْعَلُ. فُعلاءُ صفتی کے جمع میں نہ ہو اور فُعْلیٰ صفتی میں نہ ہو جیسے یُیْسَرُ سے یُوْسَرُ.

فائدہ : ہم نے کہا کہ فاء کلمہ باب افتعال میں نہ ہو اگر ہو گی تو اس یاء کو تا کر کے تاء کو تا میں ادغام کرنا واجب ہے۔ جیسے اُیْتُسِرَ سے اُتُّسِرَ اور ہم نے کہا تھا کہ اَفْعَلُ فَعْلَاءُ صفتی کے جمع اور فُعلی صفتی میں نہ ہو اگر ہو گا تو وہاں بھی یہ قانون جاری نہیں ہو گا بلکہ ایسی یاء کے ماقبل کے ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کرنا واجب ہے جیسے اَبْیَضُ ' بَیْضَاءُ ' بُیْضٌ کو بِیْضٌ پڑھنا واجب ہے اور فعلی صفتی کی مثال جیسے حُیْکیٰ کو حِیْکیٰ پڑھنا واجب ہے۔

باب دوم

صرف صغیر ثلاثی مجرد مثال یائی از باب فَعَلَ یَفْعَلُ چون اَلْیَنْعُ

یَنَعَ یَیْنَعُ یَنْعًا فهو یَانِعٌ یُنِعَ یُوْنَعُ یَنْعاً فذاك مَیْنُوعٌ لَمْ یَیْنَعْ لَمْ یُوْنَعْ لایَیْنَعُ لایُوْنَعُ لَنْ یَیْنَعَ لَنْ یُوْنَعَ لَیَیْنَعَنَّ لَیُوْنَعَنَّ لَیَیْنَعَنْ لَیُوْنَعَنْ الامر منه اِیْنَعْ لِتُوْنَعْ لِیَیْنَعْ لِیُوْنَعْ والنهی عنه لاتَیْنَعْ لاتُوْنَعْ لایَیْنَعْ لایُوْنَعْ الظرف منه مَیْنَعٌ والآلة منه مِیْنَعٌ ومِیْنَعَةٌ ومِیْنَاعٌ وافعل التفضیل المذکر منه اَیْنَعُ والمؤنث منه یُنْعیٰ وفعل التعجب منه مَا اَیْنَعَهُ واَیْنِعْ بِهٖ ویَنُعَ ۔

باب سوم

صرف صغیر ثلاثی مجرد مثال یائی از باب فَعِلَ یَفْعِلُ چون اَلْیَتْمُ

یَتِمَ یَیْتِمُ یَتْمًا فهو یَتِیْمٌ و یُتِمَ یُوْتَمُ یَتْمًا فذاك مَیْتُوْمٌ لَمْ یَیْتِمْ لَمْ یُوْتَمْ لایَیْتِمُ لایُوْتَمُ لَنْ یَیْتِمَ لَنْ یُوْتَمَ لَیَیْتِمَنَّ لَیُوْتَمَنَّ لَیَیْتِمَنْ لَیُوْتَمَنْ الامر منه اِیْتِمْ لِتُوْتَمْ لِیَیْتِمْ لِیُوْتَمْ والنهی عنه لاتَیْتِمْ لاتُوْتَمْ لایَیْتِمْ لایُوْتَمْ الظرف منه مَیْتِمٌ والآلة منه مِیْتَمٌ ومِیْتَمَةٌ ومِیْتَامٌ وافعل التفضیل المذکر منه اَیْتَمُ والمؤنث منه یُتْمیٰ وفعل التعجب منه ما اَیْتَمَهُ واَیْتِمْ به ویَتُمَ ۔

باب چہارم

صرف صغیر ثلاثی مجرد مثال یائی از باب فَعِلَ یَفْعَلُ چون الیُبْسُ.

يَبِسَ يَيْبَسُ يُبْساً فهو يَابِسٌ ويُبِسَ يُوبَسُ يُبْساً فذاك مَيْبُوسٌ لَمْ يَيْبَسْ لَمْ يُوبَسْ لايَيْبَسُ لايُوبَسُ لَنْ يَيْبَسَ لَنْ يُوبَسَ لَيَيْبَسَنَّ لَيُوبَسَنَّ لَيَيْبَسَنْ لَيُوبَسَنْ الامر منه اِيْبَسْ لِتُوبَسْ لِيَيْبَسْ لِيُوبَسْ والنهى عنه لاتَيْبَسْ لاتُوبَسْ لايَيْبَسْ لايُوبَسْ الظرف منه مَيْبَسٌ والآلة منه مِيبَسٌ ومِيبَسَةٌ ومِيبَاسٌ وافعل التفضيل المذكر منه اَيْبَسُ والمؤنث منه يُبْسَى وفعل التعجب منه مَا اَيْبَسَهُ واَيْبِسْ به ويَبُسَ.

باب پنجم

صرف صغیر ثلاثی مجرد از باب فَعُلَ یَفْعُلُ چون الیُسْرُ

يَسُرَ يَيْسُرُ يُسْرًا فهو يَسِيرٌ لَمْ يَيْسُرْ لايَيْسُرُ لَنْ يَيْسُرَ لَيَيْسُرَنَّ لَيَيْسُرَنْ الامر منه اُوْسُرْ لِيَيْسُرْ والنهى عنه لاتَيْسُرْ لايَيْسُرْ الظرف منه مَيْسِرٌ والآلة منه مِيْسَرٌ ومِيْسَرةٌ ومِيْسَارٌ وافعل التفضيل المذكر منه اَيْسَرُ والمؤنث منه يُسْرىٰ وفعل التعجب منه ما اَيْسَرهُ واَيْسِرْ به ويَسُرَ.

ابواب ثلاثی مزید

باب اول

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ مثال یائی از باب افعال چون الأِيسَارُ

اَيْسَرَ يُوسِرُ اِيْسَاراً فهو مُوسِرٌ و اُوسِرَ يُوسَرُ اِيْسَاراً فذاك مُوسَرٌ لَمْ يُوسِرْ لَمْ يُوسَرْ لايُوسِرُ لايُوسَرُ لَنْ يُوسِرَ لَنْ يُوسَرَ لَيُوسِرَنَّ لَيُوسَرَنَّ لَيُوسِرَنْ لَيُوسَرَنْ الامر منه اَيْسِرْ لِتُوسَرْ لِيُوسِرْ لِيُوسَرْ والنهى عنه لاتُوسِرْ لاتُوسَرْ

لایوسر لایُوسر الظرف منه مُوسر مُوسر مُوسران مُوسرات.

باب دوم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ مثال یائی ازباب تفعیل چوں التَّیْسِیْرُ

یسّر یُیسّرُ تیْسیْرا فهو مُیسّرٌ ویُسِّر یُیسّرُ تیْسیْرا فذاك مُیسّرٌ لمْ یُیسّرلمْ یُیسّرْ لایُیسّرُ لایُیسّرُ لنْ یُیسّر لنْ یُیسّر لیُیسّرنّ لیُیسّرنّ لیُیسّرنْ لَیُیسّرنْ الامر منه یَسّرْ لتُیسّرْ لیُیسّرْ لیُیسّرْ والنهی عنه لاتُیسّرْ لاتُیسّرْ لایُیسّرْ لایُیسّرْ الظرف منه مُیسّرٌ مُیسّرٌ مُیسّران مُیسّرات.

نوٹ: باب سوم و چہارم صفحہ ۱۲ پر ملاحظہ فرمائیں

باب پنجم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ مثال (یائی) ازباب تفاعُل چوں التَّیامُنُ

تیامن یتیامن تیامُنا فهو مُتیامنٌ وتُیُومن یُتیامن تیامُنا فذاك مُتیامنٌ لمْ یتیامنْ لمْ یُتیامنْ لایتیامنُ لایُتیامنُ لنْ یتیامن لنْ یُتیامن لیتیامننّ لیُتیامننّ لیتیامننْ لَیُتیامننْ الامرمنه تیَامنْ لتتیامنْ لیتیَامنْ لیُتیامنْ والنهی عنه لاتتیَامنْ لاتُتیامن لایتیامنْ لایُتیامنْ الظرف منه مُتیامنٌ مُتیمنان مُتیامَنات.

باب ششم

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ مثال یائی ازباب افتعال چوں الاِتِّسَارُ

اتّسر یتّسرُ اتّسارا فهو مُتّسرٌ اُتُّسر یُتّسرُ اتّسارا فذاك مُتّسرٌ لمْ یتّسرْ لمْ یُتّسرْ لایتّسرُ لایُتّسرُ لنْ یتّسرلنْ یُتّسر لیتّسرنّ لیُتّسرنّ لیتّسرنْ لیُتّسرنْ الامر منه اتّسرْ لتتّسرْ لیتّسرْ لیُتّسرْ والنهی عنه لاتتّسرْ لاتُتّسرْ لایتّسرْ لایُتّسرْ الظرف منه مُتّسر مُتّسران مُتّسرات.

باب ہفتم

اِسْتِفْعَالٌ چون اَلاِسْتِیْسَارُ

اِسْتَیْسَرَ یَسْتَیْسِرُ اِسْتِیْسَاراً فهو مُسْتَیْسِرٌ واُسْتُوْسِرَ یُسْتَیْسَرُ اِسْتِیْسَاراً فذاك مُسْتَیْسَرٌ لَمْ یَسْتَیْسِرْ لَمْ یُسْتَیْسَرْ لایَسْتَیْسِرُ لایُسْتَیْسَرُ لَنْ یَسْتَیْسِرَ لَنْ یُسْتَیْسَرَ لَیَسْتَیْسِرَنَّ لَیُسْتَیْسَرَنَّ لَیَسْتَیْسِرَنْ لَیُسْتَیْسَرَنْ الامرمنه اسْتَیْسِرْ لِتُسْتَیْسَرْ لِیَسْتَیْسِرْ لِیُسْتَیْسَرْ والنهی عنه لاتَسْتَیْسِرْ لاتُسْتَیْسَرْ لایَسْتَیْسِرْ لایُسْتَیْسَرْ الظرف منه مُسْتَیْسَرٌ مُسْتَیْسَرَان مُسْتَیْسَرَاتٌ .

قوانین اجوف

تعلیل : قَالَ اصل میں قَوَلَ تھاواؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے تبدیل کیاتو قَوَلَ سے قَالَ بن گیا۔

قانون

هر واؤیا یا متحرك بحركة لازمی كه ماقبلش مفتوح باشد ، از آن یك كلمه بالف بدل شود وجوباً ، بشرطیكه آن واؤ و یا مقابله فاء كلمه و عین كلمه ناقص و در حكم عین كلمه ناقص نباشد و مابعدش مده زائده كه لازم بود تحقق و سكون او وحرف تثنیه والف جمع مؤنث سالم و یائے نسبت و نون تاكید نباشد و آن كلمه بروزن فَعْلانٌ وفَعْلیٰ وبمعنے آن كلمه كه درآن تعلیل نیست نباشد.

اس قانون کا نام ہے قَالَ بَاعَ کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ جس صیغہ میں اٹھارہ شرائط پائی جائیں گی وہاں واؤاور یاء کوالف سے تبدیل کرنا واجب ہو گا۔

(۱) واؤاور یاء متحرک ہوں اگر ساکن ہونگے تو قانون جاری نہیں ہوگا احترازی مثال قَوْلٌ، بَيْعٌ۔

(۲) اس واؤاور یاء کی حرکت لازمی ہو یعنی ان کی حرکت اصلی ہو احترازی مثال لَوِاسْتَطَعْنَا، دعوُ الله.

(۳) ما قبل اس واؤیاء کا مفتوح ہو احترازی مثال قُولَ، بِيعَ، قِوالٌ، بيِاعٌ.

(۴) ایک ہی کلمہ ہو احترازی مثال فَوَعَدَ، سَيَقُوْلُ۔

(۵) وہ واؤاور یاء فاء کلمہ کے مقابلے میں نہ ہوں احترازی مثال تَوَعَّدَ، تَيَسَّرَ۔

(۶) وہ واؤ اور یاء لفیف حقیقی کے عین کلمہ میں نہ ہو احترازی مثال قَوِىَ، حَيِىَ

(۷) وہ واؤاور یاء ناقص مکرر لام کے پہلے لام کلمہ کے مقابلے میں نہ ہو احترازی مثال اِرْعَوَوَ.

(۸) وہ واؤاور یاء عین کلمہ میں حرف صحیح سے تبدیل شدہ نہ ہو احترازی مثال شَيَرَةٌ جو اصل میں شَجَرَةٌ تھا۔

فائدہ : اگر وہ واؤاور یاء لام کلمہ میں حرف صحیح سے تبدیل شدہ ہو گا تو وہاں قانون جاری ہو گا جیسے دسّٰی جو اصل میں دسّسَ تھا۔

(۹) وہ واؤ اور یاء ملحق کلمہ کے عین کلمہ میں نہ ہوں احترازی مثال قَوَلْوَلٌ، بَيَعُوْعٌ جو ملحق ہے طَرَبُوْسٌ سے۔

(۱۰) وہ واؤاور یاء فعل غیر متصرف کے عین کلمہ کے مقابلے میں نہ ہو احترازی مثال قَوُلَ بَيُعَ.

(۱۱) اس واؤاور یاء کے بعد ایسا مدہ زائدہ نہ ہو جسکا ثبوت اور سکون لازمی ہو۔ ثبوت اور سکون کے لازمی ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس مدہ زائدہ کا اسی جگہ ہونا اور اسکو ساکن پڑھنا لازمی ہو احترازی مثال بَیَاضٌ ' غَیُورٌ۔

(۱۲) اس واؤاور یاء کے بعد الف تثنیہ کا نہ ہو احترازی مثال دَعَوَا . رَمَیَا۔

(۱۳) اس واؤاور یاء کے بعد الف جمع مؤنث سالم کا نہ ہو احترازی مثال دَعَوَاتٌ ' رَحَیَاتٌ.

(۱۴) اس واؤاور یاء کے بعد نون تاکید کا نہ ہو چاہے ثقیلہ ہو یا خفیفہ احترازی مثال اِخْشَیَنَّ ' اِخْشَیَنْ۔

(۱۵) اس واؤاور یاء کے بعد یاء نسبت نہ ہو احترازی مثال رَحَوِیٌّ ' یدَیِیٌّ۔

(۱۶) وہ واؤ اور یاء ایسے کلمہ میں نہ ہو جو فَعَلاَنٌ کے وزن پر ہو احترازی مثال حَیَوَانٌ ' مَوَتَانٌ۔

(۱۷) وہ واؤ اور یاء ایسے کلمہ میں نہ ہو جو فَعَلیٰ کے وزن پر ہو احترازی مثال صَوَرَیٰ ' حَیَدَیٰ.

(۱۸) وہ واؤاور یاء ایسے کلمہ میں نہ ہو جو رنگ اور عیب کے معنی میں ہو احترازی مثال عَوِرَ ' عَیِنَ.

جہاں یہ سب شرائط پائی جائیں وہاں واؤاور یاء کو الف سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ جیسے قَوَلَ اور بَیَعَ کو قَالَ اور بَاعَ پڑھنا واجب ہے۔

تعلیل : قُلْنَ اصل میں قَوَلْنَ تھا واؤ متحرک ما قبل مفتوح واؤ کو الف سے تبدیل کیا قَالَ بَاعَ کے قانون سے تو قَالْنَ ہو گیا۔ پس التقائے ساکنین ہوا الف اور لام کے درمیان اول مدہ تھا اسکو قُلْنَ کے پہلے قانون سے حذف کیا اور فاء کلمہ کو قُلْنَ کے دوسرے قانون سے حرکت ضمہ دی تو قُلْنَ بن گیا۔

فائدہ: التقائے ساکنین کے لغوی معنی ہے دو دو ساکنوں کا اکٹھا ہونا۔ اصطلاحی معنی یہ ہیکہ ساکنوں کا اکٹھا ہونا، چاہے دو ہوں یا زیادہ۔ زیادہ کی مثال **دوَابٌّ** یہاں حالت وقف میں تین ساکن ہونگے۔

التقائے ساکنین کی دو قسمیں ہیں ۔ (۱) التقائے ساکنین علی حدہ (۲) اور التقائے ساکنین علی غیر حدہ۔

التقائے ساکنین علی حدہ: وہ ہے جسمیں تین شرائط اکٹھی پائی جائیں۔
(۱) ساکن اول مدہ یا یائے تصغیر ہو (۲) ساکن ثانی مدغم ہو (۳) ایک کلمہ میں ہو۔
ساکن اول مدہ ہو اسکی مثال احْمارّ دو ساکن ہیں ایک الف دوسرا راء مدغم یائے تصغیر کی مثال جیسے خُوَیْصَّۃٌ جو اصل میں خُوَیْصِصَۃٌ تھا پہلے صاد کو ساکن کر کے دوسرے صاد میں ادغام کیا تو خویصّۃٌ بن گیا۔ یہاں ساکن اول یائے تصغیر ہے اور ساکن ثانی مدغم ہے۔

التقائے ساکنین علی غیر حدہ

وہ ہے کہ جسمیں تین شرائط مذکورہ اکٹھی پائی جائیں۔ پھر التقائے ساکنین علی غیر حدہ کی کل سات صورتیں ہیں، تین وہ صورتیں ہیں جس میں ایک ایک شرط نہ پائی جائے۔ تین وہ صورتیں ہیں جن میں دو دو شرائط نہ پائی جائیں اور ایک وہ صورت ہے جسمیں تینوں شرطیں نہ پائی جائیں۔

اول: جسمیں پہلی شرط نہ پائی جائے اور دوسری اور تیسری شرط پائی جائے جیسے **یَخِصِّمُونَ** اس میں دو ساکن خاء اور صاد مدغم ہیں۔

دوم: جسمیں دوسری شرط نہ پائی جائے اور پہلی اور تیسری شرط پائی جائے جیسے **قَالْنَ** اسمیں الف اور لام ساکن ہیں۔

سوم: جسمیں تیسری شرط نہ پائی جائے اور پہلی اور دوسری شرط پائی جائے جیسے

اضربونَ اسمیں واؤاور نون مدغم ساکن ہیں۔

چہارم : جسمیں پہلی اور دوسری شرط نہ پائی جائے اور تیسری شرط پائی جائے جیسے مُدّ صیغہ امر اسمیں دو ساکن دو دال ہیں۔

پنجم : جسمیں پہلی شرط پائی جائے باقی دو شرطیں نہ پائی جائیں جیسے اضربُو القوم اسمیں دو ساکن واؤاور لام ہیں۔

ششم : جسمیں پہلی اور تیسری شرط نہ پائی جائے صرف دوسری شرط پائی جائے جیسے لیدْعونّ اسمیں دو ساکن واؤاور نون مدغم ہیں۔

ہفتم : جسمیں سب شرطیں نہ پائی جائیں جیسے قُل الحقّ اسمیں دو ساکن دو لام ہیں۔

فائدہ : التقائے ساکنین علی حدہ کی دو قسمیں ہیں۔ وقفی اور غیر وقفی۔

وقفی : التقائے ساکنین علی حدہ وقفی اسے کہتے ہیں کہ پہلے سے دو ساکن موجود ہیں اور وقف کی وجہ سے تین ہو جائیں جیسے دوابّ وقف کی حالت میں۔

غیروقفی : التقائے ساکنین علی حدہ غیر وقفی اسے کہتے ہیں جسمیں دو ساکن موجود ہیں اور وقف کی وجہ سے تین نہ ہوں خُوَیصّةٌ ۔

اور التقائے ساکنین علی غیر حدہ کی بھی دو قسمیں ہیں وقفی اور غیر وقفی۔

وقفی : التقائے ساکنین علی غیر حدہ وقفی اسے کہتے ہیں کہ وقف کی وجہ سے دو ساکن اکٹھے ہو جائیں تبّ حالت وقف میں۔

غیروقفی : التقائے ساکنین علی غیر حدہ غیر وقفی اسے کہتے ہیں کہ وقف سے پہلے دو ساکن موجود ہوں جیسے قَالَنّ ۔

قانون

التقائے ساکنین بر دو قسم است علی حدّہٖ وعلی غیر حدّہ، علی حدّہ آنکہ ساکن اوّل مدہ یا یائے تصغیر و ساکن ثانی

مدغم ووحدة کلمه باشد و ماسوی این علی غیر حدّهٖ ایست و حکم علی حده خواندن ساکنین است مطلقاً و حکم علی غیر حده خواندن ساکنین است در حالت وقف و نه خواندن ساکنین در حالت غیر وقف پس درین حالت غیر وقف اگر ساکن اوّل مدّه یا نون خفیفه باشد حذف کرده می شود اتفاقاً سوائے سه جا در اجوف یعنی مصدر باب اِفْعَال و اِسْتِفْعَال و اسم مفعول چراکه درین جا اختلاف است بعضے صرفیان اولیٰ را حذف می کنند و بعضے ثانی را و اگر ساکن اول مده یا نون خفیفه نباشد حرکت داده شود ساکنے که در آخر کلمه است و اگر در آخر نباشد اوّل را کسره زیرا که کسره در تحریك ساکن اصل است و غیر او سبب عارض.

اس قانون کا نام ہے التقائے ساکنین یا قُلْن کا پہلا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ التقائے ساکنین کی دو قسمیں ہیں۔ ایک التقائے ساکنین علی حدہ دوسرا التقائے ساکنین علی غیر حدہ۔

التقائے ساکنین علی حدہ کا حکم یہ ہیکہ دونوں ساکنوں کا پڑھنا واجب ہے چاہے وہ التقائے ساکنین وقفی ہو یا غیر وقفی مثال دوابُّ خویصَّۃٌ۔

اور التقائے ساکنین علی غیر حدہ وقفی ہوگا یا غیر وقفی۔

اگر وقفی ہوگا تو اسکا حکم بھی یہی ہے کہ دونوں ساکنوں کا پڑھنا واجب ہے جیسے تَبَّ اور اگر التقائے ساکنین علی غیر حدہ غیر وقفی ہے تو ان کے تین حکم ہیں۔

حکم نمبر ا :۔ دونوں ساکنوں میں سے پہلے ساکن کو حذف کرنا واجب ہے بشرطیکہ پہلا ساکن مدہ یا نون خفیفہ کا ہو۔ پہلا ساکن مدہ ہو اسکی مثال قَالُنَ ۔ پہلا ساکن نون خفیفہ ہو اسکی مثال لاتُہِیْنَنِ الْفَقِیْرَ ان دونوں کو اس قانون سے قُلْنَ اور لاتُہِنَ الْفَقِیْرَ پڑھا جائے گا۔

حکم نمبر ۲ :۔ یہ ہیکہ دونوں ساکنوں میں سے آخر کلمہ والے ساکن کو حرکت دینا واجب ہے چاہے آخر کلمہ میں پہلا ساکن ہو یا دوسرا ساکن بشرطیکہ پہلا ساکن مدہ یا نون خفیفہ کا نہ ہو۔ اور دونوں ساکنوں میں سے کوئی ساکن آخر کلمہ میں ہو۔ پہلا ساکن آخر کلمہ میں ہو اسکی مثال قُلِ الحِقَّ جو اصل میں قُل الْحقَّ تھا۔ دونوں ساکنوں میں دوسرا ساکن آخر کلمہ میں ہو اسکی مثال مُدَّ جو اصل میں تمْدُدُ تھا' تا حرف مضارعت کو حذف کیا اور آخر کو وقف کیا تو التقائے ساکنین ہو گیا۔ اب دونوں ساکنوں میں سے دوسرا ساکن آخر کلمہ میں ہے تو بعضے صرفی دوسرے ساکن کو حرکت فتحہ دیکر مُدَّ پڑھتے ہیں اور بعض عین کو حرکت کسرہ دیکر مُدِّ پڑھتے ہیں اور بعض عین کی مناسبت کی وجہ سے حرکت ضمہ دیکر مُدُّ پڑھتے ہیں اور بعض صرفی ادغام کھول کر اُمدُدْ پڑھتے ہیں۔

فائدہ :۔ التقائے ساکنین کی وجہ سے جب حرکت دیجاتی ہے تو حرکت کسرہ دیجاتی ہے اسلیئے کہ حرکت کسرہ اصل ہے۔ حرکت کسرہ کے علاوہ کوئی اور حرکت دی جائے گی تو کسی عارض کی وجہ سے جیسے دَعوُاللہ کے اندر حرکت ضمہ دی گئی واؤ کی مناسبت کی وجہ سے۔

حکم نمبر ۳۔ یہ ہیکہ دونوں ساکنوں میں سے پہلے ساکن کو حرکت دینا واجب ہے۔ بشرطیکہ پہلا ساکن مدہ اور نون خفیفہ کا نہ ہو۔ اور دونوں ساکن درمیان کلمہ

میں ہوں۔ جیسے یخِصِّمُونَ جو اصل میں یَختَصِمُونَ تھا۔ خَصَّمَ کے قانون سے تاء افتعال کو صاد کیا پھر پہلے صاد کو ساکن کر کے دوسرے صاد میں ادغام کیا تو التقائے ساکنین ہو گیا خاء اور صاد کے درمیان تو اس قانون سے پہلے ساکن خاء کو حرکت کسرہ دی تو یخصِّمُونَ بن گیا۔

فائدہ :۔ دونوں ساکنوں میں سے جب پہلا مدہ ہو تو پہلے ساکن کو حذف کرنا واجب ہے مگر تین جگہوں میں اختلاف ہے اول اجوف واوی کی مصدر باب افعال دوم اجوف واوی کی مصدر باب استفعال اور سوم اجوف واوی کا اسم مفعول جیسے اقامۃ ، استقامۃ ، مقولٌ جو اصل میں اقوامٌ ، استقوامٌ اور مقوُولٌ تھے۔ اقوامٌ اور استقوامٌ میں واؤ متحرک ما قبل حرف صحیح ساکن تھا تو واؤ کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو دی اور واؤ کو الف کے ساتھ تبدیل کیا تو التقائے ساکنین ہو گیا اب بعض صرفی پہلے الف کو حذف کرتے ہیں کیونکہ دوسرا علامت ہے اور علامت کو حذف نہیں کیا جاتا اور بعض صرفی دوسرے ساکن کو حذف کرتے ہیں۔ کیونکہ پہلا اصلی ہے۔ بہر حال جسکو بھی حذف کیا جائے گا اسکے عوض اسکے آخر میں تا متحرک کو لا کر تنوین کو اسپر جاری کریں گے تو اقوامٌ ، استقوامٌ سے اقامۃ اور استقامۃ بن جائے گا۔

مقُولٌ اصل میں مقوُولٌ تھا واؤ پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ما قبل کو دیا تو التقائے ساکنین ہو گیا پہلا مدہ تھا۔ اسکے حذف کرنے میں اختلاف ہے بعض صرفی پہلے ساکن کو حذف کرتے ہیں کیونکہ دوسرا علامت ہے اور بعض صرفی دوسرے کو حذف کرتے ہیں کیونکہ پہلا اصلی ہے۔ بہر حال جسکو بھی حذف کیا جائے تو مقولٌ بن جائے گا۔ اگر پہلے ساکن کو حذف کیا جائے تو وزن ہو گا اِفَالَۃٌ ، اِستِفَالَۃٌ ، مَفُولٌ اور اگر دوسرے کو حذف یا جائے تو وزن ہو گا اِفعَلَۃٌ ، اِستِفعَلَۃٌ ، مَفُعلٌ

قانون

ہر واؤ غیر مکسور کہ در ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف الف شدہ بیفتد فا کلمہ او را حرکت ضمہ می دھند وجوبا.

اس قانون کا نام ہے قُلْن کا دوسرا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ جو ایسا واؤ مضموم یا مفتوح جو اجوف کے ثلاثی مجرد کے ماضی معلوم میں الف ہو کر گر جائے گا تو اسکے فاء کلمے کو حرکت ضمہ دینا واجب ہوگا۔ جیسے قُلْن ، طُلْن جو اصل میں قولن اور طولن تھے۔ واؤ متحرک ما قبل مفتوح واؤ کو الف سے تبدیل کیا قال باع کے قانون سے پس التقائے ساکنین ہو گیا پہلا مدہ تھا اسکو حذف کر دیا قُلْن کے پہلے قانون سے اور فاء کلمہ کو حرکت ضمہ دی اس قانون سے تو قُلْن اور طُلْن بن گئے۔

قانون

ہر واؤ مکسور ویائے مطلقا کہ در ماضی معلوم ثلاثی مجرد الف شدہ باشد بیفتد فاء کلمہ او را حرکت کسرہ می دھند وجوباً.

اس قانون کا نام ہے بِعْن ، خِفْن کا قانون

اس قانون کا خلاصہ یہ ہیکہ واؤ مکسور اور یاء مطلقا یعنی مضموم یا مفتوح یا مکسور ہو اور اجوف کے ثلاثی مجرد کے ماضی معلوم میں الف ہو کر گر جائے تو فاء کلمہ کو حرکت کسرہ دینا واجب ہے۔ واؤ مکسور کی مثال خِفْن جو اصل میں خوِفْنَ تھا اور یاء مفتوح کی مثال بِعْن جو اصل میں بیعْن تھا اور یاء مضموم کی مثال ھِئن جو اصل

میں هَيْيَنٌ تھا۔ اور یاء مکسور کی مثال طَیْنٌ جو اصل میں طَیِّنٌ تھا۔
تعلیل :قِیلَ اصل میں قُوِلَ تھا کسرہ واؤ پر ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل کو دیا اور واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو قُوِلَ سے قِیلَ بن گیا۔
تعلیل :یقولُ اصل میں یَقْوُلُ تھا ضمہ واؤ پر ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل کو دیا تو یَقْوُلُ سے یَقُوْلُ بن گیا۔

نوٹ :۔ قانون سے پہلے چند فائدوں کا جاننا ضروری ہے۔

فائدہ نمبر ۱ : متوسط کے لغوی معنی ہیں درمیان کا اہم ، اور اصطلاح میں ایک واؤ کو کہتے ہیں جو عین کلمہ کے مقابلے میں ہو۔ متوسط کی دو قسمیں ہیں حقیقی اور حکمی

متوسط حقیقی :۔ متوسط حقیقی وہ ہے کہ اسکے عین کلمہ کے مقابلے میں واؤ یا یاء ہو جیسے یقولُ ، یبیعُ ۔

متوسط حکمی :۔ متوسط حکمی وہ ہے کہ اسکے لام کلمہ کے مقابلے میں واؤ یا یاء ہو جو اسکی ضمیر فاعل یا علامت فاعل ہو ضمیر فاعل کی مثال یَدْعُوْنَ ' یرمیُونَ علامت فاعل کی مثال دَاعِوُنَ ' رَامِیُونَ ۔

فائدہ نمبر ۲:۔ فعل کی دو قسمیں ہیں، فعل متصرف اور فعل غیر متصرف

فعل متصرف :۔ فعل متصرف اسے کہتے ہیں جسکی پوری گردانیں آئیں۔

فعل غیر متصرف :۔ فعل غیر متصرف اسے کہتے ہیں جسکی پوری گردانیں نہ آئیں جیسے قَوْل ' بَیْع ۔

فائدہ نمبر ۳ :۔ متعلقات فعل کہتے ہیں اسم فاعل ' مفعول 'صفت مشبہ ' اسم ظرف ' اسم مبالغہ وغیرہ کو۔

فائدہ نمبر ۴ :۔ فُعل کی دو قسمیں ہیں (۱) فُعل حقیقی (۲) فُعل حکمی۔

فعل حقیقی :۔ فُعل حقیقی کی مثال قُول ، بُیع ۔

فعل حکمی :۔ فُعِلَ حکمی اسے کہتے ہیں کہ جو کچھ حروف کے حذف کرنے کے بعد صیغہ فعل کے وزن پر آجائے جیسے اُجْتُوِبَ ، اُخْتُیِرَ سے اُجْ اور اُخْ کو حذف کیا تو تُوِب اور تُیِر فُعِل کے وزن پر بن گئے۔

فائدہ نمبر ۵ :۔تَفْعُلِیْنَ اور تَفْعِلِیْنَ ناقص ایسے صیغے کو کہتے ہیں جو ناقص میں تفعُلِین ' تفعلِین کے وزن پر ہو۔

فائدہ نمبر ۶ :۔ ہمزہ تیسرے حرف کا تابع ہوتا ہے۔ اگر تیسرا حرف مضموم ہو تو ہمزہ بھی مضموم ہوگا اگر تیسرا حرف مکسور تو ہمزہ بھی مکسور ہوگا۔

قانون

ہر واؤ و یا مضموم یا مکسور متوسط یا در حکم متوسط که دراصل سلامت نمانده شد و در ناقص ثلاثی مجرد مطلقاً در فعل متصرف باشد یا در متعلقات وے بجز فعل حقیقی یا حکمی از اجوف و تفعلین ناقص.

اس قانون کا نام ہے قِیلَ ' بِیْعَ ' یقُولُ ' یَبِیْعُ کا قانون

اس قانون کے چھ حکم ہیں۔

حکم نمبر ا : واؤ یا یاء کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو دینا واجب ہے۔

حکم نمبر ۲ : واؤ یا یاء کی حرکت کو نقل کر کے ما قبل کو دینا جائز ہے۔

حکم نمبر ۳ :واؤ یا یاء کی حرکت کو نقل کر کے ما قبل کو دے کر اشمام پڑھنا جائز ہے۔

حکم نمبر ۴ :۔واؤ یا یاء کی حرکت کو حذف کرنا جائز ہے۔

حکم نمبر ۵ :۔واؤ یا یاء کی حرکت کو نقل کر کے ما قبل کو دینا بھی جائز ہے اور حرکت کو باقی رکھنا بھی جائز ہے۔

حکم نمبر ۶ :۔ یاء کے ضمہ کو نقل کرکے ماقبل کو دیکر اس ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کرنا واجب ہے۔

نوٹ :۔ پہلے حکم کیلئے بارہ شرطیں ہیں۔

شرط نمبر ۱ : وہ واؤ اور یاء مضموم یا مکسور ہو احترازی مثال قول ' بیع ۔

شرط نمبر ۲ : وہ واؤ اور یاء متوسط حقیقی یا حکمی میں ہو احترازی مثال یدعو ' یرمی

شرط نمبر ۳ : وہ واؤ اور یاء متوسط حقیقی میں ہے تو اسکی ماضی میں تعلیل ہو احترازی مثال یعْوِزُ ' یصْیِدُ ۔

شرط نمبر ۴ : وہ واؤ اور یاء فعل متصرف یا متعلقات فعل میں ہو احترازی مثال قَوْلَ بَیْعَ ۔

شرط نمبر ۵ : وہ واؤ اور یاء فُعلَ حقیقی یا حکمی میں نہ ہو احترازی مثال قُوِلَ ' بُیِعَ اُجْتُوِبَ ' اُخْتُیِرَ ۔

شرط نمبر ۶ : وہ واؤ اور یاء تَفْعُلِیْنَ ' تفْعِلِیْنَ ناقص میں نہ ہوں احترازی مثال تَدْعُوِیْنَ ' ترمِیِیْنَ ۔

شرط نمبر ۷ : وہ یاء اجوف یائی کے اسم مفعول میں نہ ہوں احترازی مثال مبْیُوْعٌ

شرط نمبر ۸ :۔ اس واؤ اور یاء کا ماقبل مفتوح نہ ہو احترازی مثال طوِیْل ، غیُوْرٌ

شرط نمبر ۹ : وہ واؤ اور یاء الف کے بعد نہ ہوں احترازی مثال قاوِلٌ ' بایِعٌ ۔

شرط نمبر ۱۰ : وہ واؤ اور یاء ہمزہ سے تبدیل شدہ نہ ہو احترازی مثال یستَہْزِیُوْنَ ' یجْزِوُوْنَ جو اصل میں یسْتَہْزِؤُوْنَ ویجْزِؤُوْنَ تھے۔

شرط نمبر ۱۱ : اس واؤ یا یاء کی حرکت ہمزہ سے تبدیل (نقل) شدہ نہ ہو احترازی مثال یسُوْ ' یجِیْ جو اصل میں یسُوْءُ ' یجِیْءُ تھے۔

شرط نمبر ۱۲ : وہ واؤ اور یاء ایسے کلمہ میں نہ ہو کہ اسکے ابتداء میں حرف

مضارعت کا ہو اور تعلیل وجوبی کے بعد فعل متعارف کے وزن سے ملتبس ہو جائے احترازی مثال تحْوِیْلٌ ، تسْیِیْرٌ تعلیل وجوبی کے بعد تحیِلٌ ، تسیِرٌ ہو جائیگا۔ پس اسکا التباس ہو جائیگا فعل مضارع کے ساتھ جہاں سب شرائط پائی جائیں اسکی مثالیں یقُوْلُ ، یبِیْعُ ، داعُوْن ، رامُوْن ، یدْعُوْن ، یرْمُوْن جو اصل میں یقْوُلُ ، یبْیِعُ ، داعِوُوْن ، رامِیُوْن ، یدْعُوُوْن ، یرْمِیُوْن تھے۔

نوت : دوسرے ، تیسرے ، چوتھے حکم کیلئے پانچ شرطیں ہیں۔

شرط نمبر ۱ : وہ واؤ اور یاء مکسور ہوں۔

شرط نمبر ۲ : وہ واؤ اور یاء متوسط حقیقی میں ہوں۔

شرط نمبر ۳ : اسکے ماضی میں تعلیل ہو۔

شرط نمبر ۴ : فعل متصرف میں ہوں۔

شرط نمبر ۵ : وہ واؤ اور یاء فُعِل حقیقی یا حکمی میں ہوں۔

